اے اللہ بخشدیجئے مجھے اور رحم کیجئے مجھ پر اور ہدایت کیجئے مجھے اور رزق دیجئے مجھے

دعا بوقت مصیبت

مَنْ نَزَلَ بِهٖ كَرْبٌ اَوْ تَوَقَّعَهٗ يَقُوْلُ

جب کوئی مصیبت آن پڑے یا آنے کا اندیشہ ہو تو کہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

کافی ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز ہے اللہ پر بھروسہ کیا ہم نے

Marfat.com

اِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ يَقُوْلُ

اگر کوئی صدمہ پہنچے تو کہے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ

بیشک ہم اللہ کے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں اے اللہ آپ کے پاس میں

اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِيْ مِنْهَا خَيْرًا

ثواب مانگتا ہوں اپنی مصیبت کا پس اجر دینا مجھے اس میں اور بدلہ میں دیجئے مجھے بہتر اس سے

اِذَا خَافَ ظَالِمًا يَقُوْلُ

جب ظالم کا خوف ہو تو پڑھے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَجْعَلُكَ فِيْ

خداوندا جیسے تو چاہے ہماری طرف سے اس کو کافی ہو اے اللہ میں کرتا ہوں آپکو

نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

مقابلہ میں ان کے اور پناہ چاہتا ہوں آپ کی ان کی بدی سے

اِذَا اَذْنَبَ وَاَرَادَ اَنْ يَّتُوْبَ فَلْيَقُلْ

جب کوئی گناہ ہو جائے اور توبہ کرنا چاہے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ وَ

یا اللہ مغفرت آپ کی زیادہ وسیع ہے میرے گناہوں سے اور رحمت

رَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ عَمَلِيْ (ثلاثا)

آپ کی زیادہ امید کی چیز ہے میرے نزدیک اپنے عمل کے (تین بار پڑھے)

اِذَا قَحَطُوْا مَطَرًا يَقُوْلُ

جب بارش کی کمی ہو تو پڑھے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا (ثلاثاً) اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا (ثلاثاً) اَلْحَمْدُ

یا اللہ پانی پلا دیجئے ہمیں (تین بار) یا اللہ مینھ برسائیے ہم پر (تین بار) سب تعریف

لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَالِکِ

اللہ کو جو رب جہانوں کا پروردگار ہے رحمٰن و رحیم والا اور قیامت کا مالک ہے

یَوْمِ الدِّیْنِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِیُّ وَ

خداوندا تو ہی معبود ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو غنی ہے اور

نَحْنُ الْفُقَرَآءُ اَنْزِلْ عَلَیْنَا الْغَیْثَ وَاجْعَلْ

ہم محتاج ہیں ہم پر مینھ برسا خیر اور وہ خیر جو تو ہم پر

مَآ اَنْزَلْتَ عَلَیْنَا قُوَّۃً وَّبَلَاغًا اِلٰی حِیْنٍ اَللّٰھُمَّ

نازل کرے اس کو قوت کا سبب اور ایک وقت تک پہنچنے کا کہ خداوندا

اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا مَرِیْئًا مُرِیْعًا نَافِعًا غَیْرَ ضَآرٍّ

ہم پر ایسا مینھ برسا جو قحط سے بچانیوالا بہت اگانیوالا نفع دینے والا

عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ رَائِثٍ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ

جلدی نہ دیر میں نہ رکا ہوا خداوندا اپنے بندوں

وَبَھَآئِمَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ بَلَدَکَ

اور جانوروں کو سیراب کر اور اپنی رحمت فراخ کر اور اپنے مردہ شہر کو زندہ فرما

الْمَیِّتَ اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا

خداوندا ہماری زمین پر اس کی زینت نازل کر اور اس کے ساکنین کو دلجمعی عنایت فرما

Marfat.com

وَاِذَا رَاٰی سَحَابًا مُّقْبِلًا یَّقُوْلُ

جب ابر آتا دیکھے تو کہے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِہٖ

یا اللہ ہم پناہ چاہتے ہیں آپ کی اس چیز کی۔ برائی سے جس کے ساتھ یہ بھیجا گیا ہو۔

وَاِذَا رَاَی الْمَطَرَ یَقُوْلُ

جب بارش آتی دیکھے تو کہے

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا

یا اللہ برسانا مینہ مفید

فَاِذَا اَکْثَرَ الْمَطَرُ وَخِیْفَ الضَّرَرُ فَلْیَقُلْ

جب بارش زیادہ ہو جاوے اور نقصان کا اندیشہ ہو تو کہے

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَ

یا اللہ برسایئے آس پاس ہمارے اور نہ اوپر ہمارے یا اللہ ٹیلوں پر اور بستیوں پر اور

الْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ؕ

پہاڑوں پر اور وادیوں پر اور درختوں کے موقعوں پر

اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ فَلْیَقُلْ

جب گرج اور کڑک سنے تو یہ کہے

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ

یا اللہ نہ ماریئے ہمیں اپنے غصہ سے اور نہ ہلاک کیجیے ہمیں اپنے عذاب سے

وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ

اور معافی دیجیے ہمیں پہلے ان سے

Marfat.com

اِذَا هَاجَتِ الرِّيْحُ اَوْ كَانَتْ ظُلْمَةٌ فَيَقُوْلُ

جب آندھی چلے یا اندھیری ہو تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ

یا اللہ ہم مانگتے ہیں آپ سے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی

مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا اُمِرَتْ بِهٖ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اسکی جو اس میں ہے اور بھلائی اس کی جسکا اس کو حکم دیا گیا ہے اور پناہ چاہتے ہیں ہم آپ سے

شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِهٖ

برائی سے اس ہوا کی اور برائی سے اس چیز کی جو اس میں ہے اور برائی سے اسکے جس کا اس کو حکم ہے

اِذَا سَمِعَ صِيَاحَ الدِّيْكَةِ فَيَقُوْلُ

جب مرغ کی آواز سنے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ کا فضل

اِذَا سَمِعَ نَهِيْقَ الْحِمَارِ اَوْ نُبَاحَ الْكِلَابِ فَيَقُوْلُ

جب گدھے کی یا کتے کی آواز سنے تو یہ کہے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے

اِذَا رَاَى الْكُسُوْفَ اَوِ الْخُسُوْفَ فَلْيَقُلْ

جب سورج گرہن یا چاند گرہن ہو تو پڑھے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلْيُصَلِّ وَالْيَتَصَدَّقْ وَلْيَدْعُ اللّٰهَ ؛

اللہ بہت بڑا ہے اور نماز پڑھے اور خیرات کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے

Marfat.com

اِذَا رَاَی الْهِلَالَ فَيَقُوْلُ

جب پہلی رات چاند دیکھے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ

یا اللہ نکالنا اس کو ہم پر برکت اور ایمان کے ساتھ اور سلامت

وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى

اور اسلام کے ساتھ اور اعمال مرغوبہ اور پسندیدہ کی توفیق کے ساتھ رب میرا اور تیرا

رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ ؕ

(اے چاند) اللہ ہے

اِذَا نَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ فَلْيَقُلْ

جب چاند پر نظر پڑے تو یہ کہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا الْغَاسِقِ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اس تاریک ہو جانیوالے کی برائی سے

اِذَا رَاَی لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَيَقُوْلُ

جب شب قدر دیکھے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

یا اللہ آپ معاف کرنے والے ہیں پسند کرتے ہیں عفو کو پس درگذر کیجئے مجھ سے

اِذَا نَظَرَ اِلٰى وَجْهِهٖ فِی الْمِرْاٰةِ فَيَقُوْلُ

جب اپنا چہرہ آئینہ میں دیکھے تو کہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ ؕ

یا اللہ آپ نے اچھا بنایا میری صورت کو پس اچھا کر دیجئے میری سیرت کو

Marfat.com

إِذَا رَأَى أَخَاهُ الْمُسْلِمَ يَضْحَكُ فَيَقُولُ

جب اپنے مسلمان بھائی کو ہنستا دیکھے تو کہے

أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ

خدا تعالیٰ تجھکو ہنستا ہی رکھے

إِذَا صَنَعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفٌ قَالَ لِفَاعِلِهِ

جب کوئی احسان کرے تو (شکریہ میں) محسن سے یہ کہے

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا ؛

جزا دے اللہ تجھکو بہتر

إِذَا اسْتَوْفَى دَيْنَهُ

جب اپنا قرض کسی سے وصول پائے

أَوْفَيْتَنِي أَوْفَى اللّٰهُ بِكَ ؛

تو نے میرا حق پورا کیا اللہ تیرا حق پورا کرے

إِذَا رَأَى مَا يُحِبُّ فَيَقُولُ

جب کوئی خوشی پیش آئے تو کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ ؛

شکر ہے اللہ کا جس کے نام سے اچھی چیزیں کمال کو پہنچتی ہیں۔

إِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ فَيَقُولُ

جب کوئی بات خلاف طبع پیش آئے تو کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ ؛

شکر ہے اللہ کا ہر حال میں۔

Marfat.com

إِذَا ابْتُلِيَ بِالْوَسْوَسَةِ فَيَقُوْلُ

جب وسوسہ میں مبتلا ہو تو یہ پڑھے

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی شیطان سے ایمان لایا میں اللہ پر اور اس کے رسول پر

إِذَا غَضِبَ فَلْيَقُلْ

جب غصہ آئے تو پڑھے

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے

إِذَا قَامَ مِنَ الْمَجْلِسِ يَقُوْلُ

جب مجلس سے کھڑا ہو تو پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ

پاکی ہے اللہ کی اس کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرتا ہوں میں تیری حمد کے ساتھ دل سے اقرار کرتا ہوں

أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے بخشش چاہتا ہوں تجھ سے اور توبہ کرتا ہوں تیرے سامنے

إِذَا دَخَلَ السُّوْقَ فَلْيَقُلْ

جب بازار میں پہنچے تو پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ

حق تعالیٰ کے نام سے یا اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اس بازار کی

السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا

اور بھلائی اس چیز کی جو اس میں ہے اور پناہ چاہتا ہوں میں برائی سے اسکی اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے

Marfat.com

وَشَرِّ مَا فِيهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں آپ کی اس سے کہ پڑ جاؤں اس

فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً ۞

بازار میں جھوٹی قسم میں یا کسی معاملہ خسارہ والے میں

اِذَا رَاٰى بَاكُوْرَةَ ثَمَرٍ فَلْيَقُلْ

جب نیا پھل سامنے آئے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا

یا اللہ برکت دیجئے ہمارے پھلوں میں اور برکت دیجئے ہمارے شہر میں اور

وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا

برکت دیجئے ہمارے پیمانے میں اور برکت دیجئے ہمارے ناپ میں

اِذَا رَاٰى مُبْتَلًى يَقُوْلُ فِيْ نَفْسِهٖ

جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھے تو اپنے دل میں کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ

شکر ہے اللہ کا جس نے بچایا مجھکو اس مصیبت سے جس میں تجھے مبتلا کیا اور

فَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا ۞

فضیلت دی مجھکو اپنی مخلوق میں سے بہتیروں پر ظاہر فضیلت

اِذَا ضَاعَ لَهٗ شَيْءٌ اَوْ اَبَقَ فَيَقُوْلُ

جب کچھ جاتا رہے یا کوئی بھاگ جائے تو کہے

اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِيْ

یا اللہ لوٹانے والے گم شدہ چیز کے اور ہدایت کرنے والے گمراہی کے آپ ہی ہدایت کرتے ہیں

Marfat.com

مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَ

گمراہی سے پھیر لائیے میری کھوئی ہوئی چیز کو اپنی قدرت اور

سُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ

اپنے غلبہ سے کیونکہ وہ آپ ہی کا عطیہ اور فضل تھا

اِذَا خَطَرَ شَيْءٌ مِنَ الطِّيَرَةِ بِالْبَالِ فَلْيَقُلْ

جب کسی شگون سے دل میں خطرہ ہو تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَذْهَبُ

یا اللہ نہیں لاتا ہے بھلائیوں کو کوئی سوا آپ کے اور نہیں دور کرتا ہے

بِالسَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

برائیوں کو کوئی سوا آپ کے اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت عبادت کی مگر ساتھ آپ کے

مَنْ اُصِيْبَ بِعَيْنٍ رَقٰى بِقَوْلِهٖ

جس کو نظر لگ جائے اس پر یہ دم کرے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

اللہ کے نام سے اے اللہ دور کر اس کی گرمی اور اس کی سردی اور اس کی تکلیف

يُرْقَى الْمَحْرُوْقُ بِقَوْلِهٖ

جس کا کوئی لا اتر گیا ہو یا جو جل گیا ہو اس پر یہ دم کرے

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ

دور کر تکلیف کو اے پروردگار آدمیوں کے شفا دے تو ہی شافی ہے

الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ

نہیں ہے شفا دینے والا کوئی سوا تیرے

Marfat.com

إِذَا رَأَى الْحَرِيقَ يَقُولُ

جب آگ لگی دیکھے تو کہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (مکرراً)

اللہ بہت بڑا ہے (بار بار کہے)

لِاحْتِبَاسِ الْبَوْلِ وَالْحَصَاةِ يَقُولُ

پیشاب رک جائے یا پتھری ہو تو یہ پڑھے

رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِي فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ أَمْرُكَ

رب ہمارا اللہ ہے جس کا ظہور آسمانوں میں ہے پاک ہے نام تیرا حکم تیرا

فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ

آسمانوں اور زمین میں ہے جیسے کہ رحمت تیری آسمانوں میں اسی طرح کر دے

رَحْمَتَكَ فِي الْأَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوبَنَا وَخَطَايَانَا

رحمت اپنی زمین میں اور بخش دے ہمارے گناہ اور خطائیں تو رب ہے

أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ فَأَنْزِلْ شِفَاءً مِنْ شِفَائِكَ

اچھے لوگوں کا پس اتار دے ایک شفا اپنی شفاؤں سے اور ایک رحمت

وَرَحْمَةً مِنْ رَحْمَتِكَ عَلَى هٰذَا الْوَجَعِ:

اپنی رحمت میں سے اس تکلیف پر

لِلْقَرْحِ وَالْجُرْحِ يَأْخُذُ مِنْ رِيقِ نَفْسِهِ عَلَى

پھوڑے پھنسی کے لئے لگائے اور تھوک اپنا اپنی شہادت

إِصْبَعِهِ السَّبَّابَةِ ثُمَّ يَضَعُهَا عَلَى التُّرَابِ

انگلی پر رکھے انگلی مٹی پر

Marfat.com

لِيَتَعَلَّقَ بِهَا شَيْءٌ مِّنْهُ فَيَمْسَحُ بِهِ عَلَى

تاکہ کچھ خاک اس میں لگ جائے پھر پھیرے انگلی کو اس دکھتی جگہ پر

الْمَوْضِعِ الْعَلِيْلِ وَيَقُوْلُ فِيْ حَالِ الْمَسْحِ

اور پھیرتے میں کہتا جاوے

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا

حق تعالیٰ کے نام کے ساتھ یہ مٹی ہے ہماری زمین کی ہم میں سے ایک کے تھوک کے ساتھ

لِشُفْيٰ سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ؛

تاکہ ہمارے بیمار کو شفا ہو ہمارے پروردگار کے حکم سے

اِذَا خَدَرَتْ رِجْلُهٗ فَيَقُوْلُ

جب پیر سو جائے تو پڑھے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

رحمت کاملہ نازل فرما اوپر محمد صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے

لِكُلِّ مَرَضٍ وَشِكَايَةٍ وَضَعَ الْيَدَ

ہر مرض اور شکایت کے لئے ہاتھ تکلیف کی جگہ پر

مَكَانَ الْاَلَمِ وَيَقُوْلُ

رکھے اور پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ (ثلاثا) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ

ساتھ نام اللہ کے (تین بار) پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اور اس کی قدرت کی اس برائی سے

مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ (سبع مرات)

جو پاتا ہوں میں اور جس کا اندیشہ کرتا ہوں میں (سات بار)

Marfat.com

دُعَاءُ الرَّمَدِ

دعاء آشوب چشم

آنکھ دکھنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ

یا اللہ کار آمد رکھئے میرے لئے میری نگاہ اور کریئے اسکو باقی بعد میرے اور

اَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ

دکھلایئے مجھے دشمن میں بدلہ میرا اور فتح دیجئے مجھے اس پر جو مجھ پر ظلم کرے

دُعَاءُ الْحُمّٰی

دعاء بخار

بخار کی دعاء

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ

خدا کے نام کے ساتھ جو بڑا ہے پناہ چاہتا ہوں میں اللہ بزرگ کی ہر رگ اچھلنے والے کی

کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

برائی سے اور آگ کی گرمی کے نقصان سے

وَیَقُوْلُ فِیْ اُرْضِحِیَّۃٍ

دعاء قربانی وغیرہ

اور قربانی ذبح کرتے وقت پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ وَمِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ

اللہ کے نام سے خداوندا میری اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ

کی طرف سے قبول کر میں اس ذات کی طرف متوجہ ہوا جس نے

فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ

آسمان اور زمین کو پیدا کیا ابراہیم علیہ السلام کے دین پر اس

Marfat.com

حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ

اللہ کی طرف یکسو ہوں نہ مشرک میری نماز اور میری عبادتیں بیشک اور میری

وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

زندگی اور میری موت اللہ رب العالمین کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور

وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ

یہی حکم کیا گیا ہوں اور مسلمانوں سے ہوں خداوندا یہ تیرے فضل سے ہے

وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اور تیرے واسطے اللہ کے نام سے اور اللہ بہت بڑا ہے

فَاِنْ كَانَتْ بُدْنَةً قَالَ

اگر قربانی میں اونٹ ہو تو یہ پڑھے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے خداوندا تیرے فضل سے ہے اور تیرے واسطے

وَفِي الْعَقِيْقَةِ يَقُوْلُ

اور عقیقہ میں یوں کہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَقِيْقَةُ فُلَانٍ

اللہ کے نام کے ساتھ یہ فلاں کا عقیقہ ہے

وَاِذَا اَشْرَفَ عَلٰى بَلَدِ الْعَدُوِّ يَقُوْلُ

جب دشمن کے شہر سے گذرے تو یہ پڑھے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ (يُسَمِّي الْبَلْدَةَ الَّتِيْ قَصَدَهَا)

اللہ بہت بڑا ہے یہ شہر اجڑ جائے (اسی شہر کا نام لے جس کا ارادہ ہے)

دعا قربانی اونٹ

دعا عقیقہ

دعا وقت گذرنے شہر دشمن

اِنَّآ اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ (ثلاثا)

جب ہم قوم کے کسی میدان میں اترے تو ان کے بُرے دن ہوئے (تین بار)

وَمَنْ وَّقَعَ لَهٗ مَا لَا يَخْتَارُهٗ فَيَقُوْلُ

جب جب خواہش مطلب نہ ملے تو پڑھے

بِقَدَرِ اللّٰهِ وَمَا شَآءَ فَعَلَ

اللہ کی تقدیر سے ہے اور جو اس نے چاہا وہی ہوا

وَاِذَا سَلَّمَ عَلٰٓى اَحَدٍ فَلْيَقُلْ

جب کسی کو سلام کرے تو کہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سلامتی ہو تم پر اور رحمت اللہ کی اور برکت اس کی۔

وَاِذَا رَدَّ السَّلَامَ يَقُوْلُ

اور جب سلام کا جواب دے تو یوں کہے

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

تم پر بھی سلامتی ہو اور رحمت اللہ کی اور برکت اس کی

وَعَلٰٓى اَهْلِ الْكِتَابِ يَقُوْلُ وَعَلَيْكَ

اہل کتاب کے جواب میں یوں کہے اور تم پر بھی ہو

وَاِذَا بَلَّغَ سَلَامًا مِنْ اَحَدٍ فَلْيَقُلْ

جب کسی کی طرف کوئی سلام پہنچائے تو یوں جواب دے

وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

تم پر بھی اور اس پر بھی سلامتی ہو اور رحمت اللہ کی اور برکت اس کی

دعا وقت ناامیدی

دعا سلام کرنے کی

دعا جواب سلام

اہل کتاب کو جواب میں صرف یہ کہہ سلام پہنچانے والے کو

Marfat.com

وَلْيَقُلْ لِمَنْ عَطَسَ

چھینکنے والے کو کہے

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ (وَيَرُدُّ عَلَيْهِ) يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ

رحمت کرے تم پر اللہ (پھر چھینکنے والا یوں کہے) اللہ تم کو ہدایت دے اور تمہیں

بَالَكُمْ يَرْحَمُنَا اللّٰهُ وَإِيَّاكُمْ وَيَغْفِرُ لَنَا وَلَكُمْ

سنوارے رحمت کرے اللہ تم پر اور تم پر اور بخشدے ہم کو اور تم کو

وَإِذَا أَحَبَّ أَخَاهُ قَالَ لَهُ

جب کسی مسلمان بھائی کو دوست رکھے تو اس سے کہے

إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ (وَقَالَ لَهُ) أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ

میں اللہ کیواسطے تجھکو دوست رکھتا ہوں (اور وہ اسکو یوں جواب دے) جسکے واسطے مجھکو دوست رکھتا ہے وہ تجھکو دوست رکھے

(وَإِذَا قَالَ لَهُ) غَفَرَ اللّٰهُ (قَالَ) وَلَكَ

(اور جب یوں کہا گیا) اللہ تجھکو بخشے (تو جواب میں کہے) اور تجھے بھی

وَإِذَا قِيلَ لَهُ كَيْفَ أَصْبَحْتَ فَيَقُولُ

اور جب کوئی مزاج پرسی کرے تو کہے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ (وَإِذَا نَادَاهُ رَجُلٌ رَدَّ عَلَيْهِ) لَبَّيْكَ

شکر ہے اللہ تعالیٰ کا (جب کوئی اس کو پکارے تو کہے) حاضر ہوتا ہوں

وَإِذَا عَادَ مَرِيضًا قَالَ

اور جب کسی کی بیمار پرسی کرے تو پڑھے

لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا بَأْسَ طَهُورٌ

کچھ ڈر نہیں ہے کفارہ گناہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ کچھ ڈر نہیں کفارہ گناہ ہے

Marfat.com

إِنْ شَآءَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهِ اَللّٰهُمَّ عَافِهِ

انشاء اللہ یا اللہ شفا دیجئے اسے یا اللہ اچھا کر دیجئے اسے

وَإِذَا عَزَّى أَحَدًا يُسَلِّمُ وَيَقُولُ

جب کسی کی ماتم پرسی کرے تو سلام کے بعد یوں کہے

إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلِلّٰهِ مَا أَعْطَى وَكُلٌّ عِنْدَهُ

بیشک اللہ نے جو لے لیا وہ اسی کا تھا اور جو اس نے دیا وہ بھی اسی کا ہے اور اس کے ہاں

بِأَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

ہر چیز کا ایک مقررہ وقت ہے تو تو صبر کر اور اجر طلب کر

وَقَالَ إِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ

جب کوئی مرنے لگے تو یہ تلقین کرے

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکے رسول ہیں۔

مَنْ رَفَعَ الْمَيِّتَ عَلَى السَّرِيرِ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ

جو شخص میت کو نعش پر رکھے تو پڑھے اللہ کے نام کے ساتھ

دُعَاءُ الْجَنَازَةِ

نماز جنازہ کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَ

خداوندا ہمارے زندہ اور مردہ اور چھوٹے اور بڑے اور مرد اور

ذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا۔ اَللّٰهُمَّ مَنْ

عورت اور حاضر اور غائب کو بخش دے خداوندا ہم میں سے

دعاء تلقین قریب الموت

دعاء جنازہ

Marfat.com

اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ

ہم میں سے جس کو تو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو تو ہم میں سے

مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ

موت دے تو اُس کو ایمان پر مار

وَاِذَا وَضَعَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ قَالَ

اور جب میّت کو قبر میں رکھے تو پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ؛

اللہ کے نام سے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دین پر

وَاِذَا اَهَالَ عَلَيْهِ التُّرَابَ فَلْيَقُلْ

اور جب مٹی ڈالنے لگے تو پہلی مٹھی ڈالتے وقت پڑھے

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى

ہم نے اسی سے تمکو پیدا کیا اور دوسری مٹھی کے وقت اور اسی میں ہم تمکو لے جائیں گے اور تیسری

وَيَقْرَأُ عَلَى الْقَبْرِ بَعْدَ الدَّفْنِ

مرتبہ کہے اور پھر دوبارہ اسی سے تمکو اُٹھائیں گے اور دفن کے بعد قبر پر

اَوَّلَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَخَاتِمَتَهَا ؛ وَاِذَا

سورہ بقر کا اوّل اور آخر پڑھے جب

زَارَ الْقُبُوْرَ فَلْيَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ

قبرستان میں جائے تو یہ پڑھے اے اہلِ قبور تم پر سلامتی ہو اور ہمکو

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ وَاَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ

اور تمکو بخشیں اور تم آگے جانے والے ہو اور ہم تمہارے قدم پر ہیں۔

Marfat.com

اَلْخَاتِمَۃُ

اَلْاَحَادِیْثُ النَّبَوِیَّۃ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے بخشش
کرنے والا مہربان۔ رسولِ خدا صلے اللہ
علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

۱۔ تصحیح نیت

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا
لِامْرِیٍٔ مَا نَوٰی فَمَنْ کَانَتْ ھِجْرَتُہٗ
اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُھَا اَوْ اِلٰی
اِمْرَاَۃٍ یَنْکِحُھَا فَھِجْرَتُہٗ
اِلٰی مَا ھَاجَرَ اِلَیْہِ

(بخاری)

عمل کا دارومدار نیت پر ہے، جیسی
نیت کریگا ویسا ہی بدلہ دیا جائیگا۔
اگر کوئی نیک کام ہجرت جیسا دنیا کمانے
یا عورت حاصل کرنے کے لئے کیا ہے
تو وہی اسکا بدلہ ہے، اور اگر آخرت
کا ثواب حاصل کرنے کی نیت سے
تھا تو اُسکو وہی ملیگا۔

۲۔ تقویٰ و زہد

اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَکُنْ اَعْبَدَ
النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَّمَ اللّٰہُ
لَکَ تَکُنْ اَغْنَی النَّاسِ وَ

محرمات سے بچ تاکہ تو سب سے بڑا
عابد بن جاوے۔ قسمت پر شاکر رہ کہ
اس سے استغنار پیدا ہوگا پڑوسی کے

Marfat.com

اَحْسِنْ اِلٰی جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضِّحْكَ فَاِنَّ كَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ

(ترمذی)

کے ساتھ احسان کر تاکہ مومن کامل ہو جائے اور پسند کر لوگوں کے لئے جو اپنے واسطے پسند کرتا ہے تاکہ مسلم کامل ہو جائے۔ کم ہنسا کر کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتا ہے۔

۳۔ توجّہ الی اللہ

اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ اِبْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ اَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ

(ابن ماجہ)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدم کی اولاد تو میری عبادت میں لگ جا تاکہ میں تیرا سینہ غنا سے بھر دوں۔ اور تیری حاجتیں دُور کر دوں۔ اگر ایسا نہیں کریگا تو تیرا ہاتھ دن رات کے جھگڑے میں پھنسا دونگا اور تیری محتاجی کبھی دور نہ ہوگی۔

۴۔ مذمّتِ دُنیا

اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَمَلْعُوْنٌ مَّا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ

(ترمذی)

خبردار دنیا اور اُس کی ہر شے اللہ کی رحمت سے دُور ہے مگر اللہ کی یاد اور جو چیزیں اسمیں مدد دینے والی یا دین کا علم سیکھنے اور سکھانیوالی ہیں۔

Marfat.com

۵۔ ہمدردی

وَمَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُّسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

(بخاری)

جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے اللہ تعالیٰ اُسکی حاجت پوری کریگا اور جو کسی مسلمان کی مصیبت کو دُور کریگا خدا تعالےٰ قیامت کے دن اُسکی سختی دور کرے گا اور کسی مسلمان کی پردہ پوشی کریگا اللہ تعالےٰ قیامت کے دن اُسکی پردہ پوشی کریگا۔

۶۔ ترغیبِ آخرت

مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَهٗ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ فَاٰثِرُوْا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى

(ترمذی)

دنیا کی محبت کرنے والے کو آخرت کا نقصان ہے اور طالبِ آخرت کو دُنیا کا (بہتر تو یہی ہے) کہ باقی کو فانی پر ترجیح دو۔

۷۔ حرصِ مال

مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ

(ترمذی)

دو بھوکے بھیڑیئے بکریوں میں چھوڑ دینے سے اتنا نقصان نہیں پہنچاتے جتنا کہ مال اور عزت کی حرص دنیا کو خراب کرتی ہے۔

Marfat.com

۸۔ قلتِ طعام

فَاِمَّا لَا اَدَمِیٌّ وِعَاءً شَرًّا مِّنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُکُلَاتٌ یُّقِمْنَ صُلْبَہٗ فَاِنْ کَانَ لَا مَحَالَۃَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ وَّ ثُلُثٌ شَرَابٌ وَّ ثُلُثٌ لِنَفَسِہٖ

کسی برتن کا بھرنا پیٹ بھرنے سے بُرا نہیں آدمی کو کمر سیدھی کرنے کے لئے چند لقمے کھا لینے کافی ہیں اگر زیادہ ہی کھانا ہو تو پیٹ تہائی کھانے سے اور تہائی پینے سے بھرے اور ایک تہائی سانس لینے کے لئے چھوڑ دے۔

۹۔ کثرتِ طعام

اِنَّ اَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَطْوَلُھُمْ شِبْعًا فِی الدُّنْیَا

جو شخص دنیا میں پیٹ بھر کر کھائے گا وہ قیامت میں سب سے بھوکا ہوگا

(شرح السنۃ)

۱۰۔ حقِ ہمسایہ

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ لَّا یَاْمَنُ جَارُہٗ بَوَائِقَہٗ (مسلم)

وہ آدمی جنت میں نہ جائیگا جس کے پڑوسی اس سے تنگ ہوں۔

۱۱۔ فتنۂ مال

اِنَّ لِکُلِّ اُمَّۃٍ فِتْنَۃً وَّ فِتْنَۃُ اُمَّتِیْ الْمَالُ

ہر اُمت کے لئے آزمائش ہے اور میری اُمت کی آزمائش مال و دولت ہے۔

(ترمذی)

۱۲۔ زہد و تقویٰ

Marfat.com

مَا زَهَدَ عَبْدٌ فِی الدُّنْیَا اِلَّا اَنْبَتَ اللّٰہُ الْحِکْمَۃَ فِیْ قَلْبِہٖ وَاَنْطَقَ بِھَا لِسَانَہٗ وَبَصَّرَہٗ عَیْبَ الدُّنْیَا وَدَائَھَا وَدَوَاءَھَا وَاَخْرَجَہٗ مِنْھَا سَالِمًا اِلٰی دَارِ السَّلَامِ

جو شخص زہد اختیار کریگا اللہ تعالےٰ اس کے دل کو علم و حکمت اور زبان کو گویائی دیگا۔ اور دنیا کے عیوب اور اُن کے مرض اور علاج پر مطلع کریگا اور دنیا سے بے عیب نکالکر جنت میں داخل کریگا۔

۱۳۔ کسبِ حلال

مَنْ طَلَبَ الدُّنْیَا حَلَالًا اِسْتِعْفَافًا عَنِ الْمَسْئَلَۃِ وَسَعْیًا عَلٰی اَھْلِہٖ وَتَعَطُّفًا عَلٰی جَارِہٖ لَقِیَ اللّٰہَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَوَجْھُہٗ مِثْلُ الْقَمَرِ لَیْلَۃَ الْبَدْرِ وَمَنْ طَلَبَ الدُّنْیَا حَلَالًا مُکَاثِرًا مُفَاخِرًا مُرَائِیًا لَقِیَ اللّٰہَ تَعَالٰی وَھُوَ عَلَیْہِ غَضْبَانُ

(بیہقی)

جو شخص دنیا میں حلال کی روزی سوال سے بچنے اور اہل و عیال پر خرچ کرنے اور پڑوسی پر مہربانی کرنے کے لئے حاصل کریگا۔ اُسکا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہوگا اور وہ خدا سے ملاقات کریگا اور جو شخص حلال کی روزی فخر کرنے اور دکھائیکی غرض سے کمائیگا خدائے تعالیٰ اُسپر قیامت کے دن غضبناک ہوگا۔

۱۴۔ حقیقتِ دُنیا

اَلدُّنْیَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَہٗ وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَہٗ وَلَھَا یَجْمَعُ

دُنیا اسکا گھر ہے جسکا کوئی گھر نہ ہو۔ اور اُسکا مال ہے جس کے پاس کوئی

Marfat.com

مَنْ لَا عَقْلَ لَہٗ — اور مال نہ ہو جمع اسکو وہ کریگا جسکے پاس عقل نہ ہو۔ (احمد)

۱۵۔ صدق مقال ایفاء عہد وغیرہ

قَالَ اضْمَنُوْا لِیْ سِتًّا مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَضْمَنْ لَکُمُ الْجَنَّۃَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَ اَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَ اَدُّوْا اِذَا ائْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَکُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ وَکُفُّوْا اَیْدِیَکُمْ

فرمایا تم چھ باتوں کی پابندی کا مجھ سے عہد کرلو میں تمہارے لئے جنت کا ضامن ہوں، جب بولو سچ بولو وعدہ کرو تو اس کو پورا کرو، اور امانت کو بعینہٖ واپس کرو، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو اور نگاہیں پست رکھو اور اپنے ہاتھوں کو برے کاموں میں نہ لگاؤ۔

۱۶۔ حفاظتِ حقوقِ خلق

بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ یَّحْقِرَ اَخَاہُ الْمُسْلِمَ کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُہٗ وَ مَالُہٗ وَعِرْضُہٗ (مسلم)

ایک مسلمان کا اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھنا بری بات ہے ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کی جان مال اور عزت و آبرو کا بچانا فرض ہے۔

۱۷۔ ایثار

لَا یُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ (بخاری)

اُسوقت تک کوئی شخص مومن نہ ہوگا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہی بات

Marfat.com

پسند نہ کریگا جو اپنے لئے کرتا ہے۔

۱۸۔ حُسن اسلام

مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَالَا یَعْنِیْہِ (ترمذی)

فضول بات ترک کر دینا آدمی کے اسلام کے اچھا ہونے کی نشانی ہے

۱۹۔ رحم

اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَنْ فِی السَّمَآءِ (ابوداؤد)

زمین والوں پر تم رحم کرو تاکہ آسمان والا تم پر مہربان ہو۔

۲۰۔ حقِّ ہمسایہ

لَیْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِیْ یَشْبَعُ وَ جَارُہٗ جَائِعٌ اِلٰی جَنْبِہٖ (بیہقی)

وہ آدمی ایماندار نہیں جو خود پیٹ بھرے اور اُسکا پڑوسی بھوکا رہے۔

۲۱۔ صبر

اَلْمُسْلِمُ الَّذِیْ یُخَالِطُ النَّاسَ وَ یَصْبِرُ عَلٰٓی اَذَاھُمْ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِیْ لَا یُخَالِطُھُمْ وَ لَا یَصْبِرُ عَلٰٓی اَذَاھُمْ (ترمذی)

سچا مسلمان وہی ہے جو لوگوں کی تکلیف دہی پر صبر کرتا ہے اور اُن سے ملتا رہتا ہے وہ اُن سے زیادہ اچھا ہے جو نہ اُن سے ملتا ہے اور نہ اُن کی تکلیف برداشت کرسکتا ہے۔

۲۲۔ بہادری

لَیْسَ الشَّدِیْدُ بِالصُّرَعَۃِ اِنَّمَا الشَّدِیْدُ الَّذِیْ یَمْلِکُ نَفْسَہٗ۔

بہادر پچھاڑ دینے والے کا نام نہیں، دراصل بہادر وہ ہے جو غصہ کو

Marfat.com

عِنْدَ الْغَضَبِ (بخاری) ضبط کرے۔

۲۳۔ تکبّر

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِّنْ کِبْرٍ (مسلم)

جس شخص کے دل میں ذرہ برابر تکبّر ہوگا وہ جنت میں نہ جائیگا۔

۲۴۔ رضاء الٰہی

مَنِ الْتَمَسَ رِضَی اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ کَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَی النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ وَکَلَّهُ اللّٰهُ اِلَی النَّاسِ (ترمذی)

جو آدمی لوگوں کی ناراضگی کی پرواہ نہ کرتے ہوئے خدا کو راضی رکھے۔ اللہ تعالیٰ اسکو لوگوں کی تکلیف سے بچائیگا اور جو لوگوں کو خوش اور اللہ کو ناراض رکھے اللہ تعالےٰ اسکو لوگوں کے سپرد کر دے گا

۲۵۔ مہلکات و منجیات

ثَلَاثٌ مُّنْجِیَاتٌ وَّ ثَلَاثٌ مُّهْلِکَاتٌ اَمَّا الْمُنْجِیَاتُ فَتَقْوَی اللّٰهِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَةِ وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِی الرِّضَاءِ وَالسَّخَطِ وَالْقَصْدُ فِی الْغِنَاءِ وَالْفَقْرِ وَاَمَّا الْمُهْلِکَاتُ

تین چیزیں نجات دینے والی ہیں۔ اور تین ہی ہلاک کرنے والی ہیں، نجات دینے والی چیزیں اللہ تعالےٰ سے ہر حال میں ڈرنا اور خوشی اور ناراضگی کی حالت میں سچی بات کہنا اور تونگری اور محتاجی میں میانہ روی

Marfat.com

فَهَوًى مُّتَّبَعٌ وَشُحٌّ مُّطَاعٌ وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ وَهِيَ اَشَدُّهُنَّ (بیہقی)

پر قائم رہنا ہے اور ہلاک کرنیوالی چیزیں خواہش کے پیچھے لگنا حرص کی پیروی کرنا اور اپنے آپکو اچھا سمجھنا اور یہ بات سب سے زیادہ سخت ہے۔

۲۶۔ سخاوت و بخل

اَلسَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِّنَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْجَنَّةِ قَرِيْبٌ مِّنَ النَّاسِ بَعِيْدٌ مِّنَ النَّارِ ط اَلْبَخِيْلُ بَعِيْدٌ مِّنَ اللّٰهِ بَعِيْدٌ مِّنَ الْجَنَّةِ بَعِيْدٌ مِّنَ النَّاسِ قَرِيْبٌ مِّنَ النَّارِ ط وَجَاهِلٌ سَخِيٌّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ اَ بَخِيْلٍ ط

سخی اللہ تعالےٰ اور جنت اور آدمیوں سے قریب اور دوزخ سے دور رہتا ہے اور بخیل اللہ تعالیٰ اور جنت اور آدمیوں سے دُور اور دوزخ سے قریب رہتا ہے۔ پس جاہل سخی اللہ تعالیٰ کے نزدیک عابد بخیل سے اچھا ہے۔ (ترمذی)

۲۷۔ مذمّتِ سوال

مَنْ سَأَلَ النَّاسَ اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا يَسْأَلُ جَمْرًا فَلْيَسْتَقِلَّ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ (مسلم)

جو مال جمع کرنے کے لئے لوگوں سے مانگتا ہے وہ درحقیقت دوزخ کی آگ مانگتا ہے۔ اب اسے اختیار ہے کہ کم مانگے یا زیادہ

۲۸۔ کثرتِ کلام بغیر ذکر اللہ

لَا تُكْثِرُوا الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ

ذکرِ الٰہی کے علاوہ دوسری باتیں زیادہ

Marfat.com

بانَّ کَثْرَۃَ الْکَلَامِ بِغَیْرِ ذِکْرِ اللّٰہِ	نہ کیا کرو کیونکہ ایسا کرنے سے دل
قَسْوَۃٌ لِّلْقَلْبِ وَاِنَّ اَبْعَدَ	سخت ہو جاتا ہے اور دل سخت والا
النَّاسِ مِنَ اللّٰہِ الْقَلْبُ الْقَاسِیْ	اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دُور ہے۔

(ترمذی)

۲۹۔ سچّی حیا

مَنِ اسْتَحْیٰ مِنَ اللّٰہِ حَقَّ	خدا تعالیٰ سے حیا کرنیوالے کو چاہیئے کہ
الْحَیَاءِ فَلْیَحْفَظِ الرَّاْسَ وَ	وہ سر اور سر میں جو اعضاء ہیں اور
مَا وَعٰی وَلْیَحْفَظِ الْبَطْنَ وَ	پیٹ کو اور اسمیں جو چیزیں ہیں بُرائی
مَا حَوٰی وَلْیَذْکُرِ الْمَوْتَ وَ	سے بچاوے اور موت کو اور پُرانا
الْبِلٰی وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَۃَ تَرَکَ	ہونے کو یاد رکھے اور آخرت کا طالب
زِیْنَۃَ الدُّنْیَا فَمَنْ فَعَلَ ذَالِکَ	دنیا کی زینت کو پسند نہیں کرتا۔ پس
فَقَدِ اسْتَحْیٰ مِنَ اللّٰہِ حَقَّ	جس نے ایسا کیا اُس نے خدا تعالیٰ
الْحَیَاءِ (مشکوۃ)	سے سچی حیا کی۔

۳۰۔ ترکِ مُباح

لَا یَبْلُغُ الْعَبْدُ اَنْ یَّکُوْنَ مِنَ	آدمی اسوقت تک متقی نہیں ہوتا جب
الْمُتَّقِیْنَ حَتّٰی یَدَعَ مَا لَا بَاْسَ	تک کہ مباح چیزوں کو غیر مباح کے
بِہٖ حَذَرًا لِّمَا بِہٖ بَاْسٌ۔	ڈر سے نہ چھوڑے۔

۳۱۔ فضول کلام

کُلُّ کَلَامِ ابْنِ اٰدَمَ عَلَیْہِ لَا لَہٗ	آدمی کی ہر بات جو نیکی کی طرف بُلانے

Marfat.com

اِلَّا اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْ ذِكْرُ اللّٰهِ (ترمذی)

اور بدی سے روکنے اور ذکرِ الٰہی کے سوا ہو وبالِ جان ہے۔

۳۲۔ فکرِ آخرت

مَنْ جَعَلَ الْهُمُوْمَ هَمًّا وَّاحِدًا هَمَّ اٰخِرَتِهٖ كَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّ دُنْيَاهُ وَمَنْ تَشَعَّبَتْ بِهِ الْهُمُوْمُ اَحْوَالُ الدُّنْيَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ فِيْ اَيِّ اَوْدِيَتِهَا هَلَكَ (ابن ماجہ)

اللہ تعالیٰ اُسکے دنیاوی تفکرات کا کفیل بنجاتا ہے جسکا تفکر محض تفکرات آخرت کے لئے ہو اور جسکی تفکرات محض دنیا حاصل کرنے کیلئے ہوں۔ اللہ تعالےٰ اُسکو ہلاکتوں سے نہیں بچاتے وہ جس وادی میں چاہے جاکر مرے۔

۳۳۔ رسومِ جاہلیت اور منع از تعمیر پختہ قبر

قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ وَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ وَاَنْ يُّبْنٰى عَلَيْهِ وَاَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ ۔ (مسلم)

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رخساروں پر ہاتھ مارے اور گریبانوں کو پھاڑا اور جاہلیت کے زمانے کے سے بیان کئے وہ ہم میں سے نہیں ہے اور منع فرمایا قبر کو چونے گچ بنانے اور اُس پر مکان بنانے اور بیٹھنے سے (چونکہ قبر محلِ فنا ہے اور چونے سے پختہ بنانا دلیل بقاء و ثبات ہے لہٰذا اس سے بچنا لازمی قرار دیا گیا)

Marfat.com

۳۴۔ حقیقتِ روزہ

وَقَالَ مَنْ لَّمْ یَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِہٖ فَلَیْسَ لِلّٰہِ حَاجَۃٌ فِیْ اَنْ یَّدَعَ طَعَامَہٗ وَشَرَابَہٗ (بخاری)

اور فرمایا جس نے جھوٹ بولنا اور جھوٹ پر عمل کرنا نہ چھوڑا تو اللہ تعالےٰ کے یہاں اسکے بھوکے اور پیاسے رہنے کی کوئی قدر نہیں (کیونکہ روزہ تو اصلاحِ اخلاق کے لئے رکھا جاتا ہے جو شخص اس مقصد کو پورا کرنیکی طرف توجہ نہیں کرتا اُسکے بھوکا اور پیاسا رہنے سے کیا فائدہ

۳۵۔ تعلیمِ قرآن

وَقَالَ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (بخاری)

اور فرمایا تم میں اچھا آدمی وہ ہے جس نے قرآن مجید سیکھا اور اُسے سکھایا۔

۳۶۔ فضیلتِ ذِکر

وَقَالَ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ مَثَلُ الْحَیِّ الْمَیِّتِ (بخاری)

اور فرمایا اُس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو نہیں کرتا زندہ اور مردہ کی سی ہے۔

۳۷۔ حلال وحرام کی پہچان

وَقَالَ یَاْتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یُبَالِی الْمَرْءُ مَا اَخَذَ مِنْہُ اَمِنَ الْحَلَالِ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ (بخاری)

اور فرمایا لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اس بات کی پرواہ نہیں کریگا کہ جو کچھ اُس نے لیا ہے وہ حلال سے ہے

Marfat.com

یا حرام سے ہے (جب رزق میں حلال اور حرام کی پرواہ نہیں رہے گی تو عبادت کی توفیق کیسے ہوگی اور اگر کر بھی لے تو قبولیت کیسے پائے گی)

۳۸۔ سود کی برائی

وَلَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اٰکِلَ الرِّبَا وَمُوْکِلَہٗ وَشَاھِدَیْہِ وَقَالَ ھُمْ سَوَآءٌ (مسلم)

اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے والے کھلانیوالے لکھنے والے اور اسکے دونوں گواہوں پر لعنت بھیجی ہے اور آپ نے فرمایا سب پر ہی لعنت ہے۔

۳۹۔ اصل اطاعت

وَقَالَ لَا طَاعَۃَ فِیْ مَعْصِیَۃٍ اِنَّمَا الطَّاعَۃُ فِی الْمَعْرُوْفِ (بخاری)

اور فرمایا رسولِ خدا نے گناہ میں کسی کہا نہ مانا جاوے سوا اسکے نہیں فرمانبرداری نیکی میں ہوتی ہے۔

۴۰۔ اخوّت

وَقَالَ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا سَکِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا (بخاری)

اور فرمایا آسانی کرو اور تنگی نہ کرو اطمینان دلاؤ اور نفرت نہ پیدا کرو

۴۱۔ مبغوض الی اللہ

وَقَالَ اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَی اللّٰہِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ (بخاری)

اور فرمایا سب سے زیادہ برا اللہ کے یہاں سخت جھگڑالو ہے۔ (یہ شخص اس لئے مبغوض ہے کہ ا

Marfat.com

کے حق میں ہر شخص کے دل سے بد دعا نکلے گی)

۴۲۔ فضیلتِ جہاد

وَقَالَ لَغَدْوَۃٌ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْ رَوْحَۃٌ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا (بخاری)

اور فرمایا اللہ تعالےٰ کی راہ یعنی جہاد میں ایک دن کی صبح یا ایک دن کی شام ساری دنیا سے زیادہ بہتر ہے

۴۳۔ اَجرِ مجاہد

وَقَالَ مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَتَمَسَّہُ النَّارُ (بخاری)

اور فرمایا انسان کے دو قدم اللہ تعالیٰ کی راہ میں غبار آلود ہوں پھر دوزخ میں جاوے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ (یعنی غازی کے لئے یہ اجر ہے۔

بشرطیکہ اُس سے دوسرے فرائض کا ترک نہ ہو مثلاً نماز ترک کرنا روزے چھوڑنا زکوٰۃ نہ دینا یا قطع رحم کرنا)

۴۴۔ موت فی الجہاد

وَقَالَ الْقَتْلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرُ کُلَّ شَیْءٍ اِلَّا الدَّیْنَ (مسلم)

اور فرمایا اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہو جانے سے سوائے قرض کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

(یعنی شہید ہونے سے پہلے جو حقوق اللہ ترک کئے تھے وہ تو معاف ہو جائیں گے مگر حقوق العباد معاف نہیں ہونگے)

Marfat.com

۴۵۔ قطع رحمی

وَقَالَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ (بخاری)

اور فرمایا قطع رحمی کرنیوالا بہشت میں داخل نہ ہوگا (یعنی اولاً)

۴۶۔ ظاہر و باطن کا ایک ہونا

وَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ (مسلم)

اور فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور اعمالوں کو دیکھتا ہے۔

(یعنی اعمال کی قیمت کا دارومدار دل کی حالت پر ہے اگر دل میں اخلاص ہے تو اعمال مقبول اور اگر دل میں لوگوں کو دکھانا اور سنانا مقصود ہے تو اعمال مردود ہوں گے)

۴۷۔ قیامت کا حشر

وَقَالَ یُبْعَثُ کُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ عَلَیْہِ (مسلم)

اور فرمایا ہر انسان کو اس حالت اُٹھایا جاویگا جس پر وہ مرا تھا

(یعنی کفر اور ایمان یا طاعت اور نافرمانی غرضیکہ جیسی حالت میں دنیا سے رخصت ہوا ہے قیامت کے دن اسی طرح اُٹھے گا۔

۴۸۔ نشانِ قیامت

وَقَالَ اِنَّ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ کَذَّابِیْنَ فَاحْذَرُوْھُمْ (مسلم)

اور فرمایا قیامت سے پہلے جھوٹے پیدا ہونگے اُن سے بچو۔

(کتاب سے مراد جھوٹی حدیثیں بنانیوالے یا جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرنے والے ہیں مسلمانوں کا فرض ہے کہ ایسے بے ایمانوں سے اپنے آپ کو بچائیں)

Marfat.com

۴۹ - کم ہنسنا اور زیادہ رونا

وَقَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَبَکَیْتُمْ کَثِیْرًا وَّلَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا (بخاری)

اور فرمایا خدا تعالیٰ کی قسم اگر تم وہ چیزیں جان لو جو میں جانتا ہوں تو زیادہ روؤ اور تھوڑا ہنسو۔

(یعنی نافرمانی کے لئے جو سزائیں تجویز شدہ ہیں اور جو جرح ان پر ہونیوالی ہیں اور راز کھلنے والے ہیں اگر تمھیں معلوم ہوں تو زیادہ روؤ اور تھوڑا ہنسو)

۵۰ - تصفیۂ قلب

وَقَالَ لِکُلِّ شَیْءٍ صَقَالَۃٌ وَّصَقَالَۃُ الْقُلُوْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ ط (بیہقی)

اور فرمایا ہر چیز کا صیقل ہے اور دلوں کا صیقل ذکر الٰہی ہے۔

۵۱ - حلقۂ ذکر

وَقَالَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا۔ قَالُوْا وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ (ترمذی)

اور فرمایا جب تمھارا جنت کے باغیچوں سے گذر ہو تو ان سے خوب فائدہ اٹھاؤ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ جنت کے باغیچے کیا ہیں۔ فرمایا حلقے ذکر کے

۵۲ - ذکر خفی و جلی

وَقَالَ الذِّکْرُ الَّذِیْ لَا تَسْمَعُہُ الْحَفَظَۃُ یَزِیْدُ عَلَی الذِّکْرِ الَّذِیْ تَسْمَعُہُ الْحَفَظَۃُ سَبْعِیْنَ ضِعْفًا (بیہقی)

اور فرمایا ذکر خفی ذکر جلی پر ستر درجے فضیلت رکھتا ہے۔

Marfat.com

۵۳۔ حسرت اہل جنت

وَقَالَ لَيْسَ يَتَحَسَّرُ اَهْلُ الْجَنَّةِ عَلٰى شَيْءٍ اِلَّا عَلٰى سَاعَةٍ مَرَّتْ بِهِمْ لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهَا (طبرانی)

اور فرمایا اہل جنت کو کسی چیز کی حسرت نہ ہوگی سوائے اس گھڑی کے جو ان سے بغیر ذکر خدائے بزرگ و برتر کے گذرے گی

۵۴۔ نزول سکینہ

وَقَالَ لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ (مسلم)

اور فرمایا کوئی جماعت ذکر الٰہی میں مشغول نہیں ہوتی مگر اس کو فرشتے گھیر لیتے ہیں اور رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور سکینہ نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی جماعت ملائکہ میں انکا ذکر کرتا ہے

۵۵۔ قلّتِ کلام

وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ۔ (بخاری)

اور فرمایا علیہ السلام نے جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہیے کہ اچھی بات کہے یا چپ رہے۔

۵۶۔ مخالفتِ نفس

وَقَالَ الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنِ اتَّبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى

اور فرمایا ہوشیار آدمی وہ ہے جو اپنے نفس کو مطیع بنائے اور موت کے بعد کیلئے عمل کرے اور عاجز وہ ہے

Marfat.com

عَلَی اللّٰہِ ط (ترمذی)

جو اپنے نفس کو اس کی خواہشات کا تابع بنائے اور پھر اللہ سے مغفرت اور اجر کا) متوقع ہو۔

(فائدہ:۔ پس جیسے کوئی شخص دنیا میں اولاد کا متوقع ہو حالانکہ ابھی نکاح بھی نہیں کیا یا نکاح تو کر چکا مگر جماع نہیں کیا یا جماع بھی کیا مگر انزال نہیں ہوا تو یہ شخص احمق کہلائیگا اسی طرح جس نے رحمتِ خداوندی کی امید رکھی حالانکہ ابھی ایمان بھی نہیں لایا یا ایمان تو لا چکا مگر نیک عمل نہیں کیا یا عمل بھی کیا مگر معصیتوں کو نہیں چھوڑا تو یہ شخص مغرور اور دھوکے میں پڑا ہوا کہا جائے گا)

۵۷۔ اخلاق حمیدہ

وَقَالَ اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا وَاَلْطَفُھُمْ عَلٰی اَھْلِہٖ (ترمذی)

اور فرمایا کہ مومنین میں ایمان کی حیثیت سے سب سے اکمل وہ شخص ہے جو ان میں سے اچھے اخلاق رکھتا ہو اور اپنے اہل پر زیادہ مہربان ہو۔

وَقَالَ ثَلَاثٌ ھُنَّ اَصْلُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ فَاتَّقُوْھُنَّ وَاحْذَرُوْھُنَّ اَلْکِبْرُ فَاِنَّہٗ مَنَعَ اِبْلِیْسَ عَنِ السُّجُوْدِ لِاٰدَمَ وَالْحِرْصُ فَاِنَّہٗ حَمَلَ اٰدَمَ عَلٰی اَکْلِ شَجَرَۃٍ

اور فرمایا تین چیزیں ہیں کہ وہ ہر برائی کی بنیاد ہیں پس ان سے بچو اور پرہیز کرو اول تکبر ہے اس لئے کہ تکبر نے ابلیس کو آدم کی طرف سجدہ کرنے سے روکا۔ دوم حرص ہے کہ حرص نے حضرت آدم

Marfat.com

وَالْحَسَدُ فَاِنَّهٗ حَمَلَ قَابِيْلَ عَلٰى قَتْلِ هَابِيْلَ۔

(بیہقی)

علیہ السلام کو درخت ممنوعہ کے کھانے پر اُبھارا، سوم حسد ہے اس لئے کہ حسد نے قابیل کو ہابیل کے قتل پر آمادہ کر دیا

۵۹۔ قناعتِ اولیا

وَقَالَ اَوْلِيَآءُ اُمَّتِيْ لَا يَرْغَبُوْنَ فِيْ جَمْعِ الْمَالِ وَادِّخَارِهٖ اِنَّمَا رِضَاهُمْ مِنَ الدُّنْيَا مَا يَصُدُّ جُوْعَهُمْ وَيَسْتُرُ عَوْرَتَهُمْ۔

(جامع الاصول)

اور فرمایا علیہ السلام نے میری امت کے اولیا مال جمع کرنے اور ذخیرہ کرنے میں رغبت نہیں کرتے سوائے اس کے نہیں کہ خواہش اُن کی دنیا سے اتنی ہی ہوتی ہے جس سے اُن کی بھوک دفع ہو اور ستر عورت ہو جائے

۶۰۔ حقیقتِ دنیا

وَقَالَ الدُّنْيَا ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ يَوْمُ اَمْسٍ مَضٰى مَا بِيَدِكَ مِنْهُ شَيْءٌ وَيَوْمٌ غَدٍ لَا تَدْرِيْ اَتُدْرِكُهٗ اَمْ لَا وَيَوْمٌ اَنْتَ فِيْهِ فَاغْتَنِمْهُ

(جامع الاصول)

اور فرمایا دنیا کے تین دن ہیں ایک وہ ہے جو گذر گیا تیرے قبضے میں اس سے کچھ نہیں اور ایک دن کل کا آنیوالا ہے کیا خبر کہ وہ تجھے ملے یا نہ ملے اور ایک دن وہ ہے جس میں تو موجود ہے پس اسکو غنیمت سمجھ

۶۱۔ اصل اطاعت

وَقَالَ مَنْ اَطَاعَ اللّٰهَ فَقَدْ ذَكَرَ اللّٰهَ وَاِنْ قَلَّتْ صَلٰوتُهٗ وَصِيَامُهٗ وَتِلَاوَتُهٗ لِلْقُرْاٰنِ وَمَنْ عَصٰى

اور فرمایا جس نے اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی کی اُس نے حقیقت میں خدا کو یاد کیا اگرچہ اس کی نمازیں اور روزے اور

Marfat.com

اللّٰہَ لَمْ یَذْکُرْہُ وَاِنْ کَثُرَتْ صَلٰوتُہٗ وَصِیَامُہٗ وَتِلَاوَتُہٗ لِلْقُرْاٰنِ (طبرانی)

تلاوتِ قرآن کریم کم ہوں (یعنی اگرچہ اس کی نفل عبادات کم ہوں) اور جس نے خدا کے (احکام) کی نافرمانی کی تو اس نے حقیقت میں خدا کو یاد نہیں کیا اگرچہ اسکی نمازیں اور روزے اور تلاوت قرآن بادیں

(فائدہ:۔ پس حقیقت میں ذاکر وہی شخص ہے جو خداوند عالم کے اوامر کو بجا لائے اور منہیات سے بچے اور جو لوگ نفلی طاعات زیادہ کرتے ہیں لیکن خدا کے اوامر کو بجا نہیں لاتے اور منہیات سے نہیں بچتے اور اپنے معاملات کو درست نہیں کرتے، پس ایسے لوگ حقیقت میں غافلوں سے شمار ہیں۔)

۶۲۔ علمِ حقیقی

وَقَالَ کَفٰی بِالْمَرْءِ عِلْمًا اَنْ یَّخْشَی اللّٰہَ وَکَفٰی بِالْمَرْءِ جَھْلًا اَنْ یُّعْجَبَ بِنَفْسِہٖ۔ (ابن ماجہ)

اور فرمایا انسان کے لئے یہ علم کافی ہے کہ خدا سے ڈرتا رہے اور انسان کے واسطے یہ نادانی کافی ہے کہ اپنے نفس پر اتراتا ہو۔

(فائدہ:۔ چونکہ مقصد علم سے خشیت الٰہی ہے پس جو جاہل خدا سے ڈرتا ہے گویا وہ عالم ہے اور جو عالم نڈر ہے وہ مانند جاہل کے ہے)

۶۳۔ فضیلتِ علم

وَقَالَ مَا تَصَدَّقَ النَّاسُ بِصَدَقَۃٍ اَفْضَلَ مِنْ عِلْمٍ یُّنْشَرُ ط (جامع الاصول)

اور فرمایا لوگوں کے خیرات و صدقات سے افضل ترین صدقہ علم دین کی نشر و اشاعت ہے۔

Marfat.com

۶۴۔ فضیلت علم

وَقَالَ مَنْ خَرَجَ لِطَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَرْجِعَ۔ (ترمذی)

اور فرمایا جو علم (دین) کے حاصل کرنے کے لئے سفر کرتا ہے وہ اللہ کے راستے میں جہاد کرتا ہے جبتک کہ وہ لوٹ کر آئے

۶۵۔ مذمت دنیا

وَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ خَلْقًا اَبْغَضَ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ لَمْ يَنْظُرْ اِلَيْهَا مُنْذُ خَلَقَهَا (جامع الاصول)

اور فرمایا حق تبارک و تعالیٰ نے دنیا سے بدترین کوئی چیز پیدا نہیں فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے نظر رحمت سے دنیا کو نہیں دیکھا، جب سے اس کو پیدا کیا۔

۶۶۔ حُبّ دُنیا

وَقَالَ حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ۔ (بیہقی)

اور فرمایا دنیا کی محبت والفت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

۶۷۔ ترغیب آخرت

وَقَالَ يَا عَجَبًا كُلَّ الْعَجَبِ لِلْمُصَدِّقِ بِدَارِ الْخُلُوْدِ وَهُوَ يَسْعٰى لِدَارِ الْغُرُوْرِ (جامع الاصول)

اور فرمایا پورا تعجب ہے اس شخص کے لئے کہ تصدیق کرتا ہے دار آخرت کی اور کوشش کرتا ہے دار فانی کی۔

۶۸۔ ترغیب آخرت

وَقَالَ لَا تُشْغِلُوْا قُلُوْبَكُمْ بِذِكْرِ الدُّنْيَا فَنَهٰى عَنْ ذِكْرِهَا

اور فرمایا دلوں کو دنیا کی یاد میں نہ لگاؤ پس منع فرمایا دنیا کی یاد سے چہ جائیکہ

Marfat.com

فَضْلًا عَنْ اِصَابَۃِ عَیْنِھَا (جامع الاصول)

اس کو حاصل کیا جائے (یعنی دنیا کی یاد میں ضرورت سے زیادہ مشغول نہو)

۶۹۔ فضیلت استغفار

وَقَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ اَخْطَاْتُمْ حَتّٰی تَمْلَاَ خَطَایَاکُمْ مَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتُمُ اللّٰہَ لَغَفَرَ لَکُمْ (جامع الاصول)

اور فرمایا قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اگر تم اتنے گناہ کرو کہ جس سے زمین اور آسمان کا مابین پُر ہو جاوے پھر اللہ سے مغفرت مانگو تو وہ معاف فرماوے گا۔

(فائدہ:۔ پس انسان کو چاہئے کہ رحمت الٰہی سے نا امید ہو کر توبہ میں دیر نہ لگائے اور جلد از جلد تمام گناہوں سے سچے دل سے تائب ہو جاوے تو اللہ تعالیٰ معاف کر دیگا اس کی رحمت وسیع ہے اور توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنے پچھلے گناہوں پر دل میں سخت نادم ہو جاوے اور اس پر گریہ کرے اور موجودہ حالت کو درست کر لیوے اور آئندہ گناہوں سے بچنے کے لئے مصمم ارادہ کر لے اور ہرگز ہرگز گناہ کے قریب نہ جاوے اور حقوق العباد کو اگر مالی ہو تو ادا کر دے یا اس سے معاف کرا دے اور اگر غیر مالی ہو جیسے کہ اس کی ذات سے کسی دوسرے کو اذیت بدنی یا روحانی جیسے غیبت وغیرہ پہنچی ہو تو وہ بھی اس سے معاف کرا دے)

۷۰۔ احتراز عن الاغنیاء

وَقَالَ اِیَّاکُمْ وَمُجَالَسَۃَ الْمَوْتٰی قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَنِ الْمَوْتٰی

اور فرمایا بچاؤ اپنے آپ کو مُردوں کی ہم نشینی سے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ

Marfat.com

فَقَالَ الْاَغْنِیَاءُ (جامع الاصول)

مردوں سے کیا مراد ہے۔ فرمایا اُمراء لوگ۔

۷۱۔ فضیلتِ صبر و حُبِّ مساکین

وَقَالَ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ حُبُّ الْمَسٰكِيْنِ وَالْفُقَرَآءُ الصَّابِرُوْنَ جُلَسَآءُ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (جامع الاصول)

اور فرمایا جنت کی کنجی مسکینوں سے محبت کرنا ہے اور صبر کرنیوالے فقیر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہمنشین ہوں گے۔

۷۲۔ مل کر کھانے کی فضیلت

وَقَالَ اِجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ (ابوداؤد)

اور فرمایا کھانا مل کر کھاؤ اور اللہ کا نام پڑھا کرو اس میں تمہارے لئے برکت ہو گی۔

۷۳۔ قلبِ حزیں

وَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ كُلَّ قَلْبٍ حَزِيْنٍ۔

اور فرمایا اللہ تعالیٰ رنجیدہ دل کو دوست رکھتا ہے۔

(فائدہ:۔ اس لئے کہ ایسی حالت میں انسان اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے)

۷۴۔ پابندیِ عمل

وَقَالَ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ۔ (بخاری)

اور فرمایا اللہ تعالیٰ کے یہاں محبوب ترین اعمال میں سے وہ اعمال ہیں جو ہمیشہ کئے جاویں اگرچہ تھوڑے ہوں۔

Marfat.com

فائدہ:- پس جو عمل پابندی سے ہو اگرچہ تھوڑا ہو اس عمل سے بہتر ہے جو پابندی سے نہ ہو اگرچہ زیادہ ہو۔

۷۵- مدارِ قرب

وَقَالَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَلْمُتَّقُوْنَ مَنْ کَانُوْا وَحَیْثُ کَانُوْا (رواہ احمد)

اور فرمایا مجھکو لوگوں میں سے زیادہ قریب متقی لوگ ہیں خواہ کوئی ہو اور کہیں کا باشندہ ہو۔

فائدہ:- یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قرب کا مدار اتباعِ سنت اور تقویٰ پر ہے نہ مال و نسب پر (رواہ احمد)

۷۶- شکرِ انعامِ الٰہی

وَقَالَ اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سُقْمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَیَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ۔ (ترمذی)

اور فرمایا پانچ چیزوں کو قبل پانچ چیزوں کے غنیمت سمجھو۔ اپنی جوانی کو اپنے بڑھاپے سے پہلے اور صحت کو بیماری سے پہلے! اور غنا کو فقر سے پہلے اور فرصت کو مشغولی سے پہلے اور اپنی زندگی کو موت سے پہلے

۷۷- اُخوّت

وَقَالَ الْمُؤْمِنُوْنَ کَرَجُلٍ وَّاحِدٍ اِنِ اشْتَکٰی عَیْنَیْهِ اشْتَکٰی کُلُّهٗ وَاِنِ اشْتَکٰی

اور فرمایا مومن لوگ مانند اعضا شخص واحد کے ہیں یعنی اگر بیچین ہوتا ہے اس کا ایک عضو تو بیچین ہوتے ہیں

Marfat.com

رَأْسُهٗ اِشْتَکٰی کُلُّهٗ (مسلم)

اس کے باقی اعضاء مثلاً اگر آنکھ بیچین ہوتی ہے تو تمام وجود بیچین ہوتا ہے۔ اور اگر سر بیچین ہوتا ہے تو تمام وجود بیچین ہوتا ہے۔

(فائدہ:۔ اسی طرح اگر ایک مسلمان بھائی کو تکلیف ہو تو چاہیے کہ اس کی تکلیف سے سب کو بے چینی ہو اور اس کے ازالہ کی سعی کریں۔)

۷۸۔ چھوٹوں پر رحم کرنا اور بڑوں کی تعظیم

وَقَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا وَیَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَ عَنِ الْمُنْکَرِ (ترمذی)

اور فرمایا جس نے ہمارے چھوٹے پر شفقت نہیں کی اور بڑے کی توقیر نہیں کی اور امر معروف نہیں کیا اور منکرات سے لوگوں کو نہیں روکا وہ ہم میں سے نہیں ہے (یعنی ہمارے طریق اور سنت پر مستقیم نہیں ہے)

۷۹۔ یتیم کے ساتھ برتاؤ

وقال خیر بیتٍ فی المسلمین بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُحْسَنُ اِلَیْهِ وَشَرُّ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُسَاءُ اِلَیْهِ (ابن ماجہ)

اور فرمایا بہترین گھروں میں سے وہ گھر ہے جس میں یتیم کے ساتھ بھلائی کیجاوے اور بدترین گھروں میں سے وہ گھر ہے جس میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ برائی کی جاوے۔

۸۰۔ تادیب

وَقَالَ لَاَنْ یُّاَدِّبَ الرَّجُلُ

اور فرمایا البتہ یہ کہ ادب سکھلاوے

Marfat.com

وَلَدَہٗ خَیْرٌ لَّہٗ مِنْ اَنْ یَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ (ترمذی)

آدمی اپنی اولاد کو یہ بہتر ہے اس کے لئے اس سے کہ تصدق کرے ساتھ ایک پیمانہ کے اناج میں سے (اس میں تعلیم ہے کہ اپنے بچوں کو ادب سکھاؤ اور دینی تعلیم دو کہ یہ بہترین صدقہ ہے۔)

۸۱۔ مخلوق کیساتھ احسان

وَقَالَ الْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَی اللّٰہِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰی عِیَالِہٖ (بیہقی)

اور فرمایا مخلوق مانند عیال کے ہے واسطے اللہ کے پس محبوب ترین مخلوق میں سے طرف اللہ کے وہ شخص ہے کہ بھلائی کرے اس کی عیال سے۔

(فائدہ:۔ یعنی انسان کو چاہئے کہ مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور ان کو نہ ستاوے اس لئے خلق خدا کو خوش کرنے میں اللہ کی خوشنودی ہے اور ان کے ستانے میں اللہ کی نارضامندی ہے)

۸۲۔ حسد کی بُرائی

وَقَالَ اِیَّاکُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ ط (ابوداؤد)

اور فرمایا بچاؤ اپنے آپ کو حسد سے اس لئے کہ حسد فنا کرتا ہے نیکیوں کو جیسے فنا کرتی ہے آگ لکڑی کو (یعنی حسد کرنے سے نیک اعمال ضائع ہو جاتے ہیں)

۸۳۔ مسلمان سے رنجش نہ رکھنا

وَقَالَ لَا یَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یَّھْجُرَ

اور فرمایا جائز نہیں آدمی کو یہ بات کہ

Marfat.com

اَخَاہُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَیَالٍ یَلْتَقِیٰنِ فَیُعْرِضُ ھٰذَا وَیُعْرِضُ ھٰذَا وَخَیْرُھُمَا الَّذِیْ یَبْدَءُ بِالسَّلَامِ (بخاری)

چھوڑے اپنے مسلمان بھائی کو تین دن سے زائد کہ آپس میں ملتے ہیں پس اعراض کرتا ہے یہ ایک طرف (یعنی منہ موڑ لیتا ہے) اور اعراض کرتا ہے دوسرا دوسری طرف اور بہتر ان دونوں میں سے وہ ہے جو ابتدا کرتا ہے سلام کے۔

۲۴۔ غیبت کی برائی

وَقَالَ لَمَّا عَرَجَ بِیْ رَبِّیْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَّھُمْ اَظْفَارٌ مِّنْ نُّحَاسٍ یَخْمِشُوْنَ وُجُوْھَھُمْ وَصُدُوْرَھُمْ فَقُلْتُ مَنْ ھٰؤُلَاءِ یَا جِبْرِیْلُ قَالَ ھٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَیَقَعُوْنَ فِیْ اَعْرَاضِھِمْ (ابوداؤد)

اور فرمایا جبکہ اوپر لے گیا مجھکو رب میرا (یعنی جب معراج ہوئی مجھکو) گذرا میں ایک قوم پر کہ ان کے ناخن تھے تانبے کے کھرونچتے تھے منہ اپنے اور سینے اپنے پس کہا میں نے کون ہیں یہ اے جبرئیل کہا یہ وہ لوگ ہیں کہ کھاتے ہیں گوشت لوگوں کے (یعنی غیبت کرتے ہیں انکی) اور پڑتے ہیں لوگوں کی آبرو میں۔

(فائدہ:۔ یعنی غیبت کرتے ہیں اور برا کہتے ہیں اور بسبب اس کے آبروریزی کرتے ہیں لوگوں کی اور چونکہ آبروریزی لوگوں کی ہے اور اس سے خوشی حاصل کی پس حق تعالیٰ نے منہ اور سینے ان کے بھی ان کے ہاتھوں سے زخمی کرائے)

۸۵۔ اختیار نرمی

وَقَالَ مَنْ یُّحْرَمُ الرِّفْقَ

اور فرمایا جو شخص محروم کیا گیا نرمی سے

Marfat.com

یُحْرَمُ الْخَیْرَ (رواہ مسلم) محروم کیا جاوے گا بھلائی سے۔

(فائدہ:۔ پس انسان کو چاہیے کہ خلق خدا سے نرمی برتے اور کسی انسان کے ساتھ سختی سے پیش نہ آئے۔)

۸۶۔ حفاظتِ الٰہی

وَقَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰہُ عَبْدًا حَمَاہُ الدُّنْیَا کَمَا یَظَلُّ اَحَدُکُمْ یَحْمِیْ سَقِیْمَہُ الْمَآءَ ط (ترمذی)

اور فرمایا جب دوست رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کسی بندے کو بچاتا ہے اس کو دنیا سے جیسے کہ ہوتا ہے ایک تمھارا کہ بچاتا ہے اپنے مریض (استسقا) کو پانی سے۔

(فائدہ:۔ یعنی دنیا سے بچانا یہ کہ مال و منصب دنیا سے اور اس چیز سے کہ ضرر کرے اس کے دین میں اور نقصان کرے اس کا عقبیٰ میں تا اس سے دور نہ پڑے اور اس کے غیر میں مشغول نہ ہو جاوے)

۸۷۔ فاجر کا رشک نہ کرنا

وَقَالَ لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَۃٍ فَاِنَّکَ لَا تَدْرِیْ مَا ھُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِہٖ اِنَّ لَہٗ قَاتِلًا لَا یَمُوْتُ یَعْنِی النَّارَ ط (فی شرح السنۃ)

اور فرمایا رشک مت لیجا کسی فاجر پر (یعنی کافر پر یا فاسق پر) بسبب نعمت دنیا کے کہ رکھتا ہو اسلئے کہ تو نہیں جانتا ہے کہ کیا چیز پیش آنے والی ہے اس کو بعد مرنے اسکے کے (یعنی قبر یا حشر میں مقابلہ میں اس نعمت کے کیا کیا محنت و عذاب اٹھائیگا) تحقیق فاجر کے لئے نزدیک اللہ تعالیٰ کے قاتل ہے یعنی ہلاک کرنے والی

Marfat.com

ہے کہ اس کی شان میں ہے کہ قتل کر ڈالے کہ نہیں مرتا اور فنا نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ موجود ہے۔ مراد رکھتے تھے حضرت اس سے آگ جہنم۔

۸۸۔ دنیا پر آخرت کو ترجیح

وَقَالَ عَرَضَ عَلَیَّ رَبِّیْ اَنْ یَّجْعَلَ لِیْ بَطْحَاءَ مَکَّۃَ ذَھَبًا فَقُلْتُ لَا یَا رَبِّ اَشْبَعُ یَوْمًا وَّاَجُوْعُ یَوْمًا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَیْکَ فَذَکَرْتُکَ وَاِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُکَ وَشَکَرْتُکَ (ترمذی)

اور فرمایا کہ پیش کیا اور ظاہر کیا مجھ پر پروردگار میرے نے میرے لئے مکہ کے سنگریزوں کو سونا پس کہا میں نے نہیں چاہتا میں یہ اے پروردگار میرے ولیکن چاہتا ہوں میں کہ پیٹ بھر کر کھاؤں میں ایک روز اور بھوکا رہوں میں ایک روز۔ پس جس وقت بھوکا رہوں زاری اور عاجزی کروں طرف تیرے اور یاد کروں میں تجھکو اور جس وقت سیر ہوں میں تعریف کروں تیری اور شکر کروں میں تیرا

(فائدہ:۔ پیش کیا یعنی پیش کرنا ظاہری یا باطنی اور یہ ظاہر تر ہے یعنی مشورہ کیا مجھ سے اور اختیار دیا مجھ کو کہ چاہو وسعت اختیار کرو دنیا میں اور چاہو توشہ بناؤ عقبیٰ کا بلا حساب و عقاب۔

۸۹۔ پرسشِ مال و علم بروزِ قیامت

وَقَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ حَتّٰی یُسْئَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمْرِہٖ فِیْمَا اَفْنَاہُ وَعَنْ شَبَابِہٖ فِیْمَا اَبْلَاہُ وَعَنْ مَالِہٖ مِنْ اَیْنَ اکْتَسَبَہٗ

اور فرمایا نہیں سرکنے کے پاؤں آدمی کے روز قیامت کے (یعنی کھڑا رکھیں گے اس کو بارگاہِ خداوندی میں) یہانتک کہ پوچھا جاویگا پانچ حالتوں سے پوچھا جائیگا عمر اس کی سے کہ کس کام میں صرف کی

Marfat.com

وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ (ترمذی)

وہ اور پوچھا جاوے گا جوانی اسکی سے کہ کس چیز میں پرانی کی وہ (یعنی جوانی گویا ایک لباس ہے کہ رفتہ رفتہ پرانا ہو جاتا ہے) اور پوچھا جاویگا مال اس کے سے کہ کہاں سے کمایا اس کو (یعنی وجہ حلال سے یا حرام سے) اور کس چیز میں صرف کیا اس کو (یعنی طاعت میں یا معصیت میں) اور پوچھا جاوے گا کہ کیا کیا بیچ اُس چیز کے کہ جانا (یعنی علم کہ پڑھا عمل کیا یا نہیں)

(فائدہ:- ابوداؤد سے مروی ہے کہ کہا انھوں نے کہا اے عویمر کیا حال ہوگا تیرا جب کہا جاوے گا تجھکو دن قیامت کے کہ آیا عالم تھا تو یا جاہل اگر کہے گا تو کہ عالم تھا میں تو کہا جاوے گا تجھ کو کہ کیا عمل کیا تو نے بیچ علم کے کہ سیکھا تو نے اور اگر کہے گا تو کہ جاہل تھا میں تو کہا جائیگا تجھکو کہ کیا عذر تھا تجھکو جاہل رہنے میں کیوں علم نہ پڑھا تو نے پس نتیجہ یہ نکلا کہ جیسا جہل ذریعہ نجات نہیں ہو سکتا اسی طرح علم بلا عمل ذریعہ نجات نہیں ہو سکتا پس انسان کو چاہیے کہ احکام دین سیکھے اور ان کو عمل میں لاوے۔)

۹۰- دنیا بقدر ضرورت

وَقَالَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَّمْشِيْ عَلَى الْمَآءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَذٰلِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ (بیہقی)

اور فرمایا کہ آیا کوئی چلتا ہے پانی پر بغیر تر ہونے قدموں اپنے کے کہا صحابہؓ نے کہ کوئی نہیں یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (یعنی ایسا کوئی نہیں کہ چلے پانی پر اور تر نہ ہوں قدم اس کے) فرمایا آنحضرت نے اسی طرح دنیا دار سلامت نہیں رکھتا

Marfat.com

گناہوں سے (یعنی جو شخص کہ دولت میں یا دنیا کے کاموں میں پڑا گناہ سے سالم نہیں رہتا غالباً اس میں خوفِ شدید دلاتا ہے غنیوں کے لئے اور نہایت رغبت دلاتی ہے زہدِ دنیا پر اور ترجیح دیتا ہے آخرت کو دنیا پر) پس انسان کو چاہیے کہ حاجت سے زائد دنیا میں نہ پڑے۔ اور ہر وقت طالب رضائے الٰہی رہے۔

۹۱۔ فضیلتِ ذکر

وَقَالَ الشَّیْطَانُ جَاثِمٌ عَلٰی قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ فَاِذَا ذَکَرَ اللّٰہَ تَعَالٰی خَنَسَ وَاِذَا غَفَلَ وَسْوَسَ (بخاری)

اور فرمایا کہ شیطان آدمی کے قلب پر جما ہوا بیٹھا ہے جب آدمی اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے تو وہ ہٹ جاتا ہے اور جب غافل ہوتا ہے تو وسوسہ ڈالنے لگتا ہے۔

۹۲۔ مہاجر حقیقی

وَقَالَ الْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَی اللّٰہُ عَنْہُ (بخاری)

اور فرمایا مہاجر حقیقی وہ شخص ہے جو ترک کردے اُن امور کو جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

(فائدہ: حضرت صوفیہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ ظاہر بدون باطن کے قابل اعتبار نہیں اور مقصود اعمال سے ان کے حقائق و معانی ہیں۔ اس حدیث میں اس پر صاف دلالت ہے کہ اگر کوئی شخص ظاہراً ہجرت کرے مگر جو اصل غرض ہے ہجرت سے کہ نامرضیات سے کنارہ کرنا اسکا اہتمام نہ کرے تو وہ حقیقتاً مہاجر نہیں لیکن اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ ظاہر محض غیر مقصود ہے اصل یہ ہے کہ ہر باطن کیلئے جو ظاہر شارع نے

Marfat.com

تجویز کیا ہے بدون اس ظاہر کے وہ باطن حاصل ہی نہیں ہو سکتا۔)

۹۳۔ فراستِ مومن

وَقَالَ اتَّقُوا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُورِ اللّٰهِ تَعَالٰى (ترمذی)

اور فرمایا کہ مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ نورِ الٰہی سے دیکھتا ہے۔

(فائدہ:۔ حال فراست صفاءِ قلب کی بدولت جو کہ مواظبت ذکر اللہ اور ملازمت تقویٰ سے حاصل ہوتا ہے۔ اکثر وجدانی طور پر حقائق واقعات کے مدرک ہونے لگتے ہیں اس کو فراست کہتے ہیں گویا وہ کشف کا ایک شعبہ ہے۔ حدیث صراحتاً اسکی مثبت ہے اور حدیث میں نور اللہ عبارت اسی صفاء سے ہے جس کا سبب ذکر و تقویٰ ہے)

۹۴۔ قساوتِ قلبی

وَقَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا خَطَأَ خَطِيئَةً نُكِتَ فِي قَلْبِهِ نُكْتَةٌ فَإِذَا هُوَ نَزَعَ وَاسْتَغْفَرَ وَتَابَ صُقِلَ قَلْبُهُ وَإِنْ عَادَ زِيدَ فِيهَا حَتّٰى تَعْلُوَ قَلْبَهُ وَهُوَ الرَّانُ الَّذِي ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (ترمذی)

اور فرمایا کہ بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے قلب میں ایک دھبہ پیدا ہو جاتا ہے پھر جب وہ باز آتا ہے اور توبہ استغفار کر لیتا ہے تو اس کا قلب صاف ہو جاتا ہے اور اگر دوبارہ پھر کرتا ہے تو اس دھبہ میں ترقی ہوتی ہے یہاں تک کہ اس کے قلب کو محیط ہو جاتا ہے اور یہ وہی زنگ ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا ہے۔ کلا بل ران علیٰ قلوبہم ما کانو یکسبون جس کا ترجمہ یہ ہے کہ یوں نہیں بلکہ ان کے دلوں پر ان کے اعمال

Marfat.com

بد کا زنگ چڑھ گیا ہے۔

(فائدہ:۔ اکثر بزرگوں کے کلام میں وارد ہے کہ ذکر و طاعت سے قلب نورانی ہو جاتا ہے اور غفلت و معصیت سے قلب ظلماتی ہو جاتا ہے اس حدیث میں اسی نور و ظلمت کا ذکر ہے پس آثار ذکر و طاعت کے انوار ہیں اور آثار غفلت و معصیت کے ظلمات)

۹۵۔ چلہ کشی

وَقَالَ مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰہِ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا ظَھَرَتْ یَنَابِیْعُ الْحِکْمَۃِ مِنْ قَلْبِہٖ عَلٰی لِسَانِہٖ (رزین)

اور فرمایا جو شخص چالیس دن تک اللہ کے لئے خلوص کے ساتھ عبادت اختیار کرے علم کے چشمے اس کے قلب سے جوش زن ہو کر اس کی زبان سے ظاہر ہوتے ہیں (یعنی اکثر بزرگوں سے چلہ کشی کا اہتمام منقول ہے یہ حدیث اس کی اصل ہے)

۹۶۔ بیعتِ طریقت

وَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَحَوْلَہٗ عِصَابَۃٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ بَایِعُوْنِیْ عَلٰی اَنْ لَّا تُشْرِکُوْا بِاللّٰہِ وَلَا تَسْرِقُوْا الْحَدِیْثَ (بخاری و مسلم)

اور فرمایا حضرت علیہ السلام نے اس حال میں کہ گرداگرد آپ کے اصحاب کی ایک جماعت تھی کہ تم لوگ مجھ سے اس بات پر بیعت کر لو کہ تم شرک نہ کرو گے اور چوری نہ کرو گے آخر حدیث تک۔

(فائدہ:۔ حدیث شریف میں تصریح ہے کہ جن لوگوں کو آپ نے بیعت کا امر فرمایا وہ صحابہ تھے۔ اس سے ثابت ہوا کہ علاوہ بیعت اسلام و جہاد کے ترک معاصی و التزام طاعت کیلئے بھی بیعت ہوتی تھی یہی بیعت طریقت ہے جو صوفیاء میں معمول ہے پس اسکا انکار ناواقفی ہے)

Marfat.com

۹۷۔ علاج جلاء قلب

وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَءُ كَمَا يَصْدَءُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا جَلَاءُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ۔

(بیہقی)

اور فرمایا حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہ ان دلوں کو بھی لوہے کی طرح جبکہ اس کو پانی پہنچتا ہے زنگ لگجاتا ہی عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ اس کا جلا کس چیز سے ہوتا ہے۔ فرمایا موت کو بکثرت یاد کرنے سے اور قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے۔

۹۸ جواز توسل و قرارت شجرہ

وَكَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ (مشکوۃ)

اور تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح کی دعا کرتے بتوسل فقراء مہاجرین کے

(فائدہ:۔ اہل طریق میں مقبولان الٰہی کے توسل سے دعا کرنا بکثرت شائع ہے اس حدیث سے اس کا اثبات ہوتا ہے اور شجرہ پڑھنا جو اہل سلسلہ کے یہاں معمول ہے اس کی بھی یہی حقیقت اور غرض ہے)

۹۹۔ فضیلت غرباء و جواز توسل

وَقَالَ اَبْغُوْنِيْ فِيْ ضُعَفَائِكُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ اَوْ تُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِكُمْ

(ابوداؤد)

اور فرمایا مجھکو قیامت کے روز غرباء میں ڈھونڈنا کیونکہ غرباء کی ایسی فضیلت ہے کہ تمکو رزق یا فرمایا کہ دشمنوں پر غلبہ غرباء ہی کے طفیل سے میسر ہوتا ہی

Marfat.com

(فائدہ:۔ مثل حدیث بالا اس سے بھی توسل کا جواز ثابت ہے بلکہ اس میں مطلق اسلام ہی توسل کے لئے کافی معلوم ہوتا ہے کیونکہ غیر مسلم تو یقیناً مراد نہیں ہے مگر شرط یہ ہے کہ اس شخص میں کوئی حیثیت مقبولیت کی ہو مثل مسکنت مذکورہ فی الحدیث کے)

۱۰۰۔ حقیقت و ثبوت حال و وجد اہل طریقت

عَنْ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِيِّ قُلْتُ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَسْئَالُكَ بِحَقٍّ وَّبِحَقٍّ لَمَا حَدَّثْتَنِيْ حَدِيْثًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلْتَهٗ وَ عَلِمْتَهٗ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اَفْعَلُ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَقَلْتُهٗ وَعَلِمْتُهٗ ثُمَّ نَشَغَ اَبُوْهُرَيْرَةَ نَشْغَةً فَمَكَثْنَا طَوِيْلًا ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ لَاُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ مَا مَعَنَا اَحَدٌ غَيْرِيْ

شفی اصبحی سے روایت ہے کہ میں نے ابوہریرہؓ سے کہا کہ میں آپ سے حق کے لئے اور پھر حق کے لئے درخواست کرتا ہوں کہ مجھ سے کوئی ایسی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کیجئے جس کو آپ نے خوب سمجھا ہو اور بوجھا ہو۔ ابوہریرہ رضؓ نے فرمایا کہ ہاں میں ایسا کروں گا۔ میں تم سے ایسی ہی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کروں گا جس کو میں نے سمجھا ہوگا اور بوجھا ہوگا پھر ابوہرہؓ نے ایک چیخ ماری (یہ کیفیت بیتابی کی یا تو شدت خوف سے ہوئی ہو کہ حدیث کا بلا کمی بیشی کے بیان کرنا بڑی احتیاط کی بات ہو اور یا شدت شوق سے تھا

Marfat.com

وَغَيْرُهُ ثُمَّ نَشَغَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً ثُمَّ أَفَاقَ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَقَالَ أَفْعَلُ لَأُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَهُوَ فِي الْبَيْتِ مَا مَعَنَا أَحَدٌ غَيْرِيْ وَغَيْرُهُ ثُمَّ نَشَغَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً ثُمَّ مَالَ خَارًّا عَلٰى وَجْهِهِ فَأَسْنَدْتُهُ طَوِيْلًا ثُمَّ أَفَاقَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ

(ترمذی)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجالست آنکھوں میں پھر گئی) ہم بڑی دیر تک منتظر رہے پھر اُن کو افاقہ ہوا اور فرمایا کہ میں تم سے ضرور ایسی حدیث بیان کرونگا جو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مکان میں بیان فرمائی ہے کہ ہمارے پاس اُس وقت کوئی نہ تھا بجز میرے اور بجز آپ کے پھر ابوہریرہؓ نے بڑے زور سے ایک چیخ ماری پھر انکو افاقہ ہوا اور پسینہ منہ پر سے پونچھا اور فرمایا کہ میں یہ کام کروں گا میں اور آپ اس مکان میں تھے۔ ہمارے پاس اس وقت کوئی نہ تھا بجز میرے اور بجز آپ کے۔ پھر ابوہریرہ رضؓ نے بڑے زور سے چیخ ماری پھر آگے کو جھک کر منہ کے بل گر پڑے میں ان کو بڑی دیر تک اپنے سہارے لگائے رہا پھر افاقہ ہوا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے بیان فرمائی۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

(فائدہ:۔ وجد کسی حالت غریبہ محمودہ کا غلبہ جو ریاسے نہ ہو اصطلاح میں وجد کہلاتا ہے حال اور وجد پر حدیث کی دلالت ظاہر ہے اور سلف کو بوجہ قوتِ تحمل کے اس درجہ

Marfat.com

کا وجد کم ہوتا تھا لیکن احیاناً ہونے سے انکار نہیں ہو سکتا)

۱۰۱۔ وجدِ کاملین

عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتْ مَا کَانَ اَحَدٌ مِّنَ السَّلَفِ یُغْشٰی عَلَیْہِ وَلَا یَصْعَقُ عِنْدَ تِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ وَاِنَّمَا کَانُوْا یَبْکُوْنَ وَیَقْشَعِرُّوْنَ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُھُمْ وَقُلُوْبُھُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ (رزین)

حضرت اسماءؓ سے روایت ہے کہ سلف (یعنی صحابہ اور تابعین) میں سے تلاوت قرآن کے وقت نہ کسی پر بیہوشی ہوتی تھی اور نہ کوئی چیختا تھا صرف رویا کرتے تھے اور ان کے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے پھر خدا کی یاد کی طرف ان کے پوست اور قلوب نرم ہو جاتے تھے۔

(فائدہ:۔ مسئلہ وجد کاملینِ وجد کی حقیقت تو اوپر بیان ہو چکی ہے اِس حدیث میں کاملین کا وجد مذکور ہے اور قرآن مجید میں بھی اسی کا تذکرہ ہے اور غشی اور صعق جس کو عوام وجد سمجھتے ہیں وہ وجد کی متوسط درجہ کی قسم ہے جو سلف میں کم پائی جاتی ہے جیسے کہ حدیث بالا میں حضرت ابو ہریرہؓ کا بیہوش ہو جانا مروی ہے)

۱۰۲۔ مُنکرات سے روکنا حتی الامکان

وَقَالَ مَنْ رَاٰی مِنْکُمْ مُّنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ (مسلم)

اور فرمایا جو شخص کہ دیکھے یعنی جانے تم میں سے کوئی امر خلاف شرع پس چاہیے کہ تغیر کرے اس کو ساتھ ہاتھ اپنے کے (مثلاً باجے توڑ ڈالے اور غصب کی چیز مالک کو دلوا دے) پس اگر طاقت نہ رکھے

Marfat.com

ہاتھ سے تغیر کرنے کا بسبب فاعل اس کے قوی ہونے کے اس سے پس تغیر کرے اپنی زبان سے اور پڑھے آیت وعید کی اس کے آگے اور نصیحت کرے اور ڈراوے اور سخت سست کہے اگر سیدھی طرح نہ مانے پس اگر تغیر نہ کر سکے زبان سے پس تغیر کرے ساتھ دل کے یعنی مکروہ رکھے دل سے اور سوزش دل ہو اور ارادہ رکھے اس کے تغیر کا زبان اور ہاتھ سے بر تقدیر قدرت اور عداوت اور کنارہ کرے اس کے کرنے والے سے نہ نرا انکار اور بے رضائی ہو اور یہ تغیر کرنا ساتھ دل کے سست ترین ایمان کا ہے۔

(فائدہ:۔ یعنی سست ترین زمانہ ایمان کا ہے اس لئے کہ اگر ہوتے اہل زمانہ قوی تو قادر ہوتے اوپر انکار قول اور فعل کے اور نہ محتاج ہوتے طرف اختصار کے اوپر انکار قلبی کے)

۱۰۳۔ حقیقتِ افلاس و مفلس

وَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوْا اَلْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِيْ مَنْ يَّاْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِصَلٰوةٍ وَّصِيَامٍ وَّزَكٰوةٍ وَّيَاْتِيْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ

اور فرمایا صحابہ سے کہ آیا جانتے ہو تم کہ کون شخص ہے مفلس۔ کہا بعض صحابہ نے کہ مفلس ہم میں وہ شخص ہے کہ نہیں درہم واسطے اس کے اور نہ اسباب یعنی نقد و جنس سے کچھ نہ رکھتا ہو حاصل یہ کہ انھوں نے جواب دیا ساتھ اس چیز کے کہ وہ جانتے تھے بحسب عرف اہل دنیا کے اور غافل ہوئے امر آخرت سے۔ پس فرمایا تحقیق مفلس میری امت

Marfat.com

وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ۔ (مسلم)

یعنی امت اجابت سے حقیقت میں وہ شخص ہے کہ آئیگا دن قیامت کے ساتھ نماز روزے اور زکوٰۃ کے یعنی طرح طرح کی عبادتیں مقبول اس کے پاس ہوں گی اور آوے اس حالت میں کہ گالی دی ہے کسی کو اور تہمت لگائی ہے کسی کو اور (ناحق) کھا گیا ہے مال کسی کا اور خون کیا ہے (ناحق) کسی کا اور مارا ہے کسی کو بغیر استحقاق کے یا زیادہ اس چیز سے کہ مستحق ہے اس چیز کا یعنی مفلس حقیقی وہ ہے کہ جس نے جمع کیا درمیان ان عبادات کے اور اُن برائیوں کے پس دیا جاوے گا یہ مظلوم صاحب حق یعنی نیکیوں ظالم کی سے اور یہ یعنی اور شخص صاحب حق نیکیوں اس کی سے پس اگر تمام ہو جاویں گی نیکیاں اس کی پہلے اس کے کہ حکم کیا جاوے ساتھ جزا گناہ کے کہ اس پر ہے یعنی ہنوز جزا اُن حقوق کی کہ اس پر ہیں تمام ہوں گے کچھ باقی رہ جاویں گے تو دیجاویں گی برائیاں مظلوموں کی اور ڈالی جاویں گی ظالم پر پھر ڈالا جاوے گا وہ آتش دوزخ میں

۱۰۴۔ ظلم کی برائی

وَقَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَبْدٌ اَذْهَبَ اٰخِرَتَهٗ بِدُنْيَا غَيْرِهٖ (ابن ماجہ)

اور فرمایا بدترین آدمیوں میں اور درجے مرتبہ دن قیامت کے وہ بندہ ہے کہ کھوئی اپنی آخرت بسبب دنیا غیر اپنے کے یعنی دنیا واسطے دوسرے کے

Marfat.com

حاصل کی اور بسبب اُس کے ظلم لوگوں پر کیا (جیسا کہ عمال اور مددگار ظالموں کی کرتے ہیں)

۱۰۵ - اقسام نامۂ اعمال

وَقَالَ الدَّوَاوِيْنُ ثَلَاثَةُ دِيْوَانٌ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَدِيْوَانٌ لَّا يَتْرُكُهُ اللّٰهُ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ حَتّٰى يَقْتَصَّ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَّدِيْوَانٌ لَا يَعْبَاءُ اللّٰهُ بِهٖ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ اللّٰهِ فَذَاكَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَذَّبَهٗ وَاِنْ شَآءَ تَجَاوَزَ عَنْهُ (بیہقی)

اور فرمایا کہ دفتر یعنی نامۂ اعمال تین طرح کے ہیں ایک وہ نامۂ اعمال کہ نہیں بخشتا اللہ تعالیٰ اس چیز کو کہ اس میں ہے وہ وہ نامۂ اعمال ہے کہ اس میں شریک کرتا ہے کسی چیز کو ساتھ خدا کے یعنی کفر ہے فرماتا ہے اللہ عز وجل کہ خدا تعالیٰ نہیں بخشتا شرک اور دوسرا وہ نامۂ اعمال ہے کہ نہیں مہمل چھوڑے گا اس کو خدا تعالیٰ اور بالضرور حکم کرے گا ساتھ اس کے وہ ظلم ہے بندے کا آپس میں یہاں تک کہ بدلہ لے بحکم الٰہی بعض ان کا بعض سے یعنی یا فضل کرے اللہ بعضوں پر ساتھ راضی کر دینے مدعیوں ان کے کے پس وہ بمنزلہ بدلہ لینے کے ہوگا قائمقام دیت کے دنیا میں۔ اور تیسرا وہ نامۂ اعمال ہے کہ نہیں پرواہ کرتا اللہ تعالیٰ ساتھ اُس کے یعنی اگر چاہے موافق اس کے حکم کرے اور اگر چاہے نہ کرے وہ یہ ظلم کرنا بندے کا درمیان اپنے اور درمیان خدا کے یعنی قصور کرنا اللہ

Marfat.com

کے حقوق ہیں پس یہ سپرد ہے طرف اللہ کے۔ اگر چاہے عذاب کرے بندے کو بسبب اس عمل کے اور اگر چاہے درگذر کرے اس سے اور عذاب نہ کرے۔

(فائدہ: پس معلوم ہوا کہ بندوں کے حقوق کا البتہ مواخذہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے حقوق میں شرک نہیں بخشا جائیگا اور باقی موقوف ہیں مشیت ایزدی پر چاہے عذاب کرے چاہے بخشدے)

۱۰۶۔ وِرد اللہ اللہ کا ثبوت

وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلے اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی لَا یُقَالَ فِی الْاَرْضِ اَللّٰہُ اَللّٰہُ۔ (مسلم)

اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت قائم نہوگی یہاں تک کہ ایسی ہوجاوے گی کہ دنیا میں اللہ اللہ نہ کہا جاوے گا۔

(فائدہ: بعض کا اس طریق ذکر پر اعتراض ہے کہ... اللہ اللہ مفرد ہے اس لئے نہ کسی معنی خبری کو مفید ہے نہ معنی انشائی کو پھر اس ذکر بے معنی سے کیا فائدہ۔ مگر حدیث میں خود اسی افراد کے ساتھ اس نام پاک کو مقبول بتایا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ محض اسی کا تکرار بھی مشروع ہے۔ اور معنی خبر اور انشا میں منحصر نہیں۔ اگر اس سے تبرک استحضار محض ہی مقصود ہے تو بے معنی اور غیر مفید کیوں ہوگا ارشاد خداوندی وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ ظاہراً الفاظ سے محض اسم کے ذکر کو بھی عام ہے)

۱۰۷۔ بناء اسلام

وَقَالَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَہَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

اور فرمایا پانچ چیزوں پر اسلام کی بنا ہے اول شہادت توحید اور رسالت دوم نماز کا قائم کرنا سوم زکوٰۃ کا ادا

Marfat.com

وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوۃِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ (بخاری ومسلم)

کرنا چہارم حج بیت اللہ کا کرنا اور پنجم رمضان شریف کے روزے رکھنا۔

(فائدہ:۔ گویا اسلام بمنزلہ ایک مکان کے ہے جیسا کہ مکان بغیر اپنی بنیاد کے قائم نہیں ہو سکتا اسی طرح اسلام بغیر ان پانچ رکنوں کے قائم نہیں ہو سکتا)

۱۰۸۔ نماز

وَقَالَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ (مسلم)

اور فرمایا بندے کو کفر سے ملا دینے والی چیز ترکِ نماز ہی ہے۔

(فائدہ:۔ ہر قوم کی اپنی اپنی خاص علامت ہوتی ہے جس سے وہ پہچانی جاتی ہے جسے شعار کہا جاتا ہے۔ اسلام کا شعار نماز ہے۔ شعار کے گم ہونے کے بعد کوئی امتیازی نشان پھر باقی نہیں رہتا یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں منافقوں کو بھی نماز پڑھنی پڑتی تھی تاکہ اس کے ترک سے اُن پر کفر کا حکم نہ لگایا جاوے)

۱۰۹۔ فضیلتِ مساجد

وَقَالَ اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ مَسَاجِدُھَا وَاَبْغَضُ الْبِلَادِ اِلَی اللّٰہِ اَسْوَاقُھَا (مسلم)

اور فرمایا سب سے پیاری جگہیں اللہ تعالیٰ کے یہاں مسجدیں ہیں اور سب سے مبغوض جگہیں اللہ تعالیٰ کے یہاں بازار ہیں۔

(فائدہ:۔ انسان کی پیدائش کا مقصد یادِ الٰہی کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسکی یاد سب سے زیادہ محبوب چیز ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ محبوب کی قیام گاہ بھی محبوب ہوتی ہے اس لئے مسجدیں سب سے زیادہ محبوب ہیں اور یادِ الٰہی سے غفلت اللہ تعالیٰ کے یہاں مبغوض ہے، اور غفلت کے اسباب جس جگہ سب سے زیادہ پائے جاتے ہیں وہ بازار ہیں اس لئے مبغوض ترین جگہ ہیں

Marfat.com

۱۱۰- زکوٰۃ

وَقَالَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكٰوتَهٗ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ شِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ۔ (بخاری)

اور فرمایا جس شخص کو کہ اللہ نے دیا مال پس نہ ادا کی زکوٰۃ اسکی بنایا جاویگا اس کے لئے مال اس کا دن قیامت کے سانپ گنجا واسطے اس کے ہوں گے دو نقطے سیاہ آنکھوں پر بطور طوق کے ڈالا جاویگا وہ سانپ اس کی گردن میں دن قیامت کے پھر پکڑیگا دونوں طرفیں منہ اسکے کی یعنی دونوں باچھیں اسکی پھر کہے گا میں ہوں مال تیرا میں ہوں خزانہ تیرا۔

(فائدہ:- سانپ گنجا یعنی اس کے سر پر بال نہوں گے یہ علامت ہے بہت زہریلے ہونے اور درازی عمر کی)

۱۱۱- تاکیدِ حج

وَقَالَ مَنْ لَّمْ يَمْنَعْهُ مِنَ الْحَجِّ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ اَوْ سُلْطَانٌ جَائِرٌ اَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ فَمَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ اِنْشَاءَ يَهُوْدِيًّا وَاِنْشَاءَ نَصْرَانِيًّا (دارمی)

اور فرمایا کہ جو شخص کہ نہ منع کیا اس کو حج سے حاجت ظاہری نے (کہ نہ ہونا توشے اور سواری کا ہے) یا بادشاہ ظالم نے یا مرض بند کرنے والے نے پس مرگیا اور حج نہ کیا پس چاہئے کہ مرے اگر چاہے یہودی ہو کر اور چاہے نصرانی ہو کر۔

(فائدہ:- حاصل حدیث کا یہ ہے کہ جس کے پاس سواری اور خرچ راہ ہو اور کوئی بادشاہ

Marfat.com

ظالم اور بیماری بھی مانع نہ ہو پھر باوجود اس کے حج نہ کرے تو چاہے یہودی ہو کر مرے چاہے نصرانی ہو کر اللہ کو کچھ پرواہ اس کی نہیں ہے)

۱۱۲- اجرِ حج

وَقَالَ مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ (بخاری)

اور فرمایا کہ جو شخص حج کرے واسطے اللہ کے پس نہ صحبت کرے اپنی عورت سے اور نہ فسق کرے پھرتا ہے مانند اس دن کے کہ جنا اس کو ماں اسکی نے

(فائدہ:- حاصل یہ کہ جو کوئی خالصاً للہ حج کرے اور اس میں جماع اور کلام بد نہ کرے اور نہ اور کوئی گناہ کی چیزیں کرے تو وہ ایسا پاک گناہوں سے ہو کر پھرتا ہے جیسا پاک گناہوں سے پیدا ہوا تھا ماں کے پیٹ سے)

۱۱۳- رمضان کے روزے

وَقَالَ مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَلَا مَرَضٍ لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَإِنْ صَامَهُ۔ (ترمذی وابوداؤد)

اور فرمایا جو شخص کہ افطار کرے قصداً ایک دن بھی رمضان سے بدون رخصت کے اور بدون مرض کے نہیں بدلا اُتارتا ہے اُس سے روزہ رکھنا تمام عمر کا اگرچہ روزے رکھے تمام عمر۔

۱۱۴- دین میں نئی چیز نکالنا

وَقَالَ مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ (بخاری)

اور فرمایا جو شخص ہمارے اس دین میں کوئی نئی چیز داخل کرے گا جو اس میں

Marfat.com

سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے۔

(فائدہ:۔ یعنی جس شخص نے اسلام میں کوئی ایسی چیز نکالی جس کی کتاب و سنت سے کوئی سند ظاہر یا خفی ملفوظ یا مستنبط نہ مل سکے تو وہ مردود ہے)

۱۱۵۔ ہر بات کی تحقیق کرنی چاہئے

وَقَالَ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ (مسلم)

اور فرمایا آدمی کے جھوٹا ہونے کیلئے یہ کافی ہے کہ جو بات سنے وہی نقل کر دے

(فائدہ:۔ اس حدیث شریف میں اس شخص کو ڈانٹا گیا ہے جو ہر سنی ہوئی بات نقل کر دیتا ہے خواہ وہ سچی بھی نہ ہو بلکہ انسان کا فرض ہے کہ جو بات سنے اس کی تحقیق کر لے تاکہ سچ اور جھوٹ معلوم ہو جاوے)

۱۱۶۔ وضو اور غسل کیلئے پانی کی مقدار

وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ اِلٰى خَمْسَةِ اَمْدَادٍ (بخاری)

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک مد پانی سے وضو کرتے اور ایک صاع یا پانچ مد غسل میں صرف کرتے۔

(فائدہ:۔ مد دو رطل کا ہوتا ہے اور صاع آٹھ رطل کا۔ ضرورت کے سوا پانی ضائع کرنے کی شریعت میں ممانعت ہے آٹھ رطل یعنی چار سیر سے بآسانی غسل ہو سکتا ہے مثلاً استنجا کر کے اس کے بعد وضو کرے اس کے بعد تھوڑا سا پانی لیکر سارے بدن پر مل دے تاکہ بدن تر ہو جاوے پھر سارے بدن پر تین دفعہ پانی بہاوے۔

۱۱۷۔ گناہ کو اچھا اور برا سمجھنا

وَقَالَ اِذَا عَمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِيْ

اور فرمایا کہ جس وقت کئے جاویں گناہ

Marfat.com

الْاَرْضِ مِنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا
كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ
عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا
(ابو داؤد)

مومن پس بُرا جانے اُن گناہوں کو
یعنی دل سے بُرا جانے تو ہوگا مانند
اس شخص کے کہ غائب ہے ان سے یعنی
اور نہ جانا ان کو اور جو شخص کہ غائب
ہو اُن سے یعنی اور جانا ان کو پس راضی ہو ان سے اور اچھا جانے ان کو ہوگا مانند
اس شخص کے کہ حاضر ہوا گناہوں میں یعنی اور نہ بُرا جانا اُن کو۔

(فائدہ:۔ یعنی حقیقت حاضر اور غائب ہونے کی دل سے ہے نہ تن سے۔ جب ایک
چیز کو مکروہ و ناخوش رکھے دل سے تو حقیقت میں اس سے غائب ہے اگرچہ ظاہر میں حاضر
ہے اور جب دل سے اس سے راضی و خوش ہو تو حاضر ہے (اگرچہ بظاہر غائب ہے)

۱۱۸۔ شہرت

وَقَالَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الشَّرِّ
اَنْ يُّشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ
دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ
اللّٰهُ (بیہقی)

اور فرمایا کہ کفایت کرتی ہے مرد کو
بُرائی سے یہ کہ اشارہ کیا جاوے طرف
اس کے ساتھ انگلیوں کے دین میں یا
دنیا میں مگر جس کو کہ بچاوے اللہ تعالیٰ

(فائدہ:۔ مشہور و انگشت نما ہونا دنیا میں تو ظاہر ہے کہ کُل آفت اور سبب باہر پڑنے
کی راہ امن و سلامت سے ہے اور دین میں اس لئے کہ وہ بھی منطنہ پڑنے کا بیج حال دیا اور حُبّ
ریاست اور امامت اور تقدم اور اعتقاد لوگوں کے اور تعظیم ان کی کے اور شہوات خفیہ
نفسانیا و مکروں نفس اور بہکانے شیطان کا ہے اور ایسے لوگ بہت کم ہیں کہ نجات
پاویں اس سے اور سلامت رہیں اس میں مگر مقرب اور صدیق جیسے کہ کہا ہے مشائخ کرام نے

Marfat.com

اٰخِرُ مَا یَخْرُجُ مِنْ رَاْسِ الصِّدِّیْقِیْنَ حُبُّ الْجَاہِ پس گوشہ نشینی اور گمنامی بہر حال بہتر ہے اور ساتھ سلامتی اور حفظ حال کے زیادہ تر مگر جس کو بچاوے اللہ تعالیٰ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس شخص کے حق میں ہے کہ محبت ریاست وجاہ کی اور قبولیت لوگوں کے دلوں کی دامنگیر اس کے حال کی نہ ہو۔ اور جو کہ محفوظ اور مخلص ہیں وہ مستثنیٰ ہیں اس سے چنانچہ فرمایا ہے رب العزت نے اپنے کلام پاک میں اور حکایت کی حال خواص بندوں اپنے سے واجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ط۔

۱۱۹۔ خلقِ مراقبہ اور اس کا ثبوت

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَنْکِبِیْ وَقَالَ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ (اخرجہ البخاری وترمذی) وزاد بعد قولہ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ وَّعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا کندھا پکڑ کر ارشاد فرمایا کہ دنیا میں اس طرح رہ گویا تو مسافر ہے بلکہ راہ میں گذر رہا ہے (روایت کیا اس کو بخاری اور ترمذی نے) اور ترمذی نے عابر سبیل کے بعد یہ جملہ اور زیادہ روایت کیا ہے کہ اپنے کو اہل قبور میں سے شمار کیا ہے۔

(فائدہ:۔ تائید قول موتوا قبل ان تموتوا۔۔۔۔ یہ حدیث اس قول کی ہم معنی ہے پس اگر اس کو اس حدیث کی روایت بالمعنی کہا جاوے تو مستبعد نہیں اور اکثر صحیح اقوال ان حضرات کے بنام حدیث جو مشہور ہیں تو بیشتر ان کے مضامین احادیث میں وارد ہیں اس لئے صوفیاء کو وضاعین حدیث کہنا زیادتی ہے خلقہ مراقبہ

Marfat.com

کسی مضمون کا دل سے اکثر احوال میں یا ایک محدود وقت تک اس غرض سے کہ اسکے مقتضا پر عمل ہونے لگے تصور رکھنا مراقبہ کہلاتا ہے جو اعمالِ مقصودہ قلب میں سے ہی اس حدیث میں اسکا امر ہے کہ کیونکہ اہلِ قبور میں سے اپنے کو شمار کرنا عمل قلب کا ہے۔ اور اثر جو اس پر مرتب ہے وہ تقلیلِ تعلقات دنیویہ اور مثلِ ہیبت کے شہوت اور غضب و اخلاقِ ذمیمہ کا مضمحل اور انقیاد و تفویض کا غالب ہو جانا ہے اور دوسرے موقعہ پر حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یا غلام احفظ اللہ تجدہ تجاھک احفظ اللہ کا جو مطلب ہے وہی حاصل ہے مراقبہ کا جو اہلِ طریق کے عادات لازمہ سے ہے رہ گئی خاص ہیئت وہ محض اسکے راسخ ہونے کے لئے ہے۔ اس لئے اس ہیئت کے منصوص ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

۱۲۰۔ تصرّف و ہمّت اور توجہ معمولہ اہلِ طریقت کا ثبوت

عَنْ اُبَیِّ ابْنِ کَعْبٍ قَالَ کُنْتُ فِی الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ یُّصَلِّیْ فَقَرَاَ قِرَاءَۃً اَنْکَرْتُھَا عَلَیْہِ ثُمَّ دَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَاَ قِرَاءَۃً سِوٰی قِرَاءَۃِ صَاحِبِہٖ فَلَمَّا قَضَیْنَا الصَّلٰوۃَ دَخَلْنَا جَمِیْعًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ ھٰذَا قَرَاَ قِرَاءَۃً اَنْکَرْتُھَا عَلَیْہِ وَ دَخَلَ اٰخَرُ فَقَرَاَ سِوٰی قِرَاءَۃِ صَاحِبِہٖ فَاَمَرَھُمَا النَّبِیُّ

حضرت اُبَی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ میں مسجد میں تھا ایک شخص آکر نماز پڑھنے لگا اور قرآن مجید اس طرح سے پڑھا کہ میں اُس کو غلط سمجھا (کیونکہ کچھ کلمات اُن کی یاد کیخلاف پڑھے تھے) پھر ایک اور شخص آیا اُس نے اور ہی طرح قرآن مجید پڑھا جب ہم سب نماز پڑھ چکے تو ہم سب کے سب حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پہنچے اور میں نے عرض کیا کہ اس شخص نے قرآن مجید اسطرح پڑھا تھا کہ میں اسکو غلط سمجھا اور یہ دوسرا جو

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ فَحَسَّنَ شَأْنَهُمَا فَسَقَطَ فِي نَفْسِي مِنَ التَّكْذِيبِ وَلَا إِذْ كُنْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ غَشِيَنِي ضَرَبَ فِي صَدْرِي فَفِضْتُ عَرَقًا وَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى اللّٰهِ فَرَقًا الحدیث (مسلم)

آیا تو اُس نے اور ہی طرح پڑھا۔ آپ نے ان دونوں سے فرمائش کی اور ان دونوں نے پڑھا تو آپ نے دونوں کا پڑھنا ٹھیک بتلایا میرے دل میں تکذیب (کی کیفیت درجۂ وسوسہ میں) واقع ہوئی وہ بھی جاہلیت کی سی نہیں (بلکہ اس سے بھی زیادہ) جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری یہ حالت دیکھی جو مجھ پر غالب ہو رہی تھی تو آپ نے میرے سینے میں ہاتھ مارا میں پسینہ پسینہ ہو گیا اور خوف سے میری یہ حالت ہوئی کہ گویا اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہوں (پھر آپ نے وجہ تحسین ان سب قراءتوں کی بتلائی کہ ان سب وجوہ سے پڑھنے کی اجازت ہے۔

فائدہ:۔ عادتاً ہاتھ مارنا جس سے یہ حالت ہو گئی تصرف ہے ایسے ہی دوسری حدیث جو حضرت عائشہؓ سے مروی ہے جس وقت کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلی دفعہ نزول وحی ہوا تھا اور حضورؐ نے فرمایا تھا ما انا بقاری فاخذنی فغطنی حتی بلغ منی الجهد الحدیث یہ فرشتہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تھے انکا پڑھنے کے لئے کہنا بایں معنیٰ نہ تھا کہ جو پہلے سے یاد ہو وہ پڑھئے بلکہ یہ کہنا ایسا تھا جیسے استاد بچے کے سامنے (ا ب ت) رکھ کر کہتا ہے کہ پڑھو یعنی جو میں بتلاؤں نگا وہ پڑھو پھر آپ کا فرمانا کہ میں پڑھا ہوا نہیں یا تو اس بناء پر ہے کہ آپکا ذہن مبارک اقراء کے اس معنی کی طرف منتقل نہیں ہوا اور یا آپکو قرائن سے مظنون ہوا کہ کوئی ایسی چیز پڑھوائیں گے جس کے اخذ و ضبط کے لئے پہلے سے پڑھے لکھے ہونے کی ضرورت ہے بہرحال اسکی ضرورت تھی کہ اس قراءۃ مامور بہا کے اخذ اور تلقی کے لئے آپ کی استعداد کی تقویت کی تکمیل کی جائے۔ اس غرض سے فرشتے نے آپ کو کئی بار دبایا تاکہ قوتِ توجہ و ہمت سے آپ کے قلب میں تصرف کریں اس طرح اس حدیث سے اس عمل کا بھی اثبات ہوتا ہے تاثرِ جوارح از فیض غیبی۔ چونکہ فیوض غیبیہ سے قلب متاثر ہوتا ہے اور جوارح تابع قلب کے ہیں اگر وارد قوی ہوتا ہے تو جوارح پر بھی اثر آتا ہے حتیٰ کہ بعض اوقات غیب محض ہو جاتی ہے اس حدیث

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بیانِ اشغال و اذکار و مراقبات طریقۂ شریفۂ مشائخ نقشبندیہ مجددیہ قدس اللہ اسرارہم

(بزبان فارسی)

(۱) طریق اوّل۔ ذکر اسم ذات

اسم ذات بآں روش کہ زبان را بکام چسپانیدہ و دل را از خواطر و حدیث نفس تہی سازد و بزبانِ دل کہ محلش زیر پستانِ چپ بفاصلہ دو انگشت مائل بہ پہلو اسم مبارک اَللّٰہ اللّٰہ بگوید و مفہوم آں کہ ذات موصوف بجمیع صفات کاملہ و منزہ از صفات ناقصہ کہ بر آں ایمان آوردیم

(ترجمۂ اردو)

طریق اوّل۔ ذکر اسم ذات

ذکر اسم ذات اس طور پر کرے کہ زبان کو تالو سے لگا کر دل کو پریشان خیالات اور اِدھر اُدھر کی باتوں سے خالی کر کے اور زبان دل کے ساتھ کہ جسکی جگہ بائیں پستان کے نیچے دو انگلی کے فاصلے پر پہلو کی سمت میں ہے اسم مبارک اَللّٰہ اَللّٰہ کہے اور اسکے معنی کا لحاظ رکھے کہ (وہ ایک ذات ہے جو تمام صفات کاملہ کے ساتھ

میں آپکا کپڑے میں لپٹنا اسلئے تھا کہ بدن پر اثر لرزہ کا تھا۔ پس اس سے اسکا اثبات ہوتا ہے۔ حال وجد و استغراق کی ہاتھ مارنے سے جو حالت ہوئی یہ وجد ہے اور اسکا غلبہ غایت درجہ کا استغراق ہے اور غایت درجہ ہونا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تشبیہ دی ہے نظر الی اللہ سے اور ظاہر ہے کہ اگر نظر الی اللہ کا وقوع اس عالم میں ہوتا تو ہرگز ہوش و حواس بجا نہ رہتے۔

Marfat.com

در لحاظ دارد در تمام اوقات بریں ذکر مواظبت نماید تا دل بذکر جاری شود

موصوف ہے اور ہر قسم کے نقصانات سے پاک جس پر ہم ایمان لائے ہیں ہر وقت اس ذکر کا خیال رکھے تاکہ دل ذکرِ الٰہی کے ساتھ جاری ہو جاوے۔

۲۔ سبق دوم (لطیفۂ روح)

بعد ازاں از لطیفۂ روح کہ مکانش زیر پستانِ راست بفاصلہ دو انگشت است ہماں طور ذکر کند۔

سبق دوسرا (لطیفۂ روح)

اس کے بعد لطیفۂ روح ہے جسکی جگہ دائیں پستان کے نیچے دو انگشت کے فاصلہ پر ہے، اسی طرح ذکر کرے۔

۳۔ سبق سوم (لطیفۂ سر)

باز از لطیفۂ سر کہ محل او برابر پستان چپ بفرق دو انگشت مائل بوسطِ سینہ ہماطور ذکر کند۔

سبق تیسرا (لطیفۂ سر)

پھر لطیفۂ سر جسکی جگہ بائیں پستان کے برابر سینے کی طرف کو دو انگشت کے فاصلے پر ہے اُسی طرح ذکر کرے۔

۴۔ سبق چہارم (لطیفہ خفی)

بعد ازاں لطیفۂ خفی کہ جائش برابر پستان راست بفرق دو انگشت مائل بوسطِ سینہ ہماطور ذکر کند

سبق چوتھا (لطیفۂ خفی)

اس کے بعد لطیفۂ خفی کہ جسکی جگہ دائیں پستان کے برابر دو انگشت کے فاصلہ پر سینے کی طرف کو اسیطرح ذکر کرے

۵۔ سبق پنجم (لطیفۂ اخفیٰ)

باز از لطیفۂ اخفیٰ کہ مکانش وسط سینہ است ذکر نماید تا آنکہ

سبق پانچواں (لطیفۂ اخفیٰ)

پھر لطیفۂ اخفیٰ جسکی جگہ وسط سینہ ہی ذکر کرے حتّٰی کہ پانچوں لطیفے ذکر

Marfat.com

لطائف خمسہ جاری بذکر شوند

۶۔ سبق ششم (لطیفۂ نفس)

بعد ازاں لطیفۂ نفس کہ محلش وسط پیشانی است ذکر کند

۷۔ سبق ہفتم (لطیفۂ قالبیہ)

کہ محلش تمام بدن انسانی است ذکر کند تا از ہر بُن موئے ذکر ہویدا گردد۔ ایں را سلطان الاذکار مے نامند۔ بدانکہ گاہے سلطان الاذکار وسط فرق سر یعنی بالائے دماغ معین سازند ازاں ہم ذکر بہ تمام بدن بفضل اللہ تعالیٰ جاری گردد۔

(بدانکہ)

لطائف عالمِ خلق لطیفۂ نفس و اربع عناصر اند و اصل ہر لطیفۂ عالمِ خلق اصل لطیفۂ از لطائف عالمِ امر است چنانچہ اصل نفس اصل قلب است و اصل باد

کے ساتھ جاری ہو جائیں۔

سبق چھٹا (لطیفۂ نفس)

پھر لطیفۂ نفس کہ جگہ اس کی انسان کی پیشانی کا وسط ہے ذکر کرے۔

سبق ساتواں (لطیفۂ قالبیہ)

لطیفۂ قالبیہ کا تعلق تمام بدنِ انسانی سے ہے۔ اس ذکر سے بال بال ذکرِ الٰہی کے ساتھ جاری ہو جاتا ہے۔ اسکو سلطان الاذکار کہتے ہیں۔ جاننا چاہیئے کہ کبھی سلطان الاذکار کی جگہ دماغ کے اوپر کھوپری کے درمیان مقرر کرتے ہیں اس سے بھی تمام بدن اللہ تعالےٰ کے ذکر کے ساتھ ذاکر ہو جاتا ہے۔

(جاننا چاہیئے کہ)

لطیفۂ نفس اور اربعہ عناصر عالمِ خلق کے لطیفے ہیں اور عالمِ خلق کے ہر لطیفے کی اصل عالمِ امر کے لطیفوں میں سے کسی لطیفہ کی اصل ہے۔ چنانچہ قلب کی اصل نفس کی اصل ہے اور روح کی

Marfat.com

اصلِ روح است و اصلِ آب
اصل سِر است و اصلِ نار اصلِ خفی
است و اصلِ خاک اصل اخفیٰ است
و فناد بقار ہر لطیفہ از لطائف
عالمِ خلق مبنی است بر اصلے از اصول
لطائفِ عالم امر چنانکہ فناد بقار
عنصرِ نفس مبنی است بر تجلّی صفاتِ
افعالیہ کہ اصل قلب است۔ و فناد
بقار عنصرِ باد مبنی است بر تجلّیِ
صفات ثبوتیہ کہ اصلِ روح است
و فناد بقار عنصرِ آب مبنی است بر تجلّی
شیونات ذاتیہ کہ اصل سِر است۔ و
فناد بقار عنصرِ نار مبنی است بر تجلی
صفات سلبیہ کہ اصل خفی است و
فناء و بقار عنصرِ خاک مبنی است
بر تجلی شان جامع باری تعالےٰ
کہ اصل اخفا است۔

۸۔ سبق ہشتم (طریق ذکر نفی اثبات)

اینکہ اوّل نفس خود را زیرِ ناف

کی اصل ہوا کی اصل ہے اور سِر کی اصل
پانی کی اصل ہے اور خفی کی اصل آگ
کی اصل ہے۔ اور اخفیٰ کی اصل مٹی کی اصل
ہے اور عالمِ خلق کے لطیفوں کے ہر لطیفہ
کی فناء و بقار عالمِ امر کے لطیفوں کے
اُصولوں میں سے کسی لطیفہ پر مبنی ہے
جیسا کہ تجلّی صفات افعالیہ جو کہ اصل
قلب کی ہے نفس کے عنصر کے فناد بقار
پر مبنی ہے اور تجلی صفات ثبویہ جو کہ
اصل روح کی ہے ہوا کے عنصر کے فناد
بقار پر مبنی ہے اور تجلّی شیونات ذاتیہ جو
کہ اصل سِر کی ہے پانی کے عنصر کے فناد
بقار پر مبنی ہے اور تجلّی صفات سلبیہ
جو کہ اصل خفی کی ہے آگ کے عنصر کے
فناء و بقا پر مبنی ہے اور تجلّی شانِ جامع
اللہ تعالیٰ کی جو کہ اصل اخفیٰ کی ہے مٹی
کے عنصر کے فناد بقا پر مبنی ہے۔

سبق آٹھواں (طریق ذکر نفی و اثبات)

یہ ہے کہ پہلے سانس گو ناف کے نیچے

Marfat.com

بند کند و بزبان خیال کلمہ لَا را
از ناف تا بدماغ خود رساند و لفظِ
اِلٰہ را بر دوشِ راست فرود آرد
و لفظ اِلَّا اللّٰہ را بر دل ضرب
کند بوجہے کہ اثر ذکر بلطائف دیگر
رسد و لفظ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہ
را در وقت گذاشتن نفس بخیال
گوید و شرط در ذکر لحاظ معنی کہ نیست
مقصود بجز ذات پاک و در وقت
نفی نفی ہستی خود و نفی جمیع موجودات
نماید و در وقت اثبات اثبات
ذاتِ حق تعالیٰ سبحانہٗ ملحوظ دارد
و نیز از شرط در ہر ذکر چند بار
بزبان خیال بہ کمال خاکساری و
نیازمندی مُناجات و التجا
کردن کہ خداوندا مقصودِ من
توئی و رضائے تو محبت و
معرفتِ خود بدہ و توجہ خود بسوئے
قلب و توجہ قلب بذاتِ الٰہی

بند کرے اور محض اپنے خیال سے کلمۂ لَا کو
دماغ تک پہنچائے اور کلمۂ اِلٰہ کو دائیں
کندھے پر نیچے کو لائے اور لفظِ اِلَّا اللّٰہ
کی دل پر ضرب لگائے اس طرح کہ ذکر
کا اثر دوسرے لطائف پر بھی پڑے اور
لفظ محمّد رسول اللّٰہ کو سانس چھوڑتے
وقت خیال سے کہے۔ اس ذکر کے اندر
شرط یہ ہے کہ اس معنی کا لحاظ رکھے کہ سوائے
اللّٰہ تعالیٰ کی ذات پاک کے کوئی مقصود
اور معبود نہیں ہے اور نفی لَا کے وقت
اپنی ہستی اور تمام موجودات کی ہستی کی نفی
کرے اور اثبات یعنی اِلَّا اللّٰہ کے وقت
اللّٰہ تعالیٰ کی ذات پاک کے اثبات کو
خیال میں رکھے نیز ہر ذکر میں شرط یہ ہے
کہ نہایت عاجزی کے ساتھ چند بار
بزبانِ خیال عرض کرے کہ الٰہی میرا
مقصود تو ہی ہے اور تیری رضا مجھے
اپنی محبت و معرفت عطا فرما اور اپنی توجہ
کو دل کی طرف اور دل کی توجہ ذات

Marfat.com

داشتن ضرور کہ حصولِ نسبت
بدونِ ایں دو چیز محال ایں توجہ
را وقوفِ قلبی نامند باید کہ دل را
از خطرات نگاہ دارد تا خطرات غلبہ
نکند و ایں را نگاہ داشت گویند
حبس نفس در ذکر مفید حرارتِ
قلب و ذوق و رقت و نفی خطرات و
ترقی محبت از فوائد حبس نفس است
و می تواند کہ موجب حصول کشف
گردد۔ در ذکر نفی و اثبات رعایت
عدد طاق معمول دارد لہذا ایں را
وقوف عددی گویند و ایں ماثور
از حضرت خضر علیہ السلام کہ بحضرت
خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ
تعلیم فرمودہ بودند۔ پس اگر در
یک دم تا بست و یکبار رسانیدہ
فائدہ ندید عمل او باطل از سرِ
گیرد و شرط را نیک نگاہ دارد
واللہ اعلم و علمہ اتم۔

باری تعالیٰ کی طرف رکھنی ضروری ہے کیونکہ
ان دو چیزوں کے بغیر حصولِ نسبت مشکل
ہے۔ اس توجہ کو وقوفِ قلبی کہتے ہیں نیز
چاہیئے کہ دل کو پریشان خیالات سے
محفوظ رکھے تاکہ خیالات غلبہ نہ پاجاویں
اسے نگہداشت کہتے ہیں۔ فوائد حبس نفس۔
اس سے قلب میں حرارت۔ ذوق۔ رقت
نفی خطرات اور ترقی محبت اللہ تعالےٰ
کی پیدا ہوتی ہے ممکن ہے موجب حصول
کشف بن جاوے ذکر نفی اثبات میں
عدد طاق کا لحاظ رکھنا لازم ہے اسلئے
اسکا نام وقوف عددی ہے اور یہ طریقہ
حضرت خضر علیہ السلام سے منقول ہے کہ
انھوں نے حضرت خواجہ عبدالخالق
غجدوانی علیہ الرحمۃ کو تعلیم فرمایا تھا اگر
ایک سانس میں اکیس بار تک پہنچانے کے
بعد بھی فائدہ معلوم نہو تو وہ عمل رائیگاں سمجھکر
از سرِ نو شروع کرے اور اسکے شرائط کا اچھی
طرح لحاظ رکھے واللہ اعلم و علمہ اتم۔

Marfat.com

۹۔ سبق نہم (تہلیل لسانی)

تہلیل لسانی را ہم بطریق مذکور بغیر حبس نفس معمول داشتہ اند۔ ادنیٰ دوازدہ تسبیح و اعلیٰ او پنجہزار مے فرمایند۔ اگر سالک ازیں زائد کند فائدہ عمیم دارد

سبق نواں (تہلیل لسانی)

یعنی زبان سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہنے کا بھی یہی معمول ہے لیکن اسمیں سانس کو بند نہیں کیا جاتا۔ ادنیٰ مقدار اسکی بارہ تسبیح اور اعلیٰ درجہ پانچ ہزار اگر سالک اس سے بھی بڑھائے تو فائدہ زیادہ اُٹھائے گا۔

۱۰۔ سبق دہم۔ مراقبہ احدیت

فیض مے آید از ذاتیکہ مستجمع جمیع صفات کمال است و منزہ از ہر نقصان و زوال۔ موردِ فیض لطیفۂ قلب من است۔

سبق دسواں۔ مراقبہ احدیت

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو تمام صفات کمال کی جامع ہے اور ہر نقصان و زوال سے پاک۔ فیض کے وارد ہونے کی جگہ میرا لطیفۂ قلب ہے۔

مراقبات مشارب

۱۱۔ سبق یازدہم (اوّل مراقبہ)

لطیفۂ قلب خود را مقابل لطیفہ مبارک سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داشتہ بزبانِ خیال عرض کند الٰہی فیض تجلیات افعالیہ کہ از لطیفۂ قلب آں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در لطیفۂ قلب آدم علیہ السلام

مراقبات مشارب

سبق گیارہواں (پہلا مراقبہ)

اپنے لطیفۂ قلب کو لطیفۂ قلب مبارک آں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقابل سمجھ کر خیال کی زبان سے التجا کرے کہ الٰہی تجلیاتِ افعالیہ کا فیض جسکو تو نے آں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ قلب سے حضرت آدم علیہ السلام

Marfat.com

افاضہ فرمودہ بحرمت پیران کبار در لطیفۂ قلب من القاء کن۔

کے لطیفۂ قلب میں القاء کیا ہے پیرانِ عظام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ قلب میں القاء فرمائیے۔

۱۲۔ سبق دوازدہم (مراقبۂ دوم)

لطیفۂ روح خود را مقابل لطیفۂ روح مبارک سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داشتہ بزبان خیال عرض کند الٰہی فیض تجلیات صفات ثبوتیہ کہ از لطیفۂ روح مبارک آں سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم در لطیفۂ روح حضرت نوح و حضرت ابراہیم علیہما السلام افاضہ فرمودہ بحرمت پیران کبار در لطیفۂ روح من القاء کن۔

بارھواں سبق (مراقبہ دوسرا)

اپنے لطیفۂ روح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ روح کے مقابل تصور کر کے خیال کی زبان سے التجا کرے کہ الٰہی تجلیات صفات ثبوتیہ کا فیض جس کو تو نے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ روح مبارک سے حضرت نوح و حضرت ابراہیم علیہما السلام کے لطیفۂ روح میں القاء کیا ہے۔ پیرانِ کبار کے طفیل سے میرے لطیفۂ روح میں القاء کیجئے۔

فائدہ:۔ بدانکہ مراقبہ مشتق است از ترقب ترقب انتظار کردن را گویند سالک بہیئت خاص مے نشیند و انتظار فیض از ذات باری تعالے کند لہذا ایں اسباق را مراقبات مے گویند

فائدہ:۔ جاننا چاہیئے کہ مراقبہ ترقب سے لیا گیا ہے اور ترقب انتظار کرنے کو کہتے ہیں۔ چونکہ سالک ایک خاص طریقہ پر بیٹھکر فیض کا انتظار اللہ تعالیٰ کی ذات سے کرتا ہے اسلئے ان اسباق کو مراقبات کہتے ہیں۔

Marfat.com

۱۲۔ سبق سیزدہم (مراقبہ سوم)

لطیفۂ سر خود را مقابل لطیفۂ سر مبارک سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داشتہ بزبان خیال عرض کند الٰہی فیض تجلیات شؤن ذاتیہ کہ از لطیفۂ سر مبارک آں سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم در لطیفۂ سر حضرت موسیٰ علیہ السلام افاضہ فرمودہ بحرمت پیرانِ کبار در لطیفۂ سر من القاء کن۔

سبق تیرہواں (مراقبہ تیسرا)

اپنے لطیفۂ سر کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ سر کے مقابل جان کر زبانِ خیال سے عرض کرے کہ الٰہی شؤن ذاتیہ کی تجلیات کا فیض جو تو نے حضرت سید المرسلین کے لطیفۂ سر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لطیفۂ سر میں القاء فرمایا ہے۔ پیرانِ عظام کے وسیلہ سے میرے لطیفۂ سر میں القاء فرما دیجئے۔

۱۴۔ سبق چہاردہم (مراقبہ چہارم)

لطیفۂ خفی خود را مقابل لطیفۂ خفی آں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داشتہ بزبان خیال عرض کند الٰہی فیض تجلیات صفات سلبیہ کہ از لطیفۂ خفی مبارک آں سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم در لطیفۂ خفی حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ افاضہ فرمودہ بحرمت پیرانِ کبار در لطیفۂ خفی من القاء کن۔

سبق چودہواں (مراقبہ چوتھا)

اپنے لطیفۂ خفی کو مقابلے لطیفۂ خفی آں سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رکھکر زبانِ خیال سے عرض کرے کہ الٰہی صفات سلبیہ کی تجلیات کا فیض جو تو نے آں سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ خفی سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لطیفۂ خفی میں القاء فرمایا ہے پیرانِ کبار کے طفیل میرے لطیفۂ خفی میں القاء فرمائیے

Marfat.com

۱۵۔ سبق پنجدہم (مراقبہ پنجم)

لطیفۂ اخفیٰ خود را در مقابل لطیفۂ اخفیٰ مبارک آن سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داشتہ بزبان خیال عرض کند الٰہی فیض تجلیات شان جامع کہ در لطیفۂ اخفیٰ مبارک آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افاضہ فرمودہ بحرمت پیرانِ کبار در لطیفۂ اخفیٰ من القاء کن۔

تنبیہ:۔ باید دانست کہ در ہر مراقبہ لطیفۂ را کہ مورد فیض است ملحوظ داشتہ ہمیں لطیفہ را از ہر یک از حضرات مشائخ کرام سلسلہ تا بہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمنزلۂ آئینہائے متقابلہ فرض کردہ بطریق تعاکس آں فیض مخصوص را در لطیفۂ مخصوص منعکس انگارد تا بمقتضائے اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ مأمول انجامد وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ۔

۱۶۔ سبق ششدہم (مراقبہ معیت ولایت صغریٰ)

سبق پندرہواں (مراقبہ پانچواں)

اپنے لطیفۂ اخفیٰ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ اخفیٰ کے مقابل تصور کرکے خیال کی زبان سے التجا کرے کہ الٰہی تجلیاتِ شانِ جامع کا فیض جو آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطیفۂ اخفیٰ مبارک میں القاء کیا ہے پیرانِ کبار کے طفیل سے میرے لطیفۂ اخفیٰ میں القاء فرمائیے۔

تنبیہ:۔ جاننا چاہیئے کہ مراقبہ میں ہر اُس لطیفہ کو جو موردِ فیض ہے ملحوظ رکھکر سلسلہ کے مشائخ کرام کے اسی لطیفہ کو حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اُن شیشوں کی مانند جو آپس میں ایک دوسرے کے مقابل ہوں فرض کرکے اس فیض مخصوص کو اُس خاص لطیفہ میں بہ طریق عکس گمان کرے تاکہ بمقتضائے اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ (کہ اپنے بندے کے گمان کے نزدیک ہوں) کا مقصد پورا ہو وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ (یہ بات اللہ تعالیٰ پر کوئی مشکل نہیں ہے۔

سبق سولہواں (مراقبہ معیت ولایت صغریٰ)

Marfat.com

مضمون آیتِ کریمہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ ملحوظ داشتہ از صمیم قلب واند کہ فیض مے آید از ذاتیکہ بامن و باہر ذرہ از ذرّاتِ کائنات بہماں شان کہ مراد اوست تعالیٰ منشاء فیض دائرہ ولایت صغرار کہ ولایت اولیاء عظام ظل اسماء وصفات مقدسہ است مورد فیض لطیفۂ قلب من است۔

ولایتِ کبریٰ

مشتمل بر سہ دائرہ ویک قوس است

۱۷۔ سبق ہفدہم (نیت دائرہ اولیٰ)

مضمون آیۃ کریمہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ملحوظ داشتہ از روئے باطن واند کہ فیض می آید از ذاتیکہ نزدیک تر است بمن از رگِ جانِ من بہماں شان کہ مراد حق سبحانہٗ تعالیٰ است مورد فیض لطیفۂ نفس ولطائفِ خمسہ

آیت کریمہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ (کہ وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں بھی تم ہو) کے مضمون کا لحاظ رکھکر پکے دل سے جانے کہ فیض آتا ہے اُس ذات سے جو میرے ساتھ و نیز کائنات کے ذرّات میں سے ہر ذرہ کے ساتھ اسی شان سے جو اسکی مُراد ہے موجود ہے فیض کا منشاء ولایت صُغریٰ کا دائرہ ہے جو اولیاء عظام کی ولایت ہے اور اسماء و صفات مقدسہ کا ظل۔ موردِ فیض میرا لطیفۂ قلب ہے۔

ولایتِ کبریٰ

یہ تین دائروں اور ایک قوس پر مشتمل ہے

سبق سترھواں (نیت دائرہ اولیٰ)

آیۃ کریمہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (کہ ہم تمہاری رگِ جان سے بھی نزدیک تر ہیں) کے مضمون کو ملحوظ رکھکر خیال کرے کہ فیض آتا ہے اُس ذات سے جو نزدیک تر ہے مجھ سے میری رگِ جان سے اسی شان سے جو مراد ہے اللہ تعالیٰ کی ذات کی۔ مورد

مد جائے درود ۱۲۔

Marfat.com

عالمِ امر من منشار فیض دائرہ اولیٰ ولایتِ کبریٰ کہ ولایتِ انبیاء علیہم السلام واصل دائرہ ولایت صغریٰ ۔

۱۸۔ سبق ہژدہم

(نیت دائرہ ثانیا ولایتِ کبریٰ)

مضمون آیۃ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ را ملحوظ داشتہ درخاطر بگذارند کہ فیض مے آید از ذاتیکہ مرا دوست می دارد و من اورا دوست می دارم منشار فیض دائرہ ثانیہ ولایت کبریٰ کہ ولایت انبیاء عظام واصل دائرہ اولیٰ است مورد فیض لطیفۂ نفس من ۔

۱۹۔ سبق نوزدہم

(نیت دائرہ ثالثہ ولایت کبریٰ)

مضمون آیۂ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ را ملحوظ داشتہ در دل خیال می آرد کہ فیض می آید از ذاتیکہ مرا

فیض میرا لطیفۂ نفس اور میرے عالمِ امر کے پانچوں لطیفے ہیں۔ فیض کا منشار دائرہ اولیٰ ولایتِ کبریٰ ہے جو ولایتِ انبیاء علیہم السلام کی ولایت ہے اور ولایتِ صغریٰ کے دائرے کی اصل ہے۔

سبق اٹھارہواں

(دوسرے دائرے ولایتِ کبریٰ کی نیت)

آیۃ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ (کہ اللہ ان سے محبت رکھتا ہے اور مومن اس سے محبت رکھتے ہیں) کے مضمون کو ملحوظ رکھکر دل میں خیال کرے کہ فیض آتا ہے اُس ذات سے کہ مجھ کو دوست رکھتی ہے اور میں اسکو دوست رکھتا ہوں فیض کا منشار ولایتِ کبریٰ کا دائرہ ثانیہ ہے جو انبیاء عظام کی ولایت ہے اور دائرۂ اولیٰ کے لئے اصل ہے۔ موردِ فیض میرا لطیفۂ نفس ہے۔

سبق انیسواں

(ولایت کبریٰ کے تیسرے دائرہ کی نیت)

آیۃ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ کو ملحوظ رکھکر خیال کرے کہ فیض آتا ہے اس ذات سے کہ مجھکو دوست رکھتی ہے اور میں اُس کو

Marfat.com

دوست می دارد و من اورا دوست می دارد و من اورا دوست می دارم منشا فیض دائرہ ثالثہ ولایتِ کبریٰ کہ ولایت انبیاء عظام علیہم السلام و اصل دائرہ ثانیہ مورد فیض لطیفۂ نفس من۔

۲۰۔ سبق بستم (نیت قوس)

مضمون یُحِبُّهُمْ وَ یُحِبُّوْنَهٗ را ملحوظ داشتہ در دل گذارند کہ فیض می آید از ذاتیکہ مرا دوست می دارد و من اورا دوست می دارم و منشا فیض قوس ولایت کبریٰ است کہ اصل دائرۂ ثالثہ مورد فیض لطیفۂ نفس من۔

۲۱۔ سبق بست و یکم (مراقبہ اسم الظاہر)

فیض می آید از ذاتیکہ مسمی باسم الظاہر است مورد فیض لطیفۂ نفس و لطائف عالم امر من

۲۲۔ سبق بست و دوم (مراقبہ اسم الباطن)

فیض می آید از ذاتیکہ مسمی باسم الباطن است۔ منشا فیض دائرہ ولایت علیا است کہ ولایتِ

دوست رکھتا ہوں۔ منشا فیض کا ولایتِ کبریٰ کا تیسرا دائرہ ہے۔ ولایتِ کبریٰ انبیاء علیہم السلام کی ولایت ہے اور دائرہ ثانیہ کے لئے یہ تیسرا دائرہ اصل ہے۔ مورد فیض میرا لطیفۂ نفس ہے۔

سبق بیسواں (نیت قوس)

مضمون یُحِبُّهُمْ وَ یُحِبُّوْنَهٗ کو ملحوظ رکھکر خیال کرے کہ فیض آتا ہے اُس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسکو دوست رکھتا ہوں۔ فیض کا منشا ولایتِ کبریٰ کا قوس ہے جو کہ میرے دائرے کے لئے اصل ہے۔ مورد فیض میرا لطیفۂ نفس ہے۔

سبق اکیسواں (مراقبہ اسم الظاہر)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو موسوم باسم الظاہر ہے۔ مورد فیض میرا لطیفۂ نفس اور عالم امر کے پانچوں لطیفے ہیں۔

سبق بائیسواں (مراقبہ اسم الباطن)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو اسم الباطن کے نام سے موسوم ہے۔ منشا فیض کا ولایتِ علیا کا دائرہ ہے۔ جو ملائکہ اعلیٰ کی ولایت

Marfat.com

ملائکہ اعلیٰ مورد فیض عناصر ثلثہ من سوائے عنصر خاک

۲۳۔ سبق بست و سوم (کمالات نبوت)
فیض می آید از ذات بحت کہ منشار کمالاتِ نبوت است مورد فیض لطیفۂ عنصر خاک من۔

۲۴۔ سبق بست و چہارم (کمالات رسالت)
فیض می آید از ذات بحت کہ منشار کمالات رسالت است مورد فیض ہیئت وحدانی من۔

۲۵۔ سبق بست پنجم (کمالات اولوالعزم)
فیض می آید از ذات بحت کہ منشار کمالات اولوالعزم است موردِ فیض ہیئت وحدانی من۔

۲۶۔ سبق بست و ششم (حقیقت کعبۂ ربانی)
فیض می آید از ذات بحت کہ مسجود لہٗ جمیع ممکنات و منشار حقیقت کعبۂ ربانی است موردِ فیض ہیئتِ وحدانی من

۲۷۔ سبق بست ہفتم (حقیقتِ قرآن مجید)
فیض می آید از کمال وسعتِ

ہے مورد فیض میرے تینوں عناصر ہیں سوائے عنصر خاک کے۔

سبق تیئسواں (کمالات نبوت)
فیض آتا ہے اُس ذاتِ خاص سے جو کمالاتِ نبوت کا منشار ہے موردِ فیض میرا لطیفہ عنصر خاک ہے۔

سبق چوبیسواں (کمالاتِ رسالت)
فیض آتا ہے اُس ذاتِ خاص سے جو کمالات خاص رسالت کا منشار ہے مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

سبق پچیسواں (کمالات الوالعزم)
اُس ذات خاص سے فیض آتا ہے جو کمالات اولوالعزم کا منشار ہے۔ موردِ فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

سبق چھبیسواں (حقیقت کعبۂ ربانی)
اُس ذات واجب الوجود سے فیض آرہا ہے جس کے لئے تمام ممکنات سجدہ کرتی ہیں اور حقیقت کعبہ ربانی کا منشار ہے فیض کے آنیکی جگہ میری شکل وحدانی ہے

سبق ستائیسواں (حقیقت قرآن مجید)
فیض آتا ہے اُس ذات بیمثل کمال

Marfat.com

بیچون حضرت ذات کہ منشاءِ حقیقت قرآن مجید است موردِ فیض ہیئت وحدانی من۔

وسعت والی سے جو منشاء حقیقت قرآن مجید ہے فیض کے آنے کی جگہ میری ہیئتِ وحدانی ہے۔

۲۸۔ سبق بست ہشتم (حقیقت صلوٰۃ)

فیض می آید از کمال وسعتِ بیچوں حضرت ذات کہ منشاءِ حقیقت صلوٰۃ است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق اٹھائیسواں (حقیقتِ صلوٰۃ)

فیض آتا ہے اس ذات بے مثل کمال وسعت والی سے جو حقیقت صلوٰۃ کا منشاء ہے فیض کے آنے کی جگہ میری شکل وحدانی ہے۔

۲۹۔ سبق بست نہم (معبودیت صرفہ)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء معبودیت صرفہ است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق انتیسواں (معبودیت صرفہ)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو معبودیت صرفہ کا منشاء ہے۔ مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

۳۰۔ سبق سی وسیم (حقیقتِ ابراہیمی)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء حقیقت ابراہیمی است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق تیسواں (حقیقت ابراہیمی)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو حقیقت ابراہیمی کا منشاء ہے موردِ فیض میری شکل وحدانی ہے۔

۳۱۔ سبق سی ویکم (حقیقت موسوی)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء حقیقت موسوی است مورد

سبق اکتیسواں (حقیقت موسوی)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو حقیقت موسوی کا منشاء ہے۔ مورد فیض میری

Marfat.com

فیض ہیئتِ وحدانی من

۳۲۔ سبق سی و دوم (حقیقتِ محمدی)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء حقیقت محمدی است مورد فیض ہیئت وحدانی من۔

میری شکل وحدانی ہے۔

سبق بتیسواں (حقیقتِ محمدی)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو حقیقت محمدی کا منشاء ہے۔ مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

۳۳۔ سبق سی و سوم (حقیقت احمدی)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء حقیقت احمدی است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق تینتیسواں (حقیقت احمدی)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو حقیقت احمدی کا منشاء ہے۔ مورد فیض میری ہیئت وحدانی ہے۔

۳۴۔ سبق سی و چہارم (حُبّ صرف)

فیض می آید از ذاتیکہ منشاء حبِ صرف است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق چونتیسواں (حُبّ صرف)

فیض آتا ہے اُس ذات سے جو حبِ صرف کا منشاء ہے مورد فیض میری شکل وحدانی ہے۔

۳۵۔ سبق سی و پنجم (دائرہ لاتعین)

فیض می آید از ذات بحت کہ منشاء دائرہ لاتعین است مورد فیض ہیئت وحدانی من

سبق پینتیسواں (دائرہ لاتعین)

فیض آتا ہے اُس ذاتِ خاص سے جو دائرہ لاتعین کا منشاء ہے مورد فیض میری شکل وحدانی ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی نَعْمَائِہٖ وَاٰلَائِہِ الْکَامِلَۃِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ اٰمِیْن

Marfat.com

اَلسِّلْسِلَةُ الشَّرِيْفَةُ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۔

(۲) اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ خَلِيْفَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَيِّدِنَا اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَبِیْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۔

(۳) اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَلْمَانِ الْفَارِسِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ۔

(۴) اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا الْاِمَامِ الْقَاسِمِ

Marfat.com

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

(۵) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا الْاِمَامِ جَعْفَرِ الصَّادِقِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

(۶) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی یَزِیْدِ الْبِسْطَامِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

(۷) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی الْحَسَنِ الْخَرْقَانِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

(۸) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی الْقَاسِمِ الْجُرْجَانِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

(۹) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی عَلِیِّ الْفَارْمَدِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ +

Marfat.com

(۱۰) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی یُوسُفَ الہَمَدَانِیِّ

رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیہِ ؛

(۱۱) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا عَبدِ الخَالِقِ الغُجدَوَانِیِّ

رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیہِ ؛

(۱۲) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَارِفِ الرِّیوَجَرِیِّ

رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیہِ ؛

(۱۳) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا مَحمُودِ الفَغنَوِیِّ

رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیہِ ؛

(۱۴) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا عَزِیزَانِ عَلِیِّ الرَّامِیتَنِیِّ

رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیہِ ؛

(۱۵) اِلٰہی بِحُرمَۃِ سَیِّدِنَا بَابَا السَّمَاسِیِّ

Marfat.com

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۱۶) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَمِیْرِ الْکُلَالِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۱۷) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا شَیْخِ الْمَشَائِخِ مُحَمَّدِ

بَہَاءِ الدِّیْنِ الْبُخَارِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۱۸) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا عَلَاءِ الدِّیْنِ الْعَطَّارِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۱۹) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا یَعْقُوْبَ الصَّرْخِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۲۰) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا عُبَیْدِ اللّٰہِ الْاَحْرَارِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

Marfat.com

(۲۱) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الزَّاھِدِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۲۲) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا دُرْوَیْشِ مُحَمَّدْ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۲۳) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْاِمْکَنْکِیّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۲۴) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا عَبْدِ الْبَاقِیّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۲۵) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا اَحْمَدَ الْفَارُوْقِیِّ

السَّرْھَنْدِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۲۶) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَعْصُوْمِ

Marfat.com

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۲۷) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیْفِ الدِّیْنِ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۲۸) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُحْسِنِ

الدِّھْلَوِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۲۹) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا نُوْرُ مُحَمَّدِ اِلْبَدَایُوْنِیِّ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۳۰) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مَظْھَرْ جَانِ جَانَانْ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

(۳۱) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا عَبْدِ اللّٰہِ شَاہِ

الدِّھْلَوِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ۔

Marfat.com

(۳۲) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَبِی سَعِیْدِ نِ الْاَحْمَدِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۳۳) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا اَحْمَدُ سَعِیْدِ نِ الْمَدَنِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۳۴) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا دُوْسْتْ مُحَمَّدِ نِ الْقَنْدَھَارِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۳۵) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ عُثْمَانِ نِ لدَّامَلَانِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۳۶) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ سِرَاجِ الدِّیْنِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ؛

(۳۷) اِلٰہِی بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِ فَضْلِ عَلِیِّ

Marfat.com

الْقَرَشِیْ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ ٭

(۳۸) اِرْحَمِ الْحَقِیْرَ الْفَقِیْرَ اَحْقَرَ الدَّرَاوِیْشِ

عَبْدِ الْغَفُوْرِ الْعَبَّاسِیِّ النَّقْشَبَنْدِیِّ الْمُجَدِّدِیِّ

وَارْزُقْہُ کَمَالًا فِیْ مَرْتَبَۃِ الْقُرْبِ وَالْاِحْسَانِ

وَاغْفِرْ لَّھُمَّ وَارْحَمِ اللّٰھُمَّ لِیْ وَلِمُؤَلِّفِہٖ وَنَاشِرِہٖ

بِحُرْمَۃِ سَادَاتِ ھٰذِہِ السِّلْسِلَۃِ الشَّرِیْفَۃِ مِنْ

سَیِّدِنَا اَبَا بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

اِلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا حَضْرَتْ مُحَمَّدْ عَبْدِ الْغَفُوْرِ

الْمَدَنِیِّ الْعَبَّاسِیِّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ -

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِیْنَ ط

Marfat.com

سندِ بیعت

مسمّٰی کو بوقت یوم

بتاریخ ماہ سنہ بمقام داخلِ

طریقۂ عالیہ کیا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اس عاجز و صاحبِ موصوف اور جملہ اہلِ اسلام

کو صراطِ مستقیم پر قائم رکھے اور اپنی رضا و لقاء ابدی سے شرف بخشے۔ آمین۔

دستخط شیخ

محمد عبدالغفور العباسی القرشی النقشبندی المجددی خلیفۂ

غوثِ اعظم خواجۂ خواجگان فیاض عالم قطب الارشاد مولٰنا محمد فضل علی شاہ

قریشی ہاشمی قدس سرہٗ العزیز۔

گر ہمی خواہی کہ گردی در دو عالم ارجمند

دائما باشی غلامِ خاندانِ نقشبند

Marfat.com

شجرۂ شریف اُردو خاندان نقشبندیہ مجدّدیہ فضلیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَّعْلُوْمٍ لَّکَ

حمدِ کُل ہے رَب کی ذاتِ کبریا کیواسطے — اور درُود و نعت مولیٰ مصطفےٰ کیواسطے

اَے خدا تو اپنی ذاتِ کبریا کیواسطے — فضل کر مجھ پر محمدؐ مجتبےٰ کے واسطے

حضرتِ صدیقِ اکبر یارِ غارِ مصطفےٰ — صِدق دے کامل تو ایسے پُرصفا کیواسطے

حضرتِ سلمانِ فارس شمس بُرجِ معرفت — دَرد اپنا دے مجھے اس جاں فِدا کیواسطے

حضرتِ قاسم تھے پوتے حضرتِ صدیق کے — عالی ہمّت کر مجھے اُس ذوالعلا کیواسطے

حضرتِ جعفر امامِ اتقیا و اصفیا — مطمئن مجھ کو بنا اُس ذی عطا کیواسطے

قطبِ عالم غوثِ اعظم شیخ اکبر بایزید — نورِ عرفاں دے مجھے نُورالورا کیواسطے

خواجہ حضرت بوالحسن جو ساکنِ خرقان تھے — ذکرِ قلبی دے مجھے اُس بارضا کیواسطے

حضرتِ خواجہ ابوالقاسم جو تھے گرگان میں — ہو گناہوں سے رہائی پُرحیا کیواسطے

فارمدی شیخِ عالم خواجہ حضرت بُوعلی — دے مجھے اعمالِ صالح اَولیا کیواسطے

حضرتِ خواجہ اَبو یوسف جو تھے ہمدان کے — نفس ہو مغلوب میرا مقتدا کیواسطے

غجدوانی خواجہ عبدالخالقِ شیخِ کمال! — دل منوّر کر میرا شمس الضحےٰ کیواسطے

حضرتِ خواجہ محمد عارفِ ریوگری — اپنا عارف کر مجھے اُس پیشوا کیواسطے

ساکنِ انجیر فغنہ یعنے محمودِ ولی — دے مجھے توفیقِ حق اُس بے بہا کیواسطے

حضرتِ خواجہ عزیزانِ علی رامیتنی — نام تیرا ہو عزیز اُس بے ریا کیواسطے

Marfat.com

خواجۂ باباسماسی عاشقِ ذاتِ خدا — عشق سے پُردِل ہو اُس عاشق خدا کیواسطے
میرِ میراں حضرتِ شاہِ کلالِ متقی! — کر رَوا سب حاجتیں اُس پُرسخا کیواسطے
حضرتِ خواجہ بہاؤالدین جو تھے نقشبند — کر منقش دل مرا نورالہُدا کیواسطے
حضرتِ خواجہ علاؤالدین جو عطار تھے — دِل معطر ہو مرا اُس خوش لقا کیواسطے
حضرتِ یعقوب چرخی بیکسوں کے دستگیر — میری غفلت دُور کر اُس باعطا کیواسطے
حضرتِ خواجہ عبیداللہ جو احرار تھے — دمبدم ہو عشق زائد دلربا کیواسطے
حضرتِ خواجہ محمد زاہدِ زہدِ کمال — مجھ کو زاہد کردے اس شاہِ ولا کیواسطے
خواجہ درویش محمد میرِ دُرویشاں ہوئے — خاص درویشوں سے کر اس حق نما کیواسطے
خواجگی خواجہ محمد واقفِ اسرارِ حق — مجھ کو بھی خواجہ بنا مردِ خدا کیواسطے
حضرتِ خواجہ محمد باقی باللہ رازداں — رازداں مجھ کو بنا اُس دلکشا کیواسطے
حضرتِ خواجہ مجدد الف ثانی بحرِ علم — مجھ کو صبر و شکر دے بدرالدجیٰ کیواسطے
عروۃ الوثقیٰ محمد خواجہ معصوم اہلِ دِل — دل مرا تو کر تو منور دل صفا کیواسطے
خواجہ سیف الدین صاحب سیف تھے جو دین کے — سر کٹے حرص و ہوا کا ذی لقا کیواسطے
حافظِ محسن ولی دہلوی تھے باخدا — معرفت دے مجھکو اُس شمس الہدا کیواسطے
سیدِ نور محمد تھے بدایونی ضرور! — عشق سے سینہ جلے سیدِ صفا کیواسطے
مرزا مظہر جانِ جاناں تھے حبیب اللہ شہید — رکھ شریعت پر مجھے پیرِ ھُدا کیواسطے
خواجہ عبداللہ شاہ جو تھے مجدّد دہلوی — خاص بندوں سے بنا اُس پارسا کیواسطے
بوسعید احمد کہ جو غوثِ زماں تھے بیگماں — مجھ کو بھی اسعد بنا اُس باوفا کیواسطے
خواجۂ احمد سعیدِ دہلوی مدنی ہوئے — ذوق و شوق اپنا تو دے اُس اَولیا کیواسطے

Marfat.com

حاجیِ دوستِ محمد ساکنِ قندھار تھے
قلب ذاکر رکھ مرا اُس خوش ادا کیواسطے

خواجۂ عثمانِ دامانی جو قطبِ وقت تھے
مجھ کو بھی ویسا بنا شیرِ خدا کیواسطے

شہ سراج الدین صاحب تھے امیرِ صوفیاں
مجھ کو صوفی کر خدا اُس باصفا کیواسطے

حضرتِ فضلِ علی جو نورِ حق میں غرق تھے
میرا دل پُر نور کر اُس پُر ضیا کیواسطے

راہ میں تیری فدا ہے حضرتِ عبدالغفور
میرے دل کو کر غنی اُس ذی غنا کیواسطے

اِلتجا بدرگاہِ خُدا

کر قبول برکت سے ان ناموں کے ہر جائز دعا
یارب اپنی رحمتِ بے انتہا کیواسطے

میرا دل رکھ دائماً ذاکر بذکرِ اسمِ ذات
اے خدا جملہ مقدس اصفیا کیواسطے

نیکیوں سے دُور بادریائے عصیاں غرق ہوں
دے رہائی اے خدا مجھ مبتلا کیواسطے

اے خدا مجھ کو تہی دستی کی کلفت سے بچا
اپنے اکمل جود اور فضل و سخا کیواسطے

میرے ہر دشمن کو مجھ پر اے خدا راحم بنا
اپنی رحمانی رحیمی اور عطا کیواسطے

یا الٰہی کارِ شیطانی سے مجھ کو دُور رکھ
ہر عمل مجھ سے کرا اپنی رضا کیواسطے

قبر میں آرام مجھ کو ابتدا سے ہو عطا
اے خدا حضرت محمد مصطفےٰ کیواسطے

آمین

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ (ثلاثاً)
یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

Marfat.com

نصیحت

عزیزو دوستو یارو یہ دُنیا دارِ فانی ہے
دِل اپنا مت لگاؤ تم لحد میں جا بنانی ہے

تم آئے بندگی کرنے پھنسے لذّاتِ دُنیا میں
ہوئی اندھی عقل تیری تری کیسی جوانی ہے

گناہوں میں نہ کر برباد عمر اپنی تو کر توبہ
کہاں ہیں باپ دادا سب کہ تو جنکی نشانی ہے

نہ کر بل اپنی دولت پر نہ طاقت پر نہ حشمت پر
کہ اس دنیا کی ہر ایک چیز تجھکو چھوڑ جانی ہے

تو کر نیکی نمازیں پڑھ خدا کو یاد کر ہر دم
کہ آخر میں تیری ہر نیکی تیرے کام آنی ہے

نہو شیطان کے تابع نہ بے فرمان رب کا ہو
نبی کے در کا خادم بن مراد اچھی جو پانی ہے

شریعت کی غلامی کر گناہوں سے تو بچ یارا
بُری حالت ہو ظالم چور کی جو مرد زانی ہے

تو روزی کھا حلال اپنی سراپا نور تقویٰ بن
کہ تقویٰ میں ترقی ہے یہ نعمت جاودانی ہے

پکڑ لے پیر کامل کو کہ بیعت بھی ضروری ہے
بجز مرشد کے اچھی بات کس جا تجھکو پانی ہے

خدا یاد آئے جسکو دیکھکر وہ پیرِ کامل ہے
سوا مرشد کے دنیا کی محبت کس مٹانی ہے

شریعت کا غلام ہووے عجب اخلاق ہوں اسمیں
دل اسکا مثلِ آئینہ ہو یہ اُسکی نشانی ہے

اگر تو طالبِ مولا ہے اور اصلاح کا جویا
تو جلدی کر پکڑ مرشد نصیحت یہ ایمانی ہے

قریشی دست بستہ عرض کرتا ہے سنو بھائی
قسم رب کی نہ جھوٹ اسمیں نہ لائق بدگمانی ہے

Marfat.com

شجرہ مبارکہ (فارسی) سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ قدس اللہ اسرارہا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَّعْلُوْمٍ لَّکَ

اِلٰہی از برائے شاہِ لولاک — شفیعِ روزِ محشر احمدِ پاک
پئے بوبکر صدیقِ خردمند — کزو شد دینِ حق را زیب دہ چند
بہ سلماں کو ز اصحابِ عظیم است — طریقِ شرع از وے مستقیم است
پئے قاسم کہ از اہلِ یقیں بود — بسے ثابت قدم در راہِ دیں بود
بہ حرمت گلبنِ باغِ ہدایت — امام جعفرِ شاہِ ولایت
بہ حقِ بایزیدِ عارفِ حق — کہ شد واصل بہ ذکر و فکرِ مطلق
بہ حرمت بوالحسن آں خواجہ معروف — کہ در زہد و ورع بس بود موصوف
بہ بوالقاسم کہ بود او گورگانی — نبودش در عبارت مثل و ثانی
برائے بوعلی مہرِ حقیقت — کہ بود او سالکِ چرخِ طریقت
بہ یوسف خواجۂ صاحب تمیزے — کہ جاں را کس ندارد زو گریزے
بہ عبدالخالقِ آں مہرِ آفاق — کہ ہمتایش نیاورد دستِ خلاق
برائے عارفِ کامل فلک فر — محمد عارفِ تابندہ اختر
بہ حضرت خواجۂ محمود کامل — کہ گنجِ معرفت او راست حاصل
پئے میر علی سردارِ عالم — کہ از وے یافت رونق نسلِ آدم
بہ حضرت خواجۂ بابا سماسی — کہ از بس داشت در خود حق شناسی

Marfat.com

پئے میرِ کلال مستِ توحید — کہ برچرخِ طریقت بود ناہید
پئے خواجہ بہاؤالدین یکتا — کہ مثلش در جہاں ناید نہ ہمتا
پئے خواجہ علاؤالدین عطار — کہ کشت از وے معطر مغز پندار
بہ حضرت خواجہ مولانائے یعقوب — کہ چوں یوسف بہ عالم بود محبوب
پئے حضرت عبیداللہ احرار — کہ مثلش در جہاں کم بود ابرار
بہ مولانا محمد معدن الجود — کہ از وے دید ہر کس روئے بہبود
پئے حضرت محمد محرم راز — کہ اندر فقر بود او شاہ ممتاز
برائے خواجہ امکنگیٔ خوشخو — کہ در زہد و ثقادت بود نیکو
بہ فیضِ عام خواجہ باقی باللہ — کہ از سرِ حقیقت بود آگاہ
پئے حضرت مجدد الفِ ثانی — کہ چوں احمد در المحمود خوانی
برائے حضرتِ خواجہ محمد — کہ در خلق و مروت بود احمد
بہ حضرت شیخ سیف الدین درویش — کہ تیغ جوہرِ حق داشت در خویش
برائے خواجہ محسن اہلِ دوراں — کہ بود او ظلِ حق بہرِ غریباں
پئے نورِ محمد کو چو خورشید — شعلِ حق بہ دل میداشت جاوید
بہ حضرت شیخ شمس الدینِ تاباں — حبیب اللہ مرزا جانِ جاناں!
بہ حق شاہ عبداللہ کامل — کہ او می بود عارف مردِ کامل
بہ شاہِ بوسعیدِ عارفِ حق — بہ عالم بود ذاتش فیضِ مطلق

Marfat.com

پئے احمد سعیدِ شاہِ دوراں — نہ بودہ مثلِ او در زہد و عرفاں
پئے دوستِ محمد عالی ہمت — کہ دائم بود او را فیض و رحمت
برائے حضرتِ عثمانِ داماں — کہ از وے بُد دوائے دردمنداں
پئے خواجہ سراج الدین داماں — نہ دیدہ مثل او در خُلق و احساں
پئے فضلِ علی شد صاحبِ جود — کہ قلبش صافی از عجب و ریا بود
پئے عبدالغفور مجمع النور — کہ زو تاریکی دلہاست کافور

خداوندا بہ ایں پیرانِ اعلام
بکن ہر دو سرایم نیک انجام

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

اَوراد وظائفِ روزمرّہ

بَرائے خادمانِ طریقت وشریعت

بیت:۔ ذکرِ گو ذکرتا ترا جان ست ✻ پاکیِ دل زذکرِ یزدان ست

طالبانِ رضاءِ الٰہی جب پچھلی رات کو خواب سے بیدار ہوں تو دو رکعت نمازِ تحیۃ الوضو ادا کر کے تہجد کی نماز کم سے کم چار رکعت یا زیادہ حسبِ استطاعت پڑھیں۔ سالک کے لئے یہ نماز از حد ضروری ہے۔ نماز سے فارغ ہو کر ایک سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھیں اس کے بعد حسبِ اجازت شیخ و مربی روحانی ذکرِ الٰہی و مراقبہ میں تا نمازِ صبح مشغول رہیں پھر نمازِ صبح باجماعت ادا کر کے سورۂ یٰسین ایک دفعہ تلاوت کریں اور ایک سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ تَعَالٰی رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور ایک سو مرتبہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔ اور ایک سو مرتبہ تہلیلِ لسانی حسبِ ہدایت حضرت شیخ پڑھیں اور قبل از طلوع مسبّعاتِ عشر[1] بتفصیلِ ذیل

[1] یہ دس چیزیں ہیں جو خضر علیہ السلام نے جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھکر شیخ ابراہیم تیمیؒ کو تعلیم کیں اور فرمایا کہ اسکی برکت سے جب تمکو حضرت جناب رسالتمآب

Marfat.com

ختم کریں (۱) سورۂ فاتحہ سات بار (۲) سورۂ الناس سات بار (۳) سورۂ فلق سات بار (۴) سورۂ اخلاص سات بار (۵) سورۂ الکفرون سات بار (۶) آیۃ الکرسی تا عظیم سات بار (۷) کلمۂ تمجید سات بار پڑھکر اسکے بعد عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَ زِنَۃَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَمِلْأَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ تین بار پڑھے (۸) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ سات بار (۹) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ قَرِیْبٌ مُّجِیْبُ الدَّعْوَاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ سات بار (۱۰) اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَّلِکٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ سات بار۔ اور جب آفتاب ایک یا دو نیزہ کی قدر بلند ہو جاوے تو دو رکعت یا چار رکعت نماز اشراق پڑھیں۔ اس کے بعد حسبِ ہدایت و اجازت مرشد ایک حزب دلائل الخیرات کا پڑھکر قرآن شریف کا بقدر ایک پارہ یا سوا پارہ تلاوت کریں۔ جب سورج خوب اونچا ہو جاوے تو نماز چاشت کی چار یا آٹھ یا بارہ رکعت پڑھیں۔ پھر اگر

(بقیہ صفحہ گذشتہ) کی خواب میں زیارت ہوگی تو خود حضورِ اکرم سے اسکی فضیلت دریافت کر لینا چنانچہ ان کو زیارت نصیب ہوئی اور بہشت میں سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میوہ کھلایا اور اسکے فضائل بیان فرمائے۔ بزرگانِ دین کا یہ ورد ہے اسکے بیحد فضائل ہیں یہاں گنجائش کم ہے (احیاء العلوم جلد اوّل ص۳۰۵)

Marfat.com

چاہیں تو تصوف کی کتابوں کا یا اسی کتاب میں سے مجموعہ احادیث کا یا آخر کتاب میں مختصر نصائح مذکورہ کا حسبِ توفیق مطالعہ کرتے رہا کریں۔ بعد کچھ دیر قیلولہ یعنی سو جایا کریں کیونکہ یہ بھی رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارک کے عین موافق ہے۔ پھر جب آفتاب ڈھل جاوے تو چار رکعت نماز نفل بعد از زوال پڑھیں۔ بعد ازاں ظہر کی نماز باجماعت ادا کریں اور دعوات فضلیہ کا ایک حزب ختم کریں۔ اور سلسلہ شریفہ بھی ایک دفعہ پڑھ لیں۔ پھر چاہیں مطالعہ کتب تصوف کریں یا کوئی عام فہم معتبر تفسیر قرآن یا مسائلِ فقہیہ ضروریہ از کتب معتبرہ میں (جو مناسب حال ہوں) وقت صرف کریں۔ اور گاہ گاہ اسی کتاب کی قسم ثانی کی دعاؤں کا مطالعہ رکھیں اور حتی الامکان اس بات کے کوشاں رہیں کہ ایک ایک دعا حفظ ہوتی جائے اور ساتھ ہی ساتھ اس کا روزانہ معمول رکھیں تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع ہر پہلو یعنی عبادات عادات۔ اخلاق وغیرہ میں حاصل ہو کر نور ایمان سرسبز و شاداب رہے اور مصداق اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ کے صحیح معنوں میں بنکر نجاتِ اُخروی حاصل کریں۔ آمین۔ پھر نماز عصر باجماعت ادا کر کے تہلیلِ لسانی بارہ سو مرتبہ کا ورد کریں، اور سبعاتِ عشر قبل از غروب آفتاب بھی ختم کریں۔ پھر تا نماز مغرب ذکر و شغل و مراقبہ میں مشغول رہیں۔ نماز مغرب باجماعت سے فارغ ہو کر نماز اوابین کی کم سے کم چھ رکعت یا بیس رکعت پڑھیں۔ ایک مرتبہ سورۂ واقعہ کی تلاوت بھی کریں بعدہٗ ذکر و شغل مراقبہ میں وقت صرف کریں پھر نماز عشا باجماعت ادا کر کے ایک سو مرتبہ درود شریف جو

Marfat.com

معمول سلسلہ ہے اور ایک سو مرتبہ استغفار پڑھیں پھر سورۂ ملک کی تلاوت کر کے سو جاویں اور پھر تہجد سے بدستور ان اعمال کا سلسلہ شروع کریں۔ ہر نماز مفروضہ کے بعد آیۃ الکرسی۔ معوذتین اور سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ اور اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ کا بھی معمول رکھیں اور ہمیشہ الٰہ العالمین سے استقامت علی الشریعت طلب کرتے رہا کریں وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ صلوٰۃ التسبیح بھی علاوہ مفروضہ نمازوں کے فضیلت میں افضل ترین نماز ہے۔ ہر طالب مولا کو چاہیئے کہ اس کے پڑھنے کی عادت ڈالے اور جمعہ کے روز تو ضرور ہی اسکو پڑھ لیا کرے۔

اعتکاف عشرۂ آخر رمضان۔ قیام لیلۃ القدر نصف شعبان و عید الفطر والضحیٰ۔ ان کی حدیث میں بہت فضیلت آئی ہے حتی الامکان ان کے حصول ثواب سے محروم نہ رہنا چاہیئے وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لِکُلِّ شَیْءٍ زَکٰوۃٌ وَزَکٰوۃُ الْجَسَدِ الصَّوْمُ۔ پس طالب کو چاہیئے کہ ان نفلی روزوں کا بھی ضرور اہتمام کرے۔ مثلاً ایام بیض، شش روز شوال کے، پیر و جمعرات اور ماہ ذی الحجہ کی نویں تک کے روزے۔ یوم عاشورہ اور پندرہ شعبان کا روزہ۔ ان کی بھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت تعریف فرمائی ہے اسمیں کوئی شک نہیں کہ نفلی عبادات سے بھی بہت قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے مگر یہ یاد رہے کہ اگر قضا نمازیں یا ماہِ رمضان کے فرض روزے اپنے ذمے باقی ہوں تو اُس کے لئے اولیٰ یہی ہے کہ پہلے اپنے فرائض کی تلافی کرے۔ بعد میں نوافل میں مشغول ہو نہیں تو اسکی ایسی مثال ہوگی جیسے کہ ایک شخص کے

Marfat.com

ذمّہ قرض ہے اور وہ ادا نہیں کرتا مگر دیگر خیرات و صدقات کرتا رہتا ہے تو اُسکو اجر تو ملے گا مگر کس کام کا جب فرائض کی پرسش ہوگی تو کیا جواب دیگا۔ اسلئے فرائض کی قضا کو مقدم رکھنا چاہیئے اور گذشتہ نمازوں کی قضا اوّل ظہر سے شروع کرے کیونکہ سب سے اوّل جو نماز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پڑھائی تھی تو وہ یہی نماز پیشیں تھی۔ اِس بات کی بہت احتیاط کرنی چاہیئے۔ اکثر لوگ غفلت میں پڑے رہتے ہیں وباللہ التوفیق۔ لہٰذا اس تباہی خیز و فتنہ انگیز دَور میں علماء کرام کا فرض ہے کہ انوار محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا وہ نور جو اُن کے سینوں میں روشن ہے۔ اسکی مشعل سے گم گشتگانِ راہِ ہدایت کو شاہراہِ محمدی پر لاکر مَنْ اَحْیَا سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحْیَانِیْ کے صحیح معنوں میں مصداق بنیں اور سید المرسلین کے سچے جانشین ہونے کے لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احیاء سنت میں سرگرم رہ کر سو شہیدوں کا اجر حاصل کریں۔ عزیزو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ان ترک شدہ سنتوں کو زندہ کرکے بہشت میں آپکی معیّت کا فخر حاصل کرو اور اپنے گھروں میں اور مسجدوں میں ان وظائف نبویہ کا چرچا ڈالو اور خلاف سنت اور اہل بدعت کے وظائف سے اجتناب کرو تاکہ تم پر خدا تعالیٰ راضی ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پُر فتوح خوش ہو اور قبولیت دعا کے موانع زائل ہوکر فلاح دارین کا راستہ کھل جاوے۔ آمین۔

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی وَاجْعَلْ اٰخِرَتَنَا خَیْرًا مِّنَ الْاُوْلٰی وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

Marfat.com

خُلَاصَۃُ السُّلُوک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اوّل مسائل ضروری و عقائد اہلِ سُنت وجماعت حاصل کرے پھر ان رذائل کو دُور کرے۔ حرص۔ غصہ۔ جھوٹ۔ غیبت۔ بخل۔ حسد۔ ریا تکبّر۔ کینہ اور یہ اخلاق پیدا کرے۔ صبر و شکر۔ قناعت۔ توکّل۔ رضا۔ شرع کا پابند رہے۔ اگر گناہ ہو جائے تو جلدی توبہ و استغفار کرے۔ نماز جماعت کا پابند رہے۔ کسی وقت یادِ الٰہی سے غافل نہ ہو۔ خلاف شرع فقراء سے بچے۔ اپنے آپ کو سب سے کمتر جانے۔ بات نرمی سے کرے۔ سکوت و خلوت کو محبوب رکھے۔ نہ اتنا کھائے کہ کسل ہو۔ اور نہ اتنا کم کہ عبادت سے ضعف ہو جائے فقر و فاقہ سے تنگدل نہ ہو۔ مخلوق سے نرمی برتے۔ اُن کی خطا اور قصور سے درگذر کرے کسی کی غیبت و عیب جوئی نہ کرے۔ عیب پوشی کرے۔ اپنے عیوب پیشِ نظر رکھے۔ کم ہنسے اور زیادہ روئے۔ عذابِ الٰہی سے اور اسکی بے نیازی سے لرزاں رہے۔ موت کا ہر وقت خیال رکھے۔ روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرتا رہے۔ غیر مشروع مجالس میں نہ جائے۔ رسومِ جہل سے بچے اپنے اعمال پر مغرور نہ ہو۔ اولیاء کرام کے مزارات سے مستفید ہوتا رہے۔ گاہ گاہ عوام مسلمین کی قبور پر جاکر ایصالِ ثواب کرے۔ غرباء و مساکین و علماء و صلحاء کی صحبت رکھے۔ اپنے مرشد و مربّی روحانی کا ادب و فرمان کامل طور پر بجالاوے اور ہمیشہ استقامت کی دعا کرتا رہے۔

Marfat.com

مُنَاجَات

يَا مَنْ يَرَى مَا فِي الضَّمِيرِ وَيَسْمَعُ
اے وہ کہ دل کی باتوں کو دیکھتا اور سنتا ہے

أَنْتَ الْمُعِدُّ لِكُلِّ مَا يُتَوَقَّعُ
تو ہی پوری کرنے والا ہے ہر اُمید کو

يَا مَنْ يُرَجَّى لِلشَّدَائِدِ كُلِّهَا
اے وہ کہ تمام مشکلات کیلئے اُس سے اُمید کیجاتی ہے

يَا مَنْ إِلَيْهِ الْمُشْتَكَى وَالْمَفْزَعُ
اے وہ کہ اسی کے پاس شکایت کیجاتی ہے اور وہ ملجا ہے

يَا مَنْ خَزَائِنُ رِزْقِهِ فِي أَمْرِ كُنْ
اے وہ کہ تمام رزق کے خزانے اسکے لفظ کن میں ہیں

أُمْنُنْ فَإِنَّ الْخَيْرَ عِنْدَكَ أَجْمَعُ
فضل کر اسلئے کہ تمام بھلائی تیرے ہی پاس ہے

مَالِي سِوَى فَقْرِي إِلَيْكَ وَسِيلَةٌ
میرے پاس تیری طرف سوائے محتاجگی کے کوئی وسیلہ نہیں

فَبِالِافْتِقَارِ إِلَيْكَ فَقْرِي أَدْفَعُ
پس محض اپنی محتاجگی کے ذریعہ سے اپنی حاجت پوری کرنا چاہتا ہوں

مَالِي سِوَى قَرْعِي لِبَابِكَ حِيلَةٌ
میرے پاس تیرے در کے کھٹکھٹانیکے سوا کوئی حیلہ نہیں

فَلَئِنْ رُدِدْتُ فَأَيَّ بَابٍ أَقْرَعُ
پس اگر تو نے واپس کر دیا تو پھر کس کا دروازہ کھٹکھٹاؤں

وَمِنَ الَّذِي أَدْعُو وَأَهْتِفُ بِاسْمِهِ
اور کون ہے کہ جس کے نام کو پکاروں اور وسیلہ کروں

إِنْ كَانَ فَضْلُكَ عَنْ فَقِيرِكَ يُمْنَعُ
اگر تیرا فضل تیرے فقیر کو نہ ملا۔

حَاشَا لِجُودِكَ أَنْ تُقَنِّطَ عَاصِيًا
کبھی تیرے فضل سے گنہگار نا اُمید نہیں ہو سکتا

وَالْفَضْلُ أَجْزَلُ وَالْمَوَاهِبُ أَوْسَعُ
تیرا فضل بے حساب ہے اور بخشش تیری وسیع ہے

ثُمَّ الصَّلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ وَآلِهِ
پھر صلوٰۃ اور سلام ہو نبی اور اُس کی آل پر جو کہ بہترین خلائق ہیں اور انھیں کی شفاعت طلب کیجا سکتی ہے

خَيْرِ الْأَنَامِ وَمَنْ بِهِ يُتَشَفَّعُ

Marfat.com

اصطلاحاتِ نقشبندیہ

نقل ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ محمد بہاؤالدین نقشبند مجددی قدس اللہ سرہٗ العزیز سے کسی شخص نے سوال کیا کہ آپ کے طریقۂ مبارک کی بنیاد کس چیز پر ہے۔ فرمایا کہ تین چیزوں پر۔ اوّل تو خلوت در انجمن پر یعنی ظاہر خلق میں مشغول ہو اور باطن حق تعالیٰ کے ساتھ۔ دوم مراقبہ اور سوم دوام بذکر۔ بیت

از دروں شو آشنا و از بروں بیگانہ وش ٭ ایں چنیں زیبا روش کم می بود اندر جہاں

اے عزیز جاننا چاہیئے کہ حضرات نقشبندیہ کی چند اصطلاحات ہیں جن پر اُن کے طریقے کی بنا ہے۔ بعضی اصطلاحوں میں تو اشغال کی طرف اشارہ ہے اور بعضی ان کی تاثیر کی شرطوں پر (۱) ہوش در دم (۲) نظر بر قدم (۳) سفر در وطن (۴) خلوت در انجمن (۵) یاد کرد (۶) باز گشت (۷) نگہداشت (۸) یادداشت تو یہ کل آٹھ کلمات خواجہ عبدالخالق غجدوانی سے منقول ہیں۔ اور ان کے بعد تین اصطلاحیں خواجہ نقشبندؒ سے مروی ہیں (۱) وقوف زمانی (۲) وقوفِ عددی (۳) وقوفِ قلبی۔

(۱) **ہوش در دم** سے مراد ہے کہ ہر دم کے ساتھ بیداری اور ہوشیاری رکھے کہ ذکر لسانی اور قلبی بھی حضور دل سے ہو نہ کہ غفلت سے اور ہمیشہ بیدار اور متجسس رہے۔ اپنی ذات سے ہر سانس میں کہ وہ غافل ہے یا ذاکر اور یہ طریقہ بتدریج دوام حضور کے حاصل کرنے کا اور اس طرح کی ہوشیاری بندی کے واسطے مخصوص ہے۔ چنانچہ خواجہ عبیداللہ احرار فرماتے ہیں کہ دم کی نگہبانی از حد ضروری ہے۔ اور جو شخص دم کی نگہبانی نہیں کرتا گویا وہ شخص طریقۂ شریفہ بھول گیا۔ اور حضرت خواجہ نقشبند فرماتے ہیں کہ اس طریقہ کا دار و مدار ہی دم

Marfat.com

پر ہے کوئی دم اندر آنے اور باہر جانے میں بدونِ یادِ الٰہی ضائع نہ ہو۔

بیت

دہبدم دم را غنیمت دان و ہمدم شو بدم ✻ واقفِ دم باش در دم ہیچدم بیجا مدم

(۲) نظر بر قدم۔ اس سے مراد یہ ہے کہ سالک پر واجب ہے کہ اپنے چلنے پھرنے کے وقت کسی چیز پر نظر نہ ڈالے۔ سوائے بر پشت قدم تاکہ کسی نامحرم کے اوپر نظر نہ پڑجاوے اور نہ ہی اپنے بیٹھنے کی حالت میں دیکھے مگر اپنے آگے۔ اسواسطے کہ نفوس مختلفہ کا دیکھنا اور تعجب انگیز رنگوں کا نظر کرنا سالک کی حالت بگاڑ دیتا ہے اور اُس سے روکتا ہے جسکی وہ طلب میں ہے۔ اور حکم نظر میں ہے لوگوں کی آوازوں اور اُن کی باتوں کی طرف کان لگانا بھی کَمَا قَالَ تَعَالٰی قُلْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ اور یہ یعنی نظر کو نیچے رکھنا بہ نسبت مبتدی کے ہے اور سالک کو چاہیئے کہ ہر حال میں اور ہر وقت ہوشیار اور دانا و بینا رہے تاکہ غفلت کا دخل قلبِ سالک پر نہ ہو۔ اگر زمین و آسمان یا اور کسی طرف کے درمیان میں دیکھنا یا نظر کرنی پڑجائے تو سالک کو اُسوقت چاہیئے کہ عبرت سے نظر کرے تاکہ سالک ایک خرمنِ بے بہا کو بحرِ عرفان سے نظر کرتے ہی حاصل کرلیوے۔ اسیواسطے ارشاد باری تعالیٰ ہے فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَار اور منتہی پر تو واجب ہے کہ تامل کرے اپنے حال میں کہ وہ کس نبی کے قدم پر ہے اسواسطے کہ بعض اولیاء سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قدم پر ہوتے ہیں) اور اُن کو پوری جامعیت کمالات کی حاصل ہوتی ہے اور بعض حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قدم پر ہوتے ہیں وعلیٰ ہذا القیاس پھر منتہی اپنے پیشوا کو پہچان لے تو چاہیئے کہ اسکے حالات و واقعات اپنے پیشوا کے حالات اور واقعات کے ساتھ مناسب ہوں۔ حضرت غریب نواز خواجہ محمد فضل علی شاہ قدس سرہٗ العزیز فرمایا کرتے تھے کہ ہر وقت نظر بر قدم

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی آپ کی شریعتِ مقدسہ پر ہو کہ تمام عبادات، عادات حرکات و سکنات و اخلاق عین سنتِ نبویہ کی میزان پر صحیح اُتریں۔

بیت
عجب است اگر ہوست کشد کہ بہ سیرِ سرو سمن درآ
تو ز لالہ کم نہ دمیدۂ درِ دل کشا بہ چمن درآ

(۳) سفر در وطن۔ اے عزیز سفر دو قسم پر ہے۔ ایک ظاہر بدن سے کہ ہر ایک ملک اور صحراء بیابان و عجائبات کی سیر کرے۔ اور دوسرا سفر باطن روحی ہے جسکا مطلب نقل کرنا ہے صفات بشریہ خسیسہ سے صفات ملکیہ فاضلہ کی طرف۔ اس طرح کہ مراقبہ اور تصور سے صفات بشریہ کو محو کرکے یعنی اپنے آپ کو نیست و نابود کرکے صفات ملکیہ فاضلہ کی طرف سبقت لیجاوے اور عجائبات و غرائبات و تجلیات ربوبیت و اسرار نہانی کی سیر و سیاحت کرے اسیواسطے ظاہر سفر سے سفر باطن اشرف و افضل و اعلیٰ ہے۔ پس ہر وقت سالک سفر باطن میں محو اور مستغرق رہے اور سالک پر واجب ہے کہ اپنے نفس کا متفحص رہے کہ آیا اُسمیں کچھ حبِ خلق باقی ہے پھر جب اسکو جان جاوے تو از سرِ نو توبہ کرے اور جانے کہ یہ میرا بُت ہے اس واسطے کہ جو تجھ کو خدا سے باز رکھے وہ فی الواقع تیرا بُت ہے پھر کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ لَا اِلٰہ سے ارادہ کرے کہ میں نے فلاں چیز کی محبت کو نفی کر دیا اور اِلَّا اللّٰہ کی ضرب سے قصد کرے کہ اللہ کی محبت میں نے اُسکے مقام پر ثابت کر دی اور وجہ اسکی یہ ہے کہ غیر خدا کی محبت کی رگیں اُسکے دل کے اندر بہت چھپی ہوئی ہیں اُن کا نکالنا ممکن نہیں۔ مگر کمال تفحص اور تلاش سے اور سالک پر واجب ہے کہ تلاش کرے کہ آیا دل میں کسی کا حسد کینہ یا اعتراض موجود ہے اگر معلوم ہو تو اسکو اس کلمہ کی مداومت

Marfat.com

سے دُور کرے[1]۔ پس سالک کے حق میں ایسا سفر کرنا فرض و واجب ہے۔

(۴) **خلوت در انجمن**: اسکا مطلب یہ ہے کہ دل سے خدا کے ساتھ مشغول رہے اپنے جمیع حالات میں پڑھنے میں اور کلام کرنے میں، اور کھانے اور پینے اور چلنے میں۔ پس سالک کو واجب ہے کہ خدا کی طرف متوجہ رہنے کا ملکہ یعنی قوت راسخہ بہم پہنچائے۔

(۵) **یاد کرد**: اے عزیز طالب اللہ! یاد کرو۔ ذِکر کرنے کو کہتے ہیں۔ خواہ ذکرِ لسانی ہو یا ذکرِ قلبی۔ نفی اثبات ہو یا صرف اثبات ہیں۔ پس سالک کو چاہیئے کہ جس طرح مرشد و مربّی روحانی سے تلقین و تعلیم پادے تو پھر بعد ازاں بہر وقت اس کی یادداشت میں محبّتِ دِلی سے بیدار اور ہوشیار رہے۔ یہاں تک کہ حق جل شانہٗ کی حضوری حاصل ہو جاوے۔

(۶) **بازگشت**: اور بازگشت اسکو کہتے ہیں کہ جب ذاکر خیال و تصوّر سے نفی اثبات کو طاق طاق یعنی پندرہ یا اکیس مرتبہ کہے تو اُسکے بعد زبان دل سے مناجات کرے کہ خداوندا مقصودِ من توئی و رضائے تو مرا محبت و معرفت خود بدہ یعنی اے خدا مقصود میرا تو ہی ہے اور رضا تیری مجھکو اپنی محبت و معرفت دے تاکہ طالب سرور اور کیفیات جو نفی و اثبات میں حاصل ہوتی ہیں اُسمیں نہ پھنسے اور اُسکو مقصود نہ سمجھے۔

(۷) **نگہداشت**: عبارت ہے خطرات (یعنی وساوسِ شیطانی اور رغبت معصیت) اور احادیث نفس (لہو و لعب بیہودہ ہزل گوئی) کو ہانکنے اور دُور کرنے سے تو سالک کو لائق ہے کہ بہر وقت بیدار اور ہوشیار رہے کسی خیال اور خطرے

---

[1] حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا جس نے اللہ کی محبت کا خالص مزہ چکھا تو اُس نے اسکو طلب دنیا سے باز رکھا اور سب لوگوں سے اسکو وحشی کر دیا۔

Marfat.com

کو اپنے دل میں نہ چھوڑے یعنی دل کو صاف دستھرا رکھے اور چاہیئے کہ خطرے کو ابتدائے ظہور میں روک دے۔ اسواسطے کہ جب ظاہر ہو چکے گا تو نفس اسکی طرف مائل ہو جاویگا اور وہ نفس میں اثر کریگا۔ پھر اُسکا دُور کرنا مشکل ہوگا۔ پس نگہداشت طریقہ ہے حاصل کرنے خلوت خانۂ ذہن کا خطرات اور وساوس کے خطور کرنے سے۔ چنانچہ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ خطرے کو ساعت دو ساعت بھی دل میں نہ رکھنا چاہیئے۔ بزرگوں کے نزدیک یہ امر اہم ہے اور اولیائے کاملین کو یہ دولت تا زمانِ دراز حاصل رہتی ہے۔

(۸) یادداشت: اس سے مراد یہ ہے کہ سالک کی توجہ صرف جو خالی ہے الفاظ اور تخیلات سے واجب الوجود کی حقیقت کی طرف یعنی طالب اللہ ایسی توجہ خاص حق سبحانہٗ تعالیٰ کی حقیقت اصلی کی طرف باطن میں لگائے رکھے جو کہ تخیلات اور الفاظ سے نہ ہو تاکہ اللہ تعالیٰ سے دوام آگاہی بوجہ ذوق و شوق و محبتِ دلی حاصل ہو جائے گویا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ کو نگاہ میں رکھے پس اسواسطے سالک کو دوام واجب ہے۔ تاکہ منزل یادداشت میں استغراق رہے اور حق بات یہ ہے کہ ایسا متوجہ رہنا باستقامت حاصل نہیں ہوتا مگر فنائے اتم اور بقائے کامل کے بعد واللہ اعلم خلاصہ یہ کہ یادداشت ذات مقدس کے دھیان کا نام ہے جو بلا ذریعہ الفاظ اور تخیلات کے ہو۔ دولت منتہیانِ ولایت کو البتہ حاصل ہوتی ہے۔

(۹) وقوف زمانی: اس سے مراد یہ ہے کہ سالک کو ہر وقت اپنے حال کا واقف رہنا چاہیئے اور سالک کا معاملہ وقوفِ زمانی پر موقوف ہے اسکی تفسیر ہوش در دم کے ذیل میں آ چکی ہے یعنی بعد ہر ساعت کے تامل کرنا کہ غفلت آئی یا نہیں، درصورت غفلت استغفار کرنا اور آئندہ کو اُسکے ترک پر کمر ہمت باندھنا۔

Marfat.com

(۱۰) وقوف عددی: اس سے مراد رعایتِ عدد طاق کی ذکر میں ہے نفی اثبات کے تو سالک کو چاہیئے کہ ذکر نفی اثبات میں رعایت عددی طاق پر موقوف کرے تاکہ منزل طریقت تمام سرانجام ہو۔

(۱۱) وقوفِ قلبی: عبارت ہے توجہ کرنے سے اُس قلب کی طرف جو بائیں طرف چھاتی کے نیچے موضوع ہے۔ اور حکمت اس توجہ کی دلیسی ہے جیسے ضربات کی رعایت میں حکمت ہے مشائخ قادریہ کے نزدیک یعنی تا اپنے غیر کے سوا توجہ نہ باقی رہے۔ اور خطرات بیرونی کا دلمیں دخل نہ ہونا۔ بتدریج خدا ہی میں توجہ منحصر ہو جاوے۔ چنانچہ توجہ دلی اس طرح پر ہو کہ اُس پر واقف ہے اثنائے ذکر میں اور دل کو ذکرِ حق سے مشغول کرے اور اُسکو ذکر اور اس کے مفہوم سے مہمل اور بیکار نہ چھوڑے۔ خواجہ نقشبند قدس سرہٗ العزیز نے حبسِ نفس اور رعایت عدد کو ذکر میں لازم نہیں فرمایا اور وقوف قلبی تو اُن کے نزدیک اثنائے ذکر میں لازم ہے چنانچہ رابطۂ مرشد اور مراقبات لازم ہیں بلکہ مقصود ذکر سے دفع غفلت ہے اور یہ حاصل نہیں ہوتا بدونِ وقوف قلبی کے اور کیا خوب کسی نے کہا ہے۔ شعر

عَلٰی بَیْضِ قَلْبِكَ كُنْ كَاَنَّكَ طَائِرٌ
فَمِنْ ذٰلِكَ الْاَحْوَالُ فِیْكَ تَوَلَّدُ

یعنی اپنے دل کے انڈے پر پرندے کی طرح ہو جا۔ اسواسطے کہ اس کے لزوم سے تجھ میں حالات عجیبہ پیدا ہوں گے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

Marfat.com

تصفیۂ قلب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قلب کی صفائی اور باطن کی درستی کی ضرورت عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی اَجْسَامِکُمْ وَلَا اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ رواہ المسلم۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شبہ حق تعالیٰ نہیں دیکھتے یعنی توجہ نہیں کرتے فقط تمہارے جسموں کی طرف اور نہیں دیکھتے فقط تمہاری صورتوں کی طرف۔ ولیکن دیکھتے ہیں تمہارے دلوں کیطرف مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے اعمال کو قبول نہیں کرتے جو فقط ظاہر ہی میں اچھے معلوم ہوتے ہوں اور اخلاص اور توجہ قلبی سے خالی ہوں مثلاً کوئی عبادت کرے اور بظاہر تو عبادت میں مشغول ہو مگر دل میں غفلت چھا رہی ہے اور دل میں تمیز نہیں ہوتی کہ خدا کے سامنے کھڑا ہے یا کوئی اور کام کر رہا ہے تو ایسے اعمال مقبول نہیں ہوتے اور یہ غرض نہیں ہے کہ ظاہری اعمال کا بالکل اعتبار ہی نہیں بلکہ اعتبار ہے لیکن اس شرط سے کہ توجہ اور اخلاص قلبی بھی اُس کے ساتھ ہو جیسا کہ حدیث و قرآن سے ثابت ہے کیونکہ قلب خاص محل نظر الٰہی ہے اور جس طرح اسکو ظاہری طبی تشریح میں سلطان البدن ہونے کا شرف حاصل ہے اُسی طرح روحانی اور باطنی تشریح میں بھی ملک الجوارح ہونیکا فخر میسر ہے۔ جب تک اسکی حالت درست نہ ہوگی کوئی صورت فلاح

Marfat.com

اور نجات کی حاصل نہیں ہو سکتی۔ مثلاً کوئی ظاہر میں مسلمان ہو دل سے نہو تو اُسکے اسلام کا خداوند کریم کے نزدیک کچھ بھی اعتبار نہیں اور علیٰ ہذا القیاس کوئی محض دکھانے یا ایسی ہی اور کسی غرض فاسد کے لئے نماز صدقہ وغیرہ عبادت کرے تو وہ کسی درجہ میں بھی شمار نہیں۔ پس معلوم ہوا کہ فلاحیتِ دارین اور مقبول عند اللہ تعالیٰ کا مدار اصلاحِ قلب پر ہے۔ لوگوں نے آجکل اس میں بہت بڑی کوتاہی کر رکھی ہے فقط ظاہری اعمال تو کچھہ تھوڑے بہت کرتے بھی ہیں اور انکا علم بھی حاصل کرتے ہیں مگر باطنی اصلاح اور قلب کی درستی و اصلاح کی کچھہ بھی فکر نہیں گویا کہ یوں خیال کرتے ہیں کہ اصلاحِ باطن اور ریا حقد و حسد وغیرہ کا علاج اور اس سے محفوظ ہونا کچھہ ضروری نہیں۔ صرف ظاہری اعمال کو واجب سمجھتے ہیں۔ اور ان کو نجات کے لئے کافی خیال کرتے ہیں۔ حالانکہ اصلی مقصود اصلاح قلب ہے جیسا کہ اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے۔ اور اعمالِ ظاہری ذریعہ ہیں قلب کے درست ہونے کا اور ظاہر اور باطن میں کچھہ ایسا قدرتی علاقہ ہے کہ بغیر ظاہری حالت درست کئے ہوئے باطنی حالت درست نہیں ہوتی اور جب تک ظاہری اعمال پر دوام نہ ہو اصلاحِ باطنی دائم نہیں رہتی اور جب باطنی حالت درست ہو جاتی ہے تو ظاہری اعمال خوب اچھی طرح ادا ہوتے ہیں اور یہاں سے کوئی بے عقل یہ شبہ نہ کرے کہ ظاہری اعمال کی فقط اسوقت حاجت ہے جب تک کہ قلب کی حالت درست نہیں ہوتی اور جب قلب درست ہو گیا تو پھر ظاہری اعمال کی کچھ حاجت نہیں خواہ کریں یا نہ کریں۔ اسلئے یہ عقیدہ کفر ہے اور

Marfat.com

وجہ اسکے باطل ہونیکی یہ ہے کہ جب قلب درست ہوگا تو وہ حتی المقدور ہر وقت اطاعت الٰہی میں مصروف رہیگا اور یہی علامت ہے اُسکے درست ہونیکی۔ کیونکہ مقصود اصلاح قلب سے یہی ہے کہ اطاعتِ الٰہی ہو اور اسکا شکر کیا جاوے اور پروردگار کی نافرمانی اور ناشکری نہ ہو۔ اور نماز روزہ وغیرہ کا طاعتِ الٰہی میں داخل ہونا صاف ظاہر ہے تو جب یہ طاعات چھوڑ دی گئیں تو پھر قلب کہاں درست رہا۔ اگر درست رہتا تو شب روز مثل اولیاء کرام اور انبیاء علیہم السلام کے طاعت الٰہی میں ضرور مصروف رہتا۔ کیا نعوذ باللہ کسی بے عقل اور احمق کو یہ وسوسہ ہو سکتا ہے کہ کسی کا قلب جناب سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک سے بھی زیادہ صاف اور صالح ہے جسکو عبادتِ ظاہر کی حاجت نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تو باوجود اکمل الکاملین اور افضل المرسلین ہونے کے اسقدر ظاہری اعمال میں مصروف ہوتے تھے جس سے دیکھنے والوں کو بھی رحم آتا تھا اور تاحیات یہی حالت رہی اور آپکی یہ کیفیت حدیث کی کتابوں میں خوب اچھی طرح مذکور اور مشہور ہے۔ لہٰذا مسلمانو! خوب سمجھ لو کہ جسطرح اعمالِ ظاہریہ مثل صوم وصلوٰۃ وغیرہ کا ادا کرنا اور اُنکے ادا کرنیکا جاننا واجب ہے اسیطرح اعمال باطنیہ جیسے صوم وصلوٰۃ وغیرہ کا ریا و نمود وغیرہ سے محفوظ رکھنا یا کینہ حسد و غضب وغیرہ سے قلب کو صاف رکھنا اور ان اعمال کے ادا کرنے کا طریقہ جاننا بھی واجب ہے۔ جن میں بعض اعمال تو محض قلب سے تعلق رکھتے ہیں جیسے گناہ کا قصد کرنا، کینہ یا حسد کرنا اور اخلاص پیدا کرنا اور بعض میں قلب اور دیگر اعضاء بھی شریک ہیں۔ جیسے صوم وصلوٰۃ حج وصدقہ وغیرہ،

Marfat.com

لہٰذا مسلمانوں کو لازم ہے کہ ظاہر و باطن کی کامل طور سے اصلاح کرے کہ یہی ذریعہ نجات کا ہے۔ اور فقط ظاہری اعمال کو بغیر درستی باطن کے نجات کے لئے کافی نہ سمجھے دیکھو اگر کوئی شخص بہت سی نمازیں پڑھے اور نیت یہ ہو کہ لوگ بزرگ سمجھیں اور تعریف کریں تو کیا وہ عذاب سے بچ جائیگا؟ حالانکہ نماز تو ایسی چیز ہے کہ اگر کوئی اسکو باقاعدہ اور اخلاص سے محض اللہ تعالےٰ کے واسطے ادا کرے تو اس عذاب سے بھی بچ جاوے جو ترکِ نماز پر ہوتا ہے اور ثواب بھی حاصل ہو مگر افسوس کہ اس شخص نے بوجہ مرض ریا اور حب ثنار کے اس نماز کو برباد کر دیا۔ پس اسکو چاہیئے کہ اپنے ان امراض کا علاج کرے ورنہ عنقریب سخت ہلاکت میں مبتلا ہو جائیگا کیونکہ مرض بڑھتا رہیگا اور علاج ہوگا نہیں ظاہر ہے کہ انجام ہلاکت ہوگا۔

بھائیو! کیا اگر تم بیمار ہو اور تمہارا جسم مریض ہو تو کیا یہ گوارا کروگے کہ مرض میں مبتلا رہو اور باوجود قدرت کے علاج نہ کرو یہانتک کہ وہ مرض تمکو ہلاک کر دے ہرگز نہیں گوارا کر سکتے۔ حالانکہ اس مرض سے جو تکلیف ہوگی جسمانی ہوگی اور پھر وہ بھی چند روزہ دنیا ہی میں ہے پس جب یہ بھی گوارا نہیں تو روحانی امراض میں مبتلا رہنا جسکی وجہ سے ایسی جگہ تکلیف ہو جہاں ہمیشہ رہنا ہے۔ گوارا کرنا عقل سلیم کے بالکل خلاف ہے۔ لہٰذا ہر انسان کو لازم ہے کہ جسم و قلب و ظاہر و باطن کی خوب اصلاح کرے اور عقل سلیم سے کام لیکر فلاحیتِ دارین کو اپنا قبلۂ مقصود سمجھے۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

Marfat.com

کیا وہ دنیا جسمیں ہو کوشش نہ دیں کیواسطے ٭ واسطے واں کے بھی کچھ یا سب نہیں کیواسطے

حدیث میں ہے: عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ مَرْفُوْعًا فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ اَلَا وَاِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ (متفق علیہ) یعنی فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خبردار ہو اس بات سے کہ بدن میں ایک جزو (اور وہ ایک بوٹی) ہی جب وہ درست ہوتا ہے تو تمام بدن درست ہوتا ہے اور جب وہ جزو فاسد ہو جاتا ہے تو تمام بدن فاسد اور خراب ہو جاتا ہے اور آگاہ رہو کہ وہ جزو دل ہے۔ اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ اعضاء کی درستی اور اطاعتِ خداوندی کا بجالانا موقوف ہے قلب کی درستی پر کیونکہ قلب سلطان البدن ہے، اور رعیت کی اصلاح موقوف ہوتی ہے سلطان کے صالح ہونے پر۔ سو اعضاء نیک کام جب ہی کرینگے جبکہ قلب صالح ہو۔ لہٰذا اصلاحِ قلب میں کوشش کرنا واجب قرار پایا اس طور کہ طاعتِ خداوندی واجب ہے۔ خواہ اطاعت فقط قلب سے تعلق رکھتی ہو یا اسمیں قلب کیساتھ اعضاء جوارح کا بھی دخل ہو اور اطاعت کا صحیح اور مقبول ہونا موقوف ہے صلاحیتِ قلب پر۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اصلاح قلب واجب ہے خوب سمجھ لو دیکھئے شریعت نے ایسی حالت میں جبکہ انسان کو بھوک کی خواہش ہو اور اس حالت میں نماز پڑھنے سے طبیعت پریشان ہو تو حکم دیا ہے ایسی حالت میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ بلکہ پہلے کھانا کھا لو پھر نماز پڑھو بشرطیکہ نماز کا وقت فوت نہ ہو جائے تو اسمیں حکمت یہ ہے کہ مقصود عبادات سے

Marfat.com

حق تعالیٰ کے سامنے حاضری اور اظہارِ عبدیت ہے اس طرح کہ ظاہر و باطن اسکے کام میں مشغول ہوں اور غیر اللہ کی طرف حتی الامکان توجہ نہ رہے اور جب بھوک لگی ہو تو گو ظاہر بدن نماز میں مشغول ہوگا لیکن قلب پریشان ہوگا اور یہی دل چاہے گا کہ جلدی سے نماز سے فارغ ہو جاویں تاکہ جلد کھانا مل جاوے پس حق تعالیٰ کے سامنے جس طرح حاضری چاہیئے تھی اسمیں بہت بڑا خلل واقع ہوگا۔ اسواسطے ایسی حالت میں نماز کو مکروہ کہا گیا۔ پس معلوم ہوا کہ اصل محلِ نظر خداوندی قلب ہے اور شریعتِ مقدسہ میں اسکی اصلاح کا بہت بڑا انتظام کیا گیا ہے۔ بزرگانِ دین نے اصلاح قلب کے لئے برسوں مجاہدے اور ریاضتیں کی ہیں۔ اس مختصر رسالہ میں بوجہ خوفِ طوالت زیادہ مضمون نہیں لکھا گیا، ورنہ کتابیں کی کتابیں اس فن کی موجود ہیں۔ خوب سمجھ لو ؎

ما نصیحت بجائے خود کردیم روزگارے دریں بسر بردیم
گر نیاید بگوش رغبت کس بر رسولاں بلاغ باشد و بس

محاسبۂ نفس

پابندی کے ساتھ تھوڑا سا وقت صبح کو اور تھوڑا سا وقت شام کو یا سوتے وقت مقرر کرلو۔ اس وقت میں اکیلے بیٹھکر اور اپنے دل کو جہاں تک ہوسکے سارے خیالوں سے خالی کرکے اپنے جی سے یوں باتیں کیا کرو اور نفس سے یوں کہا کرو کہ اے نفس خوب سمجھ لے کہ تیری مثال دنیا میں ایک سوداگر کی سی ہے پونجی تیری عمر ہے اور نفع اسکا یہ ہے کہ ہمیشہ کی بھلائی

Marfat.com

یعنی آخرت کی نجات حاصل کرے اور یہ دولت حاصل کرلی تو سوداگری میں نفع ہوا، اور اگر اس عمر کو یونہی کھو دیا اور بھلائی اور نجات حاصل نہ کی تو اس سوداگری میں بڑا ٹوٹا اٹھایا کہ پونجی بھی گئی اور نفع نصیب نہ ہوا۔ اور یہ پونجی ایسی قیمتی ہے کہ اسکی ایک ایک گھڑی بلکہ ایک ایک سانس بے انتہا قیمت رکھتا ہے اور کوئی خزانہ کتنا ہی بڑا ہو اسکی برابری نہیں کرسکتا، کیونکہ اوّل تو خزانہ اگر جاتا رہے تو کوشش سے اسکی جگہ دوسرا خزانہ مل سکتا ہے۔ اور یہ عمر جتنی گذر جاتی ہے اسکا ایک پل بھی لوٹ کر نہیں آسکتا، نہ دوسری عمر آسکتی ہے۔ دوسرے یہ کہ اس عمر سے کتنی بڑی دولت کما سکتے ہیں یعنی ہمیشہ کے لئے بہشت اور خدا تعالیٰ کی خوشی اور دیدار اتنی بڑی دولت کسی خزانہ سے کوئی نہیں کما سکتا۔ اسواسطے خود سمجھو کہ یہ پونجی بہت ہی قدر اور قیمت کی ہوئی۔ اے نفس، اللہ تعالیٰ کا احسان مان کہ ابھی تیری موت نہیں آئی جس سے یہ عمر ختم ہوجاتی۔ خدا تعالیٰ نے آج کا دن زندگی کا اور نکال دیا ہے۔ اور اگر تو مرنے لگے تو ہزاروں دل وجان سے آواز کرے کہ مجھ کو ایک دن کی اور عمر ملجاوے تو اس ایک دن میں سارے گناہوں سے سچی اور پکی توبہ کرلوں اور پکا وعدہ اللہ تعالیٰ سے کرلوں کہ پھر ان گناہوں کے پاس نہ پھٹکوں گا اور وہ سارا دن خدا تعالیٰ کی یاد اور تابعداری میں گذاردوں۔ جب مرنے کے وقت تیرا یہ حال اور یہ خیال ہوتا تو اپنے دل میں تو یوں ہی سمجھ لے، کہ گویا میری موت کا وقت آگیا تھا، اور میرے مانگنے سے اللہ تعالےٰ نے یہ دن اور دیدیا ہے، اور اس دن کے بعد معلوم نہیں اور دن نصیب ہوگا یا نہیں۔ سو اس دن کو تو اسی طرح گزارنا چاہیئے جیساکہ

Marfat.com

عمر کا اخیر دن معلوم ہو جاتا اور اسکا گذارنا۔ یعنی سب گناہوں سے پکی توبہ کرے اور اس دن میں کوئی چھوٹی یا بڑی نافرمانی نہ کرے اور تمام دن اللہ تعالیٰ کے دھیان اور اسکے خوف میں گذار دے اور کوئی حکم خدا کا نہ چھوڑے۔ جب وہ سارا دن اسی طرح گذر جائے پھر اگلے دن یونہی سوچے کہ شاید عمر کا یہی ایک دن باقی رہا ہو اور اے نفس اس دھوکہ میں نہ آنا کہ اللہ تعالیٰ معاف کر دینگے۔ کیونکہ اوّل تو تجھکو معلوم کیسے ہوا کہ معاف ہی کر دینگے اور سزا نہ دیں گے بھلا اگر سزا ہونے لگے تو اسوقت کیا کریگا اور اسوقت کتنا پچھتاپا پڑیگا اور اگر ہم نے مانا کہ معاف ہی ہو گیا تب تو نیک کام کرنے والوں کو جو انعام اور مرتبہ ملیگا وہ تجھکو نصیب نہ ہوگا۔ پھر جب تو اپنی آنکھ سے اوروں کو ملتا اور اپنا محروم ہونا دیکھے گا تو کس قدر حسرت اور افسوس ہوگا۔ اس پر اگر نفس سوال کرے کہ بتلاؤ! پھر میں کیا کروں اور کس طرح کوشش کروں تو تم اُسکو جواب دو کہ تو یہ کام کر کہ جو چیز تجھ سے مر کر چھوٹنے والی ہے یعنی (دُنیا اور بُری عادتیں) تو اسکو ابھی چھوڑ دے اور جس سے تجھ کو سابقہ پڑنے والا ہے اور بدون اُسکے تیرا گذر نہیں ہو سکتا یعنی (اللہ تعالیٰ اور اسکو راضی کرنے کی باتیں) اُسکو ابھی سے لے بیٹھ اور اُسکی یاد اور تابعداری میں لگ جا۔ اور اپنے نفس سے کہو کہ اے نفس تیری مثال بیمار کی سی ہے اور بیمار کو پرہیز کرنا پڑتا ہے۔ اور گناہ کرنا بد پرہیزی ہے اسواسطے اس سے پرہیز کرنا ضروری ہوا اور یہ پرہیز اللہ تعالیٰ نے ساری عمر کے لئے بتلا رکھا ہے۔ بھلا سوچ تو سہی اگر دنیا کا کوئی ادنیٰ سا حکیم کسی سخت بیماری میں تجھکو یہ بتلا دے کہ فلانی مزیدار چیز کھانے سے جب بھی

Marfat.com

کھائیگا، اس بیماری کو سخت نقصان پہنچیگا اور تو سخت تکلیف میں مبتلا ہو جائیگا اور فلانی کڑوی بدمزہ چیز کھاتے رہو گے تو اچھے رہو گے اور تکلیف کم رہیگی۔ تو یقینی بات ہے کہ اپنی جان جو پیاری ہے اسلئے اُس حکیم کے کہنے سے کیسی ہی مزیدار چیز ہو اسکو ساری عمر کے لئے چھوڑ دیگا اور دوا کیسی ہی بدمزہ اور ناگوار ہو آنکھ بند کر کے روز کے روز نگل جایا کریگا۔ تو ہم نے مانا کہ گناہ بڑے مزیدار ہیں اور نیک کام بہت ناگوار ہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ نے ان مزیدار چیزوں کا نقصان بتایا ہے اور ناگوار کاموں کو فائدہ مند فرمایا ہے پھر نقصان اور فائدہ بھی کیسا ہمیشہ ہمیشہ کا جس کا نام دوزخ اور جنت ہے تو اے نفس تعجب اور افسوس کی بات ہے کہ جان کی محبت میں تو اللہ تعالیٰ کے کہنے پر دل کو نہ جمائے اور گناہوں کو چھوڑنے کی ہمت نہ کرے اور نیک کاموں سے پھر بھی جی چُرائے تو کیسا مسلمان ہے۔ توبہ توبہ اللہ تعالیٰ کے فرمانے کو ایک چھوٹے سے حکیم کے کہنے کے برابر بھی نہ سمجھے اور کیسا بے عقل ہے کہ جنت کے ہمیشہ ہمیشہ آرام کی دنیا کے تھوڑے دنوں کے آرام کے برابر بھی قدر نہ کرے اور دوزخ کی اتنی سخت اور دراز تکلیف سے دنیا کی تھوڑے دنوں کی تکلیف کے برابر بھی بچنے کی کوشش نہ کرے، اور نفس سے یوں کہو کہ اے نفس دنیا سفر کا مقام ہے اور سفر میں ہرگز پورا آرام میسر نہیں ہوا کرتا۔ طرح طرح کی تکلیفیں جھیلنی پڑتی ہیں۔ مگر مسافر اسلئے ان تکلیفوں کو سہار کر لیتا ہے کہ گھر پہنچکر آرام مل جائیگا۔ مگر ان تکلیفوں سے گھبرا کر کسی سرائے میں

Marfat.com

ٹھہر کر اسکو اپنا گھر بنائے اور سامان آرائش کا وہاں جمع کرے تو ساری عمر بھی گھر پہنچنا نصیب نہ ہو۔ اسی طرح دنیا میں جب تک رہنا ہے، محنت مشقت کی سہار کرنا چاہیئے۔ عبادت میں بھی محنت ہے اور گناہوں کے چھوڑنے میں بھی مشقت ہے۔ اور بھی طرح طرح کی مصیبت ہے لیکن آخرت ہمارا گھر ہے وہاں پہنچکر سب مصیبت کٹ جائے گی۔ یہاں کی ساری محنت مشقت کو جھیلنا چاہیئے۔ اگر یہاں آرام ڈھونڈو تو گھر جاکر آرام کا سامان ملنا مشکل ہے۔ بس یہ سمجھ کر کبھی دنیا کی راحت اور لذت کی ہوس نہ کرنا چاہیئے اور آخرت کی درستی کے لئے طرح طرح کی محنت کو خوشی سے اُٹھانا چاہیئے۔ غرض ایسی باتیں نفس سے کرکے اسکو راہ پر لگانا چاہیئے اور روزمرہ اسی طرح سمجھانا چاہیئے اور یاد رکھو کہ اگر تم خود اس طرح اپنی بھلائی اور درستی کی کوشش نہ کروگے تو اور کون آئیگا جو تمہاری خیرخواہی کریگا۔ اب تم جانو اور تمہارا کام جانے۔

موت کی یاد کثرت سے کیا کرو

فرمایا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کثرت سے موت کو یاد کیا کرو۔ اسلئے کہ وہ یعنی موت کا یاد کرنا گناہوں کو دُور کرتا ہے اور دنیائے مذموم اور غیر مطلوب اور فضول سے بیزار کرتا ہے یعنی جب انسان موت کو بکثرت یاد کریگا تو دنیا میں جی نہیں لگیگا اور طبیعت دنیا کے سامان سے نفرت کریگی اور زاہد ہو جاویگا اور آخرت کی طلب اور وہاں کی نعمتوں

Marfat.com

کی خواہش اور وہاں کے عذاب دردناک کا خوف ہوگا۔ پس ضرور ہے کہ نیک اعمال میں ترقی کریگا اور معاصی سے بچیگا اور تمام نیکیوں کی جڑ زہد ہے۔ یعنی دنیا سے بیزار ہونا۔ جبتک دنیا اور اُسکی زینت سے علاقہ نہ ترک ہوگا پوری توجہ اللہ کی طرف نہیں ہوسکتی اور اُمور ضروریہ دنیاویہ جو موقوف علیہا ہیں عبادت کے وہ مطلوب ہیں اور دین میں داخل ہیں۔ لہٰذا اس مذمت سے وہ خارج ہیں بلکہ جس دنیا کی مذمت کی جاتی ہے، اُس سے وہ چیزیں مراد ہیں جو حق تعالےٰ سے غافل کریں گو کسی درجہ میں سہی جس درجہ کی غفلت ہوگی اُسی درجہ کی مذمت ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ موت کی یاد اور اسکا دھیان رکھنا اور اِس نازک اور عظیم الشان سفر کے لئے توشہ تیار کرنا ہر عاقل پر لازم ہے۔

حدیث میں ہے میں نے تمکو منع کیا تھا قبروں کی زیارت سے پس اب ان کی زیارت کیا کرو۔ اس لئے کہ وہ زیارت بے رغبت کرتی ہے دنیا سے اور یاد دلاتی ہے آخرت کو۔ زیارتِ قبور سنت ہے اور خاصکر جمعہ کے روز مگر قبر کا طواف کرنا بوسہ لینا منع ہے۔ خواہ کسی نبی کی قبر ہو یا ولی کی ہو۔ اور قبروں پر جاکر اوّل سلام کرے اور قبلہ کیطرف پشت کرکے اور میت کی جانب منہ کرکے قرآن مجید پڑھکر اہلِ قبور کو بخشدے جسقدر ہوسکے۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا بِھِدَایَۃِ الْقُرْاٰنِ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِحُرْمَۃِ الْقُرْاٰنِ وَیَسِّرْ عَلَیْنَا اُمُوْرَنَا اُمُوْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ بِالْقُرْاٰنِ الْکَرِیْمِ وَحَصِّلْ مَقَاصِدَنَا وَاقْضِ جَمِیْعَ حَاجَاتِنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

Marfat.com

آداب الشیخ والمرید

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہے اِنَّ اللّٰہَ اَدَّبَنِیْ فَاَحْسَنَ اَدَبِیْ یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے ادب سکھایا اور تعلیم دی۔ الغرض اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سالک کے لئے مؤدِب کی سخت ضرورت ہے، اور اسی کا نام اصطلاح میں معلّم اور شیخ ہے، اور نیز شیخ کے ذمہ واجب ہے کہ وہ اپنے مرتبہ (تادیب وتعلیم) کا حق پورا ادا کرے، اور مُرید کے ذمہ واجب ہے کہ طریق کا حق ادا کرے۔

شیخ کے لئے لازم ہے کہ مرید کو ہر لغزش پر جو اُس سے صادر ہو تنبیہ و زجر و توبیخ کرے اور عفو یعنی عدم مواخذہ سے کام نہ لے اور تمام شیخوخت کی جگہ پر اُسوقت تک نہ بیٹھے جب تک اسکو کوئی شیخ اس جگہ پر خود نہ بٹھائے یا پھر حق تبارک وتعالیٰ خود اس پر الہام فرما دیں اور جب کسی معاملہ میں کلام کرے اور اس کے مقابلہ میں کوئی جھگڑنے والا کھڑا ہو جائے تو اپنے کلام کو قطع کر دے کیونکہ منازعت مناسب نہیں اور شیخ کے لئے لازم ہے کہ اذکار اور خلوت مع اللہ کے لئے کوئی وقت مقرر رکھے۔

مرید کو چاہیئے کہ پیر کا خوب ادب رکھے اور جو تعلیم وتلقین ذکر کی پیر اُسکو بتلاوے اُسکا پابند رہے اور اُسکی نسبت یوں اعتقاد رکھے کہ جو فائدہ مجھ کو اپنے پیر سے پہنچ سکتا ہے وہ اس زمانہ کے کسی اور بزرگ سے نہیں پہنچ سکتا۔ پیر کو یوں سمجھنا گناہ ہے کہ اسکو ہر وقت ہمارا سب حال معلوم ہے۔

Marfat.com

طالب کو چاہیئے کہ ہر وقت باوضو رہے اور کم کھانے کم سونے اور کم کلام کرنے کی عادت ڈالے۔ شیخ اگر دینی اُمور میں کچھ حکم کرے تو اسکو ترک نہ کرے۔ شیخ کی اگر خدمت مالی کرے تو اسکا اظہار نہ کرے اور اس بات کی طمع یا مطالبہ نہ کرے کہ شیخ مجھ کو کچھ دیوے۔ اور اپنا احسان شیخ پر نہ جتائے بلکہ اسکا احسان مانے کہ اس نے میری چیز کو قبول کیا اور رد نہیں کیا۔ اور شیخ کے حضور میں لوگوں کی باتوں کی طرف متوجہ نہ ہو اور شیخ اگر کسی کی تعظیم کو اُٹھے تو مرید کو بھی چاہیئے کہ شیخ کی پیروی کرے اور شیخ سے جب کلام کرے تو نرمی اختیار کرے۔ بلند آواز سے نہ بولے اور شیخ کے روبرو قہقہہ نہ لگائے اور شیخ کے متعلق بداعتقادی کو اپنے سینے میں نہ آنے دے اگر کوئی وسوسہ آئے تو استغفار کرے۔ شیخ کے قرابت داروں اور عزیزوں سے صلہ رحمی رکھے اور جو کچھ واقعہ سامنے آئے شیخ سے بیان کرے شیخ کے فرمان کو ہرگز رد نہ کرے اگر ممکن نہ ہو تو عذر کرے اور شیخ کے مریدوں اور طالبوں کی رعایت کرے اور شیخ کی ہر ایک چیز کا ادب واحترام کرے جو کچھ شیخ کرے اس پر حجت نہ کرے اور جو کچھ شیخ حکم کرے اُسکو دلیل سمجھے۔ اگر شیخ اس جہان سے رحلت کر گیا ہو تو اُسکے لئے دعائے مغفرت کرتا رہے۔ شیخ کے روبرو بیہودہ باتیں نہ کرے نہ کسی کے عیب بیان کرے اور شیخ کے روبرو کوئی ایسی بات نہ کرے جس سے وہ ناراض ہو جائے اور جب شیخ اُس پر ناراض ہو تو بُرا نہ مانے۔

Marfat.com

ختم جمیع خواجگان نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم

(۱) سورۂ فاتحہ مبارکہ	ہفت بار	(۷ مرتبہ)
درود شریف	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
سورۂ الم نشرح	ہفتاد و نہ بار	(۷۹ مرتبہ)
سورۂ اخلاص	یک ہزار بار	(۱۰۰۰ مرتبہ)
سورۂ فاتحہ مبارکہ	یک بار	(ایک مرتبہ)
درود شریف	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا شَافِعَ الْاَمْرَاضِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ	یکصد بار	(۱۰۰ مرتبہ)

در اول ہر یک از اسماء شریف در مرتبۂ اول اللّٰھم ضم کند و در اول یا ارحم الراحمین دو مرتبہ اول برحمتک ملحق نماید در باقی دفعات بے زیادت آں دو لفظ خواند و ثواب آں جملہ بارواح جمیع حضرات نقشبندیہ بتفصیل سلسلہ در ترتیب اول خواند و بخشد۔

(۲) ختم حضرت خواجہ محمد فضل علی شاہ صاحبؒ

درود شریف یکصد بار ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ پنج صد بار، درود شریف یکصد بار۔

Marfat.com

(۳) ختم حضرت خواجہ سراج الدین شاہ صاحبؒ

درود شریف یکصد بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پنج صد بار درود شریف یکصد بار

(۴) ختم حضرت خواجہ محمد عثمانؒ صاحب دامانی

درود شریف یکصد بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ پنج صد بار۔ درود شریف یکصد بار۔

(۵) ختم حضرت حاجی دوست محمد صاحبؒ قندھاری

درود شریف یکصد بار رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ پنجصد بار۔ درود شریف یکصد بار۔

(۶) ختم حضرت خواجہ احمد سعید شاہ صاحبؒ

درود شریف یکصد بار یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ یَا رَحِیْمُ پنجصد بار۔ درود شریف یکصد بار۔

(۷) ختم حضرت شاہ عبد اللہ غلام علی صاحبؒ مجدد دہلویؒ

درود شریف یکصد بار یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ پنجصد بار درود شریف یکصد بار

(۸) ختم حبیب اللہ شہید حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں صاحبؒ

درود شریف یکصد بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ پنجصد بار۔ درود شریف یکصد بار

(۹) ختم حضرت خواجہ محمد معصوم صاحبؒ فاروقی

درود شریف یکصد بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پنجصد بار درود شریف یکصد بار

Marfat.com

(۱۰) ختم حضرت شیخ احمد امام ربانی مجدد الف ثانیؒ

درود شریف یکصد بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔ پنجصد بار۔

درود شریف یکصد بار۔

(۱۱) ختم حضرت خواجہ نقشبند صاحبؒ بخاری

درود شریف یکصد بار یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ

پنجصد بار۔ درود شریف یکصد بار

(۱۲) ختم حضرت محبوب سبحانی غوث صمدانی شیخ عبد القادر جیلانیؒ

درود شریف یکصد بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پنجصد بار

درود شریف یکصد بار

(۱۳) ختم حضرت خیر الخلق سید الاولین والآخرین سیدنا و مولانا محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سہ صد سیزدہ بار۔ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

فَاغْفِرْ لِنَا شِدِّھَا وَاغْفِرْ لِقَارِئِھَا

سَاَلْتُکَ الْخَیْرَ یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ

تمت بالخیر

Marfat.com

یا رحمٰن — هُوَاللّٰہُ — یا رحیم

اِلٰہِی نَجِّنَا مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ

بِجَاہِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ

وَھَبْ لَنَا فِی مَدِیْنَتِہٖ قَرَارًا

بِاِیْمَانٍ وَّدَفْنٍ بِالْبَقِیْعِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَدْرِ التَّمَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الظَّلَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِفْتَاحِ دَارِ السَّلَامِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الشَّفِیْعِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَنَامِ

ملنے کا پتہ: سید عبداللہ شاہ خطیب شریفی مسجد دیرجی اسٹریٹ کراچی ۲

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

ادعونی استجب لکم

وقال علیہ السلام الدعاء مخ العبادۃ

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

ادعیہ قسم اول بسبع احزاب

ادعیہ قسم ثانی

مجموعہ دعوات فضلیہ

الاحادیث النبویہ

اسباق سلوک نقشبندیہ مجددیہ

سلسلہ شریفہ

معمولات مختصرہ نصائح ضروریہ

مؤلفہ

عبد الغفور العباسی القریشی النقشبندی

باہتمام سید عبد اللہ شاہ عرف (خان ملا) خطیب شریفی مسجد
ویرجی اسٹریٹ کراچی نمبر ۲
مشہور آفسٹ کیتھو پریس کراچی طبع گردید

Marfat.com